1. مادری زبان/ علاقائی زبان 2. جنرل سائنس 3. انگریزی 4. ریاضی

37. ویدوں کے دور کی تعلیم سے متعلق یہ بیان/ بیانات صحیح ہے/ ہیں

A. مقصد تعلیم موکشا B. اخلاقی تربیت C. بچے کی ہم جہتی نشوونما D. ثقافت کا تحفظ وفروغ

1. A 2. B 3. A, B, C 4. A, B, C, D

KEY جوابات

1	**3**	8	**1**	15	**4**	22	**3**	29	**3**	36	**3**	43	**2**	50	**4**	57	**4**	64	**3**
2	**1**	9	**1**	16	**2**	23	**1**	30	**2**	37	**2**	44	**3**	51	**3**	58	**1**	65	**3**
3	**2**	10	**2**	17	**2**	24	**2**	31	**2**	38	**4**	45	**3**	52	**1**	59	**3**	66	**3**
4	**2**	11	**3**	18	**4**	25	**4**	32	**1**	39	**2**	46	**4**	53	**3**	60	**4**	67	1
5	**1**	12	**2**	19	**2**	26	**3**	33	**1**	40	**4**	47	**4**	54	**3**	61	**2**	68	**1**
6	**3**	13	**3**	20	**1**	27	**4**	34	**2**	41	**2**	48	**1**	55	**4**	62	**4**	69	**3**
7	**1**	14	**1**	21	**3**	28	**1**	35	**3**	42	**4**	49	**4**	56	**2**	63	**3**	70	**4**

Unit-II

تعلیم کے فلسفیانہ ابعاد

Philosophical Dimensions of Education

2.1 تعلیم کے معنی، اغراض ومقاصد:

☆ تعلیم کوانگریزی میں Edudcation کہتے ہیں، اور یہ لاطینی لفظ Educare اور Educere کا مجموعہ ہے۔

☆ Educare کے معنی To Bring Up او پر اٹھانا اور To Nourish تربیت دینے کے ہیں۔

☆ Educere کے معنی To Leadout or Drawout راستہ بتانے کے ہیں۔

☆ اس طرح تعلیم کے معنی اندھیرے سے روشنی کی طرف راستہ بتانے کے ہیں۔

Education: The Art of Teaching or Training کے معنی تدریس اور تربیت کا ہنر ہے۔

Shiksha: Shiksha کے معنی سکھنا، تعلیم دینے کے ہیں۔

Vidya: یہ ایک سنکرت لفظ ہے، اور اس کے معنی یعنی Vid کے معنی Knowledge (معلومات) کے ہیں۔

تعلیم بحوالہ مقدس کتب وہندوستانی مشاہیر

رگ وید (Rigveda) کے مطابق تعلیم انسان کو خوداعتماد اور بے لوث بناتی ہے۔

اپنشد (Upanished) کے مطابق تعلیم منفی جذبات (رجحانات اور اعمال سے) سے چھٹکارا دلاتی ہے۔

بھگوت گیتا (Bhagavadgita) کے مطابق صفحہ ہستی کو خالص بنانے کے لئے تعلیم سے زیادہ بہتر کوئی اور شئی نہیں ہے۔

شنکر آچاریہ (Shankar Acharya) تعلیم خودشناسی ہے۔

کوٹلیا (Kautilya) تعلیم ملک کے لئے تربیت اور قوم کے لئے محبت ہے۔

پنی نی (Panini) کے مطابق انسانی تعلیم کا مطلب وہ ترتیب ہے جو انسان فطرت سے حاصل کرتا ہے۔

ٹیگور (Tagore) کے مطابق دماغ اور ذہن کو اس قابل بنانا کہ وہ سچائی کی تلاش کرے۔

گاندھی جی (Gandhiji): گاندھی جی کے مطابق تعلیم سے مراد بچوں اور افراد کی بہترین جسمانی ذہنی اور روحانی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے۔

ویویکانند (Vivekanand): کے مطابق تعلیم کا مطلب انسانی کردارسازی اور عرفان خداوندی ہے۔

اقبال: تعلیم کا احساس خودی ہے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین: تعلیم انسانی دماغ کی مکمل پرورش کرتی ہے۔

سرسید احمد خاں: تعلیم میں قوم کی ترقی مضمر ہے اور معاشرہ کی بہتری کا ذریعہ ہے۔

تعلیم بحوالہ یوروپی مشاہیر

سقراط (Socrates): تعلیم کا مطلب انسان کی پوشیدہ معقول آفاقی تصورات کو اجاگر کرنا ہے۔

افلاطون (Plato): تعلیم درست موقع ہر کرب اور انبساط کے احساس کی صلاحیت ہے۔ یہ طالب علم کے جسم وروح میں خوبصورتی کو فروغ دیتی ہے اور انتہائی کمال کو پہنچاتی ہے جس کا وہ اہل ہے۔

ارسطو(Aristotle): تعلیم صحت مند جسم میں صحت مند ذہن کی تخلیق کرتی ہے۔ یہ انسانی استعداد بالخصوص دماغی صلاحیتوں کو فروغ دیتی ہے۔

روسو(Rousseau): بچے کی فطری صلاحیتوں، خوبیوں اور قابلیتوں کے فطری ارتقا کا نام تعلیم ہے۔

جان ڈیوی(John Dewey): تعلیم انسان کی ان تمام صلاحیتوں کا فروغ ہے جو اس کو اپنے ماحول پر قابو پانے اور اپنی تمام ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے میں مددگار ثابت ہو۔

ہنرچ پیستا لوزی(Heinrich Pestalozzi): تعلیم انسان کی فطری صلاحیتوں کی بہتر نشو ونما ہے۔

فریڈرچ ولیم فروبل (Freidrich William Froebel): بچے کی اندر کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے کچھ ٹھونسنا نہیں ہے۔

اسپنسر (Herbert Spencer): تعلیم مکمل زندگی ہے۔

ولیم بی اسیٹس (Willaim B.Yeats): تعلیم بالٹی بھرنا نہیں ہے، دیا جلانا (روشنی کرنا) ہے۔

ڈیوڈسن (Devid Son): تعلیم سے مراد شعوری یا ارادی ارتقاء ہے۔

ایف۔ڈبلیو۔پارکر (F.W. Parkar): تعلیم کا مقصد قوت حیات کی بقاء ہے۔

وارڈ (Ward) : تعلیم سے مراد وسیع عالم کی عالمگیر تقسیم ہے۔

ہربارٹ (Harbart) : اخلاقی اقدار، مثالی برتاؤ کو فروغ دینے کا ذریعہ ہی تعلیم ہے۔

ڈیسکارٹ (Descart) : فرد کی قوت سوچ کو فروغ دینا ہی تعلیم ہے۔

تعلیم کے مقاصد (Aims of Education) :

☆ یوں تو عام طور پر تعلیمی مقاصد بہت ہوتے ہیں جو فرد، سماج، سیاسی، معاشی، جمہوری جیسے پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہیں۔

☆ چند تعلیمی مقاصد کا ہم یہاں ذکر کرتے ہیں۔ (عام فہم انداز میں)

1. تعلیم برائے حصول
2. تعلیم سیرت کی تشکیل کے لئے
3. تعلیم برائے پیشہ کے لئے تیاری
4. تعلیم برائے ثقافت ورثہ
5. تعلیم فرصت کے اوقات بہتر انداز میں گذارنے کے لئے
6. تعلیم برائے احساس خودی
7. تعلیم برائے انسانیت سازی
8. تعلیم برائے جمہوریت
9. تعلیم برائے شہریت
10. تعلیم برائے مکمل شخصیت کی تعمیر
11. تعلیم برائے قومی یکجہتی
12. تعلیم برائے بین الاقوامی مفاہمت
13. تعلیم برائے عالمی امن

کوٹھاری کمیشن کے مطابق (1964-66) تعلیمی مقاصد

☆ بچے کو خود مکتفی بنانا۔

☆ سماجی، قومی یکجہتی کا حصول۔

☆ جدید طرز فکر کو اپنانا اور تیز تر بنانا۔

☆ سماجی، اخلاقی، روحانی اقدار کا فروغ۔

قومی تعلیمی پالیسی (NPE-1986) کے مطابق تعلیمی مقاصد :

- ☆ آفاقی تعلیم کا حصول۔
- ☆ سب کے لئے مساوی تعلیمی مواقع فراہم کرنا۔
- ☆ قومی یکجہتی اور بین الاقوامی مفاہمت قائم رکھنا۔
- ☆ سائنٹفک طرز فکر کو ترقی دینا۔
- ☆ جمہوری، سیکولر، سوشلسٹ مقاصد کا حصول۔
- ☆ انسانی وسائل کا موثر استعمال۔
- ☆ تہذیب، تمدن اور ثقافت کا تحفظ واحترام۔
- ☆ آبادی پر کنٹرول۔

قومی درسیاتی خاکہ 2005 (NCF-2005) کے مطابق :

- ☆ اس کمیشن کے صدر ریش پال تھے۔
- ☆ جمہوری اقدار کے تئیں ذمہ دار قبول کرنا۔
- ☆ آزادانہ طور پر سوچتے ہوئے اقدار کے دائرہ کار میں فیصلے لیتے ہوئے آزادانہ کام کرنا۔
- ☆ دوسروں کی بھلائی کے خاطر اوران کے تجربات کے تئیں نرم دلی کا ردّعمل ظاہر کرنا۔
- ☆ سیکھے گئے نکات کا اطلاق نئے مواقع پر تخلیقی نہج میں ظاہر کرنا۔
- ☆ دنیا کی معلومات، علوم کا فہم حاصل کرتے ہوئے اقدار کے تحت ردّعمل ظاہر کرنا۔
- ☆ معلومات کو صرف نصابی کتب تک ہی محدود نہ کرتے ہوئے تشکیل علم کی کوشش کرنا۔
- ☆ باہر کی زندگی کو کمرہ جماعت سے مربوط کرتے ہوئے بچے کی ہمہ گیر شخصیت کو پروان چڑھانا۔

2.2 تعلیم کے افعال اور تعلیم کی قسمیں

(Functions of Education and Types of Education)

تعلیم کے افعال:

I. تعلیم کے عام افعال: تعلیم کا مقصد بچہ کی مکمل شخصیت کی تعمیر ہے تا کہ وہ سماج کا ایک کارآمد شہری بن سکے۔اس کے لیے تعلیم کے مندرجہ ذیل چند عمومی کام یہ ہیں۔

1. جبلی قوتوں کی بالیدگی:

- ☆ ہر بچہ جبلی قوتوں کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔
- ☆ تعلیم کا کام ہے کہ بچوں کی جبلی/ پوشیدہ صلاحیتوں کو ابھارے۔

2. متوازن شخصیت کی تعمیر:

- ☆ بچہ کی شخصیت کے کئی پہلو ہوتے ہیں جیسے جسمانی، ذہنی، روحانی، سماجی اور اخلاقی۔
- ☆ تعلیم کا کام یہ ہے کہ بچہ کی شخصیت کے تمام پہلوؤں کی نشو ونما میں مدد کرے۔

3. بالغ زندگی کی تیاری:

☆ آج کے بچے کل کے شہری ہیں۔ایک اچھے شہری کی خاصیت ہوتی ہے کہ وہ سماجی مسائل کے حل میں دلیرانہ رول ادا کرتا ہے۔

☆ تعلیم اس بات کی تربیت دیتی ہے کہ وہ سماج کے اندر کس طرح کی زندگی گذارے اور مستقبل کی زندگی کو کس طرح درخشاں بنائے۔

4. سماجی شعور کی بیداری:

☆ بچہ ابتدائی عمر میں خودغرض ہوتا ہے۔وہ اپنی ہر خواہش کی تکمیل چاہتا ہے۔

☆ جب اسکول جاتا ہے تب وہ بہت ہی Socialised ہوجاتا ہے۔اس طرح تعلیمی ایجنسی کے ذریعہ ہم بچہ کی خودغرضی کو بے غرضی میں تبدیل کرتے ہیں۔

5. کردارسازی

☆ تعلیم کا اہم کام کردارسازی ہے۔ ☆ اچھے اخلاق و کردار اچھی شہریت کی ترقی میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

6. اچھے شہریوں کی تخلیق:

☆ تعلیم کا ایک کام لائق اور اعلیٰ شہریوں کی تخلیق کرنا ہے۔

7. ثقافت کی حفاظت:

☆ تعلیم کا ایک اہم کام ثقافت کی حفاظت کرنا ہے۔

☆ ہر سماج کی اپنی روایتیں' طور طریقے اور رہن سہن ہوتے ہیں۔جن سے ان کی شناخت ہوتی ہے۔

☆ تعلیم کا فرض ہے کہ اچھی روایتوں' طریقوں اور رہن سہن کی حفاظت کرے۔

8. سماجی اصلاحات اور ترقی کا فروغ:

☆ سماج کے موجودہ حالات سے مفاہمت کر کے زندگی گذارنا نہیں ہے بلکہ موجودہ سماج کو سمجھے اور انسانی فلاح و بہبود کے لئے اس میں تبدیلی لانے کی کوشش کرے۔

☆ تعلیم ہی ایک ایسا واحد ہتھیار ہے جس کی مدد سے سماجی اصلاحات ممکن ہیں۔

☆ تعلیم کے ذریعہ مسائل کو سمجھا جاسکتا ہے اور مستقبل کے لئے نئے اقدار کی تشکیل دی جاسکتی ہے۔

انسانی زندگی میں تعلیم کے افعال:

1. ضروریات کی تسکیل
2. زندگی میں خود مکتفی ہونا
3. پیشہ وارانہ اہلیت کو حاصل کرنا۔
4. ماحول کو اپنانا
5. ماحول کی تبدیلی
6. تجربوں کو از سرنو منظّم کرنا۔

قومی زندگی میں تعلیم کے افعال:

1. قیادت کی تربیت
2. مہارتی ورکرس کی تربیت
3. سماجی اہلیت کا فروغ
4. قومی ترقی کے لئے منصوبہ
5. قومی یکجہتی کا فروغ
6. جذباتی یکجہتی کا فروغ
7. انسانی فطرت سے متعلق بصیرت پیدا کرنا۔
8. قومی نظم کا فروغ

تعلیم کی قسمیں (Types of Education) :

1. باضابطہ تعلیم (Formal Education)
2. بے ضابطہ تعلیم (Informal Education)
3. غیر رسمی تعلیم یا مسلسل تعلیم کا ذریعہ

تقابل

بے ضابطہ تعلیم (Informal Education)	باضابطہ تعلیم (Formal Education)
1. یہ تعلیم بچہ کی پیدائش سے ہی شروع ہوجاتی ہے حالانکہ اس کے لئے کوئی منصوبہ نہیں بنایا جاتا اور نہ کوئی ادارہ اس کے لئے قائم کیا جاتا ہے۔	1. یہ تعلیم ایک منصوبہ کے تحت دی جاتی ہے جو مختلف مقاصد کو سامنے رکھ کر مقررہ وقت اور مقررہ طریقے سے دی جاتی ہے۔
2. یہ تعلیم ہر جگہ اور ہر وقت کسی نہ کسی شکل میں چلتی رہتی ہے۔ گھر' خاندان' پڑوس' ریاست' مذہب' معاشرہ' ریڈیوٹی۔وی' اخبار اور رسالہ' پیر گروپ وغیرہ اس قسم کی تعلیم کا ذریعہ ہیں۔	2. اسکول' کالج' کتب خانے' عجائب گھر اور آرٹ گیلریاں باضابطہ تعلیم کے اہم ذرائع ہیں۔
3. یہاں نہ کوئی نصاب ہوتا ہے اور نہ کوئی اسباق ترتیب دیئے جاتے ہیں۔	3. یہاں سال بھر کے لئے نصاب اور اسباق ترتیب دیئے جاتے ہیں۔
4. بے ضابطہ تعلیم میں یہ احساس نہیں پایا جاتا ہے۔	4. تعلیم دینے اور اس کے حصول کا احساس معلم اور طالب علم دونوں کو ہوتا ہے۔
5. یہاں نہ کوئی انتظامی کمیٹی ہوتی ہے نہ کوئی منظّم جماعت۔	5. یہ نظام' حکومت یا انتظامی کمیٹی کے ذریعہ چلایا جاتا ہے۔
6. یہاں نہ کوئی نگرانی ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی معائنہ ہوتا ہے۔	6. حکومت کی جانب سے نگرانی ومعائنہ بھی کیا جاتا ہے۔
7. یہاں کوئی جانچ نہیں کی جاتی ہے اور نہ کوئی ترقی رپورٹ کے ذریعہ سرپرست کو مسلسل آگاہ کیا جاتا ہے۔	7. تعلیم کے ساتھ ساتھ مسلسل جانچ کی جاتی ہے اور ترقی رپورٹ کے ذریعہ سرپرست کو مسلسل آگاہ کیا جاتا ہے۔

3. غیر رسمی تعلیم: ایسی تعلیم جو رسمی تعلیم کی کمیوں کو پورا کرنے کے لئے دی جاتی ہے وہ غیر رسمی تعلیم کہلاتی ہے۔ یہ حقیقت میں باضابطہ تعلیم ہے مگر وہ بے ضابطہ طریقے سے دی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر بچہ کسی وجہ سے اسکول میں صبح سے شام تک نہیں پڑھ سکتا تو اس کے لئے غیر رسمی تعلیم فراہم کی جاسکتی ہے۔

☆ Dropout کی شرح کو کم کرنے کے لئے' خواندگی کے فیصد کو بڑھانے کے لئے حکومت نے اس قسم کی تعلیم کو پیش کیا ہے۔

☆ اس طریقہ تعلیم میں اغراض ومقاصد' منصوبہ سبق ترتیب دیے جاتے ہیں۔

☆ یہاں اوقات' طلبہ کی سہولت کے لحاظ سے تبدیل کئے جاسکتے ہیں۔

غیر رسمی تعلیم کے ذرائع:

1. ایجوکیشن گیارنٹی
2. سمر اسکول اسکیم
3. برج اسکول (Bridge school)
4. آلٹرنیٹ اسکول
5. تعلیم بالغان کے مراکز
6. قومی اوپن اسکول
7. نائٹ اسکول
8. ٹیلی اسکول
9. ریڈیوٹی۔وی پر نشر کئے جانے والے پروگرام

تعلیم کا عمل (Process of Education):

☆ تعلیم ایک ایسا عمل ہے جس میں کسی مقررہ مقاصد کے ساتھ اچھے نتائج کو حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

☆ بچہ کی تعلیم وتربیت ایک حرکیاتی عمل ہے۔ تجربہ اس کی بنیاد ہے۔ تعلیمی نصاب کے تحت جو پڑھایا جاتا ہے وہ صرف معلومات نہیں ہے بلکہ

نئی مہارتیں، نئے تصورات اور مختلف اقدار کو پیش کرنے کی کوشش ہے۔

☆ تعلیم کو ایک عمل تصور کیا جائے تو اس میں

- معلم/اساتذہ (Teahcers)
- طلبا و طالبات (Students)
- موادِ مضمون یا اسباق (Syllabus) اہم نکات ہوتے ہیں۔

1. ایک قطبی عمل (Unipolar Process) :

☆ یہ ایک قدیم طریقہ ہے۔

☆ یہاں پڑھائی بے حد اہمیت رکھتی ہے۔ اس عمل میں استاد مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔

☆ یہاں طالب علم، علم حاصل کر سکتا ہے لیکن اس کی تفہیم نہیں ہو سکتی۔

☆ اس عمل میں طالب علم Passive ہوتے ہیں۔

2. دو قطبی عمل (Bipolar Process) :

☆ اس طریقہ عمل کی وضاحت جان آڈمس نے اپنی کتاب "Evolution of Education Theory" میں کی ہے۔

☆ کسی بھی سرگرمی کی کامیابی کا انحصار دو شخصیتوں یعنی شاگرد اور استاد پر ہوتا ہے۔

☆ تدریسی و اکتسابی عمل میں طلبا اور استاد دونوں مستعدی کے ساتھ حصہ لیتے ہیں۔

☆ ''مقناطیس کی طرح تعلیم کے بھی دو قطب ہوتے ہیں۔'' (راس)

3. سہ قطبی (Tripolar Process) :

☆ اس طریقہ عمل کی وضاحت ''جان ڈیوی'' نے کی۔

☆ تدریسی و اکتسابی عمل میں استاد، شاگرد کے ساتھ ساتھ ماحول (موادِ مضمون) بھی کلیدی ہوتا ہے۔



2.3 ابتدائی تعلیم کا ہمہ گیر پھیلاؤ

(Universalisation of Elementary Education)

قدیم زمانہ میں ہمہ گیر تحتانوی تعلیم کا کوئی تصور نہیں تھا تاہم مشرق ومغرب میں چند ایجنسیوں نے جو مذہب میں دلچسپی رکھتے تھے، اپنے مذہب کی اشاعت کے لئے تحتانوی تعلیم کی ابتدا کی۔ برہمنی دور میں ایک خاص طبقہ کے لوگوں کے لئے تعلیم دی جاتی تھی، دوسرے طبقوں کو اس سے محروم رکھا جاتا تھا، بدھ مت کے دور میں تعلیم ہمہ گیر طرز کی تھی، لیکن اس کا دائرہ محدود تھا، مسلم دور حکومت میں تعلیم مفت دی جاتی تھی، نہ تو یہ لازمی تھی اور نہ ہمہ گیر انگریزی دور حکومت میں تعلیم زیادہ ترقی نہ پاسکی جس کے حسب ذیل وجوہات ہیں:

☆ ہندوستانیوں کا انگریزی تعلیم سے نفرت کرنا۔

☆ انگریزی کے ذریعہ اعلیٰ تعلیم پر ہی زور دیا جانا۔

☆ مقامی طرز تعلیم یا زبانوں کو نظرانداز کرنا۔

☆ غربت اور پست معیار زندگی۔

☆ مالیہ کی کمی۔

☆ انگریزی تعلیم کو مغربی پودا Western Plant سمجھا جاتا تھا، اور جسے مشرقی سرزمین پر پروان چڑھانا مناسب نہیں سمجھا جاتا تھا۔

☆ یہ احساس کہ انگریزی حکومت اپنی بھلائی اور تیزی کے لئے انگریزی تعلیم رائج کرنا چاہتی ہے۔

☆ مغربی تعلیم کے ذریعہ انگریزی حکومت عیسائیت کی تبلیغ کرنا چاہتی ہے۔

تحتانوی تعلیم کی آفاقیت:

☆ ہندوستان میں آزادی کے بعد سے تعلیم کی ترقی کے لئے بہت زیادہ زور دیا گیا ہے اور دستور ہند کے دفعہ 45 میں ترمیم کر کے 1977ء میں تعلیم کو ہندوستانی قومی تعلیم قرار دیا گیا اور 6 تا 14 سال عمر کے تمام بچوں کو مفت ولازمی تعلیم سے آراستہ کرنا حکومت کا مقصد تھا۔

☆ دستور ہند کی روشنی میں ہندوستان کے ہر شہری کو تعلیم کے حصول کے لیے مساویانہ حقوق دیئے گئے ہیں۔ دستور کے دفعہ 45 کے تحت مفت اور لازمی تعلیم کی ضمانت ہر ایک کو دی گئی۔

☆ اس کے باوجود ہر گوشے میں یہ سوال اٹھتا ہے کہ کیا ہمارے ملک میں یکساں طور پر تعلیمی مواقع فراہم کئے گئے ہیں؟ یکساں تعلیمی مواقع سے مراد سب کے لیے ایک ہی تعلیم نہیں بلکہ تمام افراد کو اُن کی صلاحیت اور دلچسپی کے لحاظ سے تعلیم حاصل کرنے میں دشواری نہ ہو۔

☆ تعلیم کی راہ میں امیری، غریبی، رنگ ونسل، ذات پات اور مذہب بھی حائل نہ ہوں۔

☆ یہ شکایت ہے کہ ہمارے ملک میں یکساں تعلیمی مواقع نہیں ہیں۔ جیسے شہروں میں امیروں کے لئے خانگی مدارس ہیں جب کہ غریب بچے سرکاری مدارس میں تعلیم حاصل کرتے ہیں جہاں کسی قسم کی کوئی سہولت نہیں ہوتی۔

☆ ہمارے ملک میں مردوں سے زیادہ عورتوں میں ناخواندگی عام ہے۔

☆ اقلیتوں میں بھی ان کی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے مواقع فراہم نہیں ہیں۔

☆ اس لئے یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لئے تحتانوی سطح پر حکومت کی جانب سے کئی اسکیم اور پروگرامس روبعمل لائے جائیں۔

آفاقی تحتانوی تعلیم پر اثر انداز ہونے والے عوامل:

1. مناسب وسائل کی کمی 2. آبادی میں غیر معمولی اضافہ 3. لڑکیوں کی حصول تعلیم میں جھجک
4. پسماندہ بچوں کی غیر معمولی تعداد 5. عام غربت 6. والدین کی عام جہالت
7. تضیع اور انجماد 8. سماج کے کمزور طلبا کی مدرسہ میں کم شرکت 9. نصاب کا موثر نہ ہونا
10. مدرسوں کی عمارتوں کا غیر دلکش ہونا 11. معائنہ کاروں کا موثر معائنہ اور تعلیمی رہبری میں خوبیوں کا نہ ہونا۔

UEE پر اثر انداز ہونے والے عوامل:

وسیع پیمانے پر مدرسوں کی سہولتیں: ملک میں مدرسوں کی سہولتیں مہیا کی جائیں' زیادہ سے زیادہ قائم کئے جائیں' تاکہ کسی بچہ کو مدرسہ جانے میں تکلیف نہ ہو' مدرسہ اتنی دور پر ہو کہ بچہ مدرسہ کو آسانی سے پیدل جا سکے' اس کے تحت ہر گاؤں میں جس کی آبادی 300 یا اس سے کم افراد پر مشتمل ہو مدرسہ کی سہولت فراہم کی جائے' اس طرح کی سہولت سے تعلیم کے پھیلاؤ میں آسانی ہوگی۔

ہمہ گیر پیمانہ پر طلباء کی شرکت: ہر بچہ جس کی عمر 5 سال سے متجاوز ہو مدرسہ میں شریک کروایا جائے اس کے لئے مناسب تشہیر کی جائے' تحتانوی تعلیم کی اہمیت والدین اور عوام پر اجاگر کی جائے، لازمی تحتانوی تعلیم کے لحاظ سے جس بچہ کی مدرسہ جانے کی عمر ہو اور والدین مدرسہ نہ روانہ کریں تو ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے۔

ہمہ گیر پیمانے پر طلبا کو تحتانوی تعلیم کی تکمیل کی پابندی: تحتانوی تعلیم کا اہم مسئلہ یہ ہے کہ طلبا و طالبات کی نہ کسی وجہ دو تین سال تک تعلیم پا کر مدرسہ جانا ترک کر دیتے ہیں' اس کے لئے اس بات کا خیال دکھا جائے کہ طلباء وطالبات تعلیم ترک نہ کرنے پائیں' اس طرح کے اقدامات کرنے کی صورت میں تحتانوی تعلیم کا وسیع پھیلاؤ ممکن ہے اور ساتھ ہی مقرر کردہ نشانہ Target تکمیل کیا جا سکتا ہے۔

کوٹھاری کمیشن نے مفت لازمی تعلیم پر زور دینے کے لئے تین عوامل کی طرف اشارہ کیا ہے جو حسب ذیل ہیں:

Universal Retention (3) Universal Enrolment (2) Universal Provision (1)

(1) Universal Provision: اس ضمن میں کوٹھاری کمیشن نے یہ سفارش کی کہ ہر بچے کو اس کی ضرورت کے مطابق مفت لازمی تعلیم کا انتظام ہونا چاہئے' اور ہر بچے کو یہ سہولت دینی ہوگی کہ تحتانوی تعلیم کے لئے اس کے گھر سے مدرسے کا فاصلہ زیادہ سے زیادہ ایک کلومیٹر ہو اور ثانوی مدرسے کا فاصلہ زیادہ سے زیادہ تین کلومیٹر ہو لہٰذا ملک میں سنگل ٹیچر اسکول کا قیام لایا جائے۔

(2) Universal Enrolment: کوٹھاری کمیشن نے مدرسوں میں داخلوں کو ممکن بنانے کے لئے دیہی اور پسماندہ علاقوں میں مدرسوں کی ضرورت کی طرف اشارہ کیا ہے اور ایسے بچے جن کی عمر 5 سال اور 6 سال کی ہو ان کے داخلوں کو یقینی بنایا جائے اور اس کے علاوہ ایسے طلبا جو تحتانوی سطح سے ثانوی سطح پر منتقل ہو رہے ہوں ان کے داخلوں کو بھی یقینی بنایا جائے۔

(3) Universal Retention داخلوں کے بعد مدرسے میں طلباء کی موجودگی کو یقینی بنانا اور مدرسے میں آمادگی کا جذبہ پیدا کرنا اور تضیع ۔انجماد Wastage Stagnation کی شرح کو کم کرنا ہی Retention کے اضافے کا باعث بنتا ہے۔

UEE پر مندرجہ بالا عنوانات کے علاوہ حسب ذیل عنوانات بھی اثر انداز ہوتے ہیں: آبادی: جہاں دستور کے نفاذ کے وقت یہ خیال تھا کہ پانچ سو ساٹھ لاکھ (560,00,000) طلباء کے داخلے کے نشانے کو حاصل کئے ہیں' مگر پھر بھی ہم اپنے مقاصد میں ناکام ہے اس کی اہم وجہ ہے بڑھتی ہوئی آبادی جہاں مدرسوں کی تعداد میں اضافہ کیا جاتا ہے وہیں آبادی کی شرح میں اس سے کئی گنا اضافہ ہوتا ہے۔

لازمی تعلیم قرار دینے کے لئے روکاوٹیں: ملک میں تمام بچوں کے داخلوں کو یقینی بنانے کے لئے کہیں بھی (کسی بھی ریاست میں) ایسا قانون نہیں نافذ کیا گیا جس کے تحت ہر ایک کو تعلیم لازمی قرار دی جائے اور اگر اس کی نافرمانی کی جائے تو سزا دی جائے اس کے علاوہ اولیائے طلباء کی عدم دلچسپی اور عوام کی تعلیم کے مقاصد سے ناواقفیت بھی ایک اہم وجہ ہے۔

Enrolment کی کمی کی وجوہات:

☆ دیہی اور شہری علاقوں میں تعلیمی مواقع میں فرق پایا جانا	☆ لڑکوں اور لڑکیوں کے داخلہ میں فرق
☆ Wastage اور Stagnation	☆ معاشی بحران
☆ اولیائے طلباء کی عدم دلچسپی	☆ تحتانوی تعلیم کے انتظام کے لئے قومی سطح پر کوئی منظم یا یکساں نظام کی کمی (صحیح پالیسیوں کا نہ ہونا)
☆ غیر متعلق مقاصد	
☆ مجہول نصاب ☆ امدادی سامان کی کمی	☆ کمزور انتظامیہ ☆ تربیت یافتہ اساتذہ کی کمی

Enrolment میں اضافہ کے اقدامات:

☆ Multiple Entry ایک ایسے نظام کو ترتیب دینا جس کے ذریعہ طلبا کا داخلہ کسی بھی نقطہ پر ممکن ہوں۔

☆ جز وقتی تدریس (Part Time Classes)	☆ ترغیبات کی ضرورت
☆ تعلیم میں معیار (Quality) اور مقدار (Quantity) کی ضرورت	☆ نصاب کی از سر نو تدوین
☆ اساتذہ کے رتبے کا خیال	☆ عمارت اور انفراسٹرکچر کو بہتر بنانا
☆ تنظیمی قواعد میں تبدیلی لانا	☆ مقامی رضا کارانہ اداروں کی مدد حاصل کرنا اور موقعوں کا حصول
☆ بہتر جانچ	

تعلیمی مساوات کے لیے ریاستی حکومت کے اقدامات

1. تعلیم ترک کرنے والے طلبا کو روکنے کے لئے 1971ء میں Non-detention Scheme شروع کی گئی۔
2. 75% آبادی کے لئے تین کلومیٹر فاصلے کے اندر اعلیٰ تحتانوی مدرسہ کی سہولت حاصل ہے۔
3. 1979-89 کے درمیان تعلیم سے جوڑنے کے پروگرام کے تحت غیر رسمی تعلیمی مراکز کو کھولا گیا۔
4. 1984ء میں APPEP اسکیم کو شروع کیا گیا۔
5. 1987ء میں OBB اسکیم کو شروع کیا گیا۔
6. تمام ضلعوں میں DPEP اسکیم زیر عمل ہے۔
7. دیہاتی طلبا کے فائدے کے لئے Semi Residential Schools کا قیام عمل میں آیا۔ اوّل تا پنجم تک پڑھنے والے طلبا کے لیے مفت کتابیں فراہم کی جاتی ہیں اور ہر ماہ فی کس 3 کلو چاول بھی مفت دیے جاتے ہیں۔ اس کو بدل کر 2002ء سے دوپہر کے کھانے کی اسکیم (Mid Day Meal Scheme) شروع کی گئی۔
8. جسمانی معذور طلبا کے لیے مراکز کا قیام عمل میں لایا گیا۔
9. تعلیم کو عام کرنے کی غرض سے Open-School اور Open-University شروع کئے گئے۔
10. ضلعی تعلیمی پراجکٹ (DPEP) کے معیاد ختم ہونے کے بعد 2003 سے سرواشکشا ابھیان (SSA) شروع کیا گیا۔

مذکورہ بالا اقدامات کے علاوہ ریاستی حکومت نے اور بھی اقدامات کئے ہیں تاکہ تحتانوی تعلیم کو عام کیا جاسکے۔
تحتانوی تعلیم کی آفاقیت کے لئے مختلف اسکیموں اور پروگرامس کو شروع کیا گیا۔ اب ہم ان اسکیموں اور پروگرامس سے متعلق تفصیلی جائزہ لیتے ہیں۔

1. آپریشن بلاک بورڈ (OBB) Operation Black Board - 1987
2. آندھراپردیش تحتانوی تعلیم پراجکٹ (APPEP) Andhra Pradesh Primary Education Project (1984-85)
3. ضلعی تحتانوی تعلیم پراجکٹ (DPEP) District Primary Education Project
(ملک میں 1994 ۔ ریاست آندھراپردیش میں پہلا مرحلہ 1996 ۔ ساری ریاست میں 1997)
4. سرواشکشاابھیان (SSA) Sarva Shiksha Abhiyan ۔ 2003
5. اوپن اسکول (Open Schools)
6. دوپہر کے کھانے کی اسکیم (MDM) Mid Day Meals Scheme
7. تعلیمی ٹیلی ویژن (ETV) Educational Telivision ۔ ملک بھر میں 1982 ۔ ریاست بھر میں 1985
8. آندھراپردیش اسکول ہیلت پراجکٹ (APSHP) Andhra Pradesh School Health Project ۔ 1998

1. آپریشن بلاک بورڈ (Operation Black Board)

☆ تحتانوی تعلیم کی ترقی کے سلسلے میں قومی تعلیمی پالیسی 1986ء اور پروگرام آف ایکشن (POA) میں کئی اسکیموں کی سفارش کی گئی۔ ان میں سے ایک اسکیم کا علامتی نام "OBB" رکھا گیا۔

☆ OBB کے نام سے ملک بھر میں شہرت حاصل کرنے والا یہ پروگرام وسائل کے تئیں معلم کے اختیارات میں کافی ترقی کا باعث بنا۔

☆ OBB اسکیم تین اجزاء پر مشتمل ہے۔

1. معقول حد تک دو بڑے کمروں کی فراہمی جن کا استعمال ہر موسم میں ممکن ہو۔ اس کے ساتھ ایک کشادہ برآمدہ ہو۔ لڑکے اور لڑکیوں کے لئے علیحدہ علیحدہ بیت الخلاء کی سہولت ہو۔
2. ہر پرائمری اسکول میں کم سے کم دو استاد ہوں اور جہاں تک ممکن ہو ان میں ایک خاتون (Female Teacher) ہو۔
3. تعلیم اور تعلّم کا ضروری سامان مہیا ہو۔

اس کے بعد آگے چل کر یعنی آئندہ سالوں میں

☆ ہر مدرسہ میں جماعتوں کی تعداد کی بنیاد پر زائد کمرہ جماعتوں کے لیے مخصوص گرانٹس (Special Grants) مختص کئے گئے۔

☆ جماعتوں کی تعداد کی بنیاد پر زائد اساتذہ کا تقرر عمل میں لایا گیا جس سے معیاری تعلیم کا حصول یقنی ہوا۔

اس اسکیم کے ذریعہ سربراہ کئے گئے اشیاء کی فہرست اس طرح ہے۔

☆ درسی کتابیں	☆ ریاضی کٹ	☆ سائنس کٹ	☆ لغت (ڈکشنریاں)
☆ نقشے، تصاویر	☆ کہانی کتابیں	☆ حوالہ جاتی کتابیں	☆ آلاتِ موسیقی

☆ کھیل کود کا سامان ☆ پینے کے پانی کے برتن ☆ کہانی کارڈس میگزین ☆ Tool Kits وغیرہ

☆ OBB اسکیم کے ذریعہ ہمارے ملک میں آفاقی تحتانوی تعلیم کی عمل آوری بے حد آسان ہے۔

☆ معاشی بوجھ کی بناء پر اس اسکیم کو 88-1987 میں شروع کر کے تین مرحلوں میں یعنی 89-1988 ، 90-1989 سال میں (جملہ تین سال میں) ملک بھر میں روبعمل لایا گیا۔

☆ 1987 اور 1988 کے دوران تمام ریاستوں کے صرف 20% کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاکوں اور میونسپل علاقوں کو اس میں شامل کیا گیا۔ اور دوسرے 30% بلاک اور میونسپل حدود 89-1988 میں پورے کئے گئے اور باقی 50 فیصد 90-1989 میں مکمل کیا گیا۔

☆ اس اسکیم کے تحت تقریباً 80,000 اساتذہ کا تحتانوی مدارس میں اور 85 ہزار اساتذہ کا اعلیٰ تحتانوی مدارس میں تقرر ہوا۔

☆ تقریباً 2 لاکھ سے زائد کمرہ جماعتیں (Additional Classrooms) تعمیر کروائے گئے۔

☆ یہ اسکیم 03-2002 سال سے DPEP اور SSA میں شامل ہوگئی۔

☆ 1986ء کی قومی تعلیمی پالیسی کو موثر طور پر عمل میں لانے کے لئے سرکار ہند نے اپنے اوپر ایک بہت بڑی ذمہ داری لی ہے۔ خصوصاً ان اسکیموں کے بارے میں جن کا مقصد بلند معیاری تعلیم کو فروغ دینا ہے۔ OBB کی بہتر طور پر عمل آوری کے لئے مرکزی اور ریاستی حکومتوں نے ذمہ داریوں کو آپس میں بانٹ لیا۔

☆ OBB اسکیم کے تحت تعمیر کیا جانے والا ہر کمرہ 30 مربع میٹر رقبہ کا ہونا چاہئے اور برآمدہ تقریباً 9.8 تا 10 فٹ چوڑا ہو۔

اوپن اسکول (Open School):

نیشنل اوپن اسکول نظام کو 1990 میں شروع کیا گیا' ابتداء میں اس اسکیم کو چار اضلاع نیلور' چتوڑ' نظام آباد اور وشاکھا پٹنم میں متعارف کروایا گیا' ہر ضلع کے 100 تا 150 گاؤں میں اوپن اسکول کے سنٹرس کھولے گئے اور ہر سنٹر میں 25 طلباء کو داخلہ دلوایا گیا' اوپن اسکول کو قائم کرنے کا مقصد قبل از تعلیم ترک مدرسہ (Dropout) طلباء کو اوپن اسکول میں داخلہ دے کر پھر سے انہیں رسمی مدرسوں میں شریک کروانا' اس اسکیم کا اہم مقصد یہ ہے ایسے طلباء جو 12 سال کی عمر مکمل کر چکے ہوں اور کچھ پڑھنا لکھنا جانتے ہیں' وہ اس اوپن اسکول اسکیم میں شرکت کر کے تعلیم کا سلسلہ جاری رکھ سکیں۔

تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی (TOSS)

OBE-- Open Basic Education

S1-- 3rd Pass or 4th Dropout or Neo Literater

S2-- Equal to 6th

S3-- Equal to 7th

S4-- Equal to 8th

S5-- Equal to 9th

S6-- Equal to 10th

اوپن اسکول "تعارف" :

1. کسی وجہ سے تعلیم ترک کر دینے والے بچوں کو دوبارہ حصول علم کا موقع فراہم کرنے اور ناخواندگی کو دور کرنے کی غرض سے اوپن اسکول اسکیم کا آغاز کیا گیا۔
2. حکومت آندھرا پردیش نے اپنے حکم نامہ GO 965 مورخہ 27/مئی 1992 کے ذریعہ ریاست میں اوپن اسکول کے درجات 1,2,3 کو پانچویں، چھٹی اور ساتویں جماعت کے مماثل قرار دیا اور ان طلبا کو انگریزی میں کامیابی سے مستثنیٰ قرار دیا تھا لیکن 2000ء میں انگریزی کو بھی نصاب میں شامل کر دیا گیا اور برج کورس میں ہندی پڑھنے سے بھی مستثنیٰ قرار دیا گیا۔
3. اوپن اسکول طریقہ تعلیم میں درجات 1,2,3 کامیاب کرنے کے بعد طلبا باضابطہ تعلیم کے مدارس (Formal Schools) میں چھٹی، ساتویں، آٹھویں جماعتوں میں داخلہ لے سکتے ہیں یا پھر اوپن اسکول طریقہ تعلیم کے ذریعہ ہی اپنی تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔
4. حکومت آندھرا پردیش نے حکم نامہ G.O 485 مورخہ 8/اگست 2001 کے ذریعہ اوپن اسکول طریقہ تعلیم سے درجات 4,5,6 مکمل کرنے والے طلبا کو آٹھویں، نویں، دسویں جماعت کے مماثل قرار دیا ہے اور انھیں رسمی تعلیمی اداروں میں داخلہ کی اجازت دی ہے۔
5. اوپن اسکول کے طلبا دسویں جماعت کامیاب کرنے کے بعد سند حاصل کر کے انٹرمیڈیٹ میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ اوپن اسکول طریقہ سے آئندہ بھی تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔

مقاصد: ترک تعلیم کے بڑھتے ہوئے رجحان پر قابو پانا، ناخواندگی کو دور کرنا اور اس طرح انہیں حصول علم کا موقع فراہم کرتے ہوئے باصلاحیت اور ترقی یافتہ بنانا اوپن اسکول طریقہ تعلیم کا اہم مقصد ہے۔ اس طریقہ تعلیم میں بالواسطہ تعلیم کا موقع فراہم کیا جاتا ہے اور طلبا کو مطالعاتی مواد اور کتابیں گھروں پر سربراہ کی جاتی ہیں تاکہ وہ اپنی مصروفیات کے ساتھ ساتھ گھر پر ہی تعلیم جاری رکھ سکیں اور علم حاصل کر کے ایک اچھا بلند مرتبہ شہری بن سکیں۔

افادیت: جو بچے حصول علم کی خواہش کے باوجود کسی مجبوری کی وجہ سے رسمی طریقہ تعلیم کے ذریعہ اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے انہیں تعلیم کا موقع فراہم کرنے کے لئے مرکزی اور ریاستی حکومت نے غیر رسمی تعلیم کا آغاز کیا چنانچہ ایسے بچے اوپن اسکول طریقہ تعلیم سے استفادہ کر رہے ہیں۔ تحتانوی اور وسطانوی سطح پر ایسی تعلیم کا بندوبست کیا گیا ہے۔ ریاستی حکومت کے علاوہ وزارت فروغ انسانی وسائل حکومت ہند نے بھی دلی میں National Open School قائم کیا ہے جس میں مراسلاتی طرز تعلیم کا انتظام ہے۔

اوپن اسکول میں تعلیم کی مدت 5 سال ہے۔ اس دوران طلبا اپنی سہولت اور صلاحیت کے مطابق تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ ریاست میں اُردو میڈیم تعلیم کے غیر رسمی تعلیم کے مراکز چھ ہزار سے زیادہ ہیں اس کے علاوہ تلگو، ہندی، مراٹھی اور کنڑی ذریعہ تعلیم کے مراکز بھی ہیں۔ اس طرح تلنگانہ میں اوپن اسکول اور اوپن یونیورسٹی کے ذریعہ غیر رسمی طریقہ تعلیم کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ اور اس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔

اوپن اسکول میں داخلہ کے لئے اہلیت: ہر مرکز میں کم از کم 30-25 طلبا ہوں جن میں 30% غیر رسمی تعلیم حاصل کئے ہوئے ہوں اور 30% تعلیم بالغان میں تعلیم حاصل کئے ہوئے ہوں۔ 12 سال کی عمر کے طلبا جو پانچویں، چھٹی اور ساتویں جماعت سے تعلیم ترک کئے ہوئے ہوں۔

تعلیمی مراکز: ایسے مقامات جہاں پرائمری مدارس نہ ہوں وہاں اوپن اسکول کے مراکز قائم کئے جاتے ہیں۔ جن میں Preparatory اور Bridge کورسس کا انتظام ہوتا ہے اور ہر طالب علم سے صرف 10 روپے امتحانی فیس لی جاتی ہے اور امتحانات منعقد کئے جاتے ہیں۔ دیہاتوں میں فروغ تعلیم مراکز کے پروگرام کو جانچنے، عملی مشکلات کو دور کرنے اور معیار تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے District Resource Centre (DRC) قائم کئے گئے ہیں۔

تعلیمی اوقات: طلبا اور مدرس یعنی کونسلر اپنی اپنی سہولت، فرصت اور مقامی ماحول کے لحاظ سے تعلیمی اوقات متعین کرتے ہیں جیسے اتوار یا کوئی اور دن۔ حاضری کو اہمیت نہیں دی جاتی۔

اوپن اسکول کے لئے ٹیچر کونسلر کا انتخاب: رسمی اور غیر رسمی تعلیم یافتہ اور بارھویں جماعت تک تعلیم یافتہ مقامی افراد اور وظیفہ یاب اساتذہ اوپن اسکول کے لئے ٹیچر کونسلر بننے کے اہل ہیں۔ تعلیم یافتہ بے روزگار مرد و خواتین کونسلر بننے کے اہل ہیں۔ رسمی تعلیم کے موظف اساتذہ کو ترجیح دی جاتی ہے۔

کونسلر کے فرائض: اوپن اسکول قواعد کے مطابق طلبا کو ان کے معیار کے لحاظ سے داخلہ دیا جاتا ہے۔ انہیں مطالعاتی مواد، تعلیمی اشیاء فراہم کئے جاتے ہیں۔ تعلیمی کیلنڈر کے مطابق شخصی رابطہ پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں۔ تعطیلات کے دنوں میں کوچنگ کا انتظام کیا جاتا ہے اور طلبا کو Internal Assignment بھی دیئے جاتے ہیں۔ تمام سرگرمیوں کی اطلاع متعلقہ DEO کو دی جاتی ہے اور DEO کے ذریعہ کونسلرس کو تنخواہیں ادا کی جاتی ہیں۔

نگرانی اور جانچ:

1. ضلعی سطح پر اوپن اسکول کی سرگرمیوں کی جانچ کی جاتی ہے اور تفصیلات مرکزی دفتر کو روانہ کئے جاتے ہیں۔
2. ضلع کلکٹر اس کمیٹی کا صدر ہوتا ہے اور DEO اور DRO دیہاتوں میں قائم شدہ اوپن اسکول کے حسابات کی تنقیح، منصوبہ بندی اور جانچ کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔
3. DEO کے منتخب کردہ Co-ordinators ہر ماہ 20 اوپن اسکول کا جائزہ لے کر نمونہ IV کے ذریعہ DEO کو اس کی اطلاع دیتے ہیں۔
4. DEO نگرانی کاروں کے ذریعہ حاصل کردہ رپورٹ کا جائزہ لے کر نمونہ VIII کے ذریعہ اعلیٰ عہدیداروں کو رپورٹ روانہ کرتے ہیں۔

اس طرح تمام متعلقہ افسران اوپن اسکول پروگرام کی نگرانی اور تجزیہ کے ذریعہ کارکردگی کو بہتر بنانے، عملی مشکلات کو دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

6. دوپہر کے کھانے کی اسکیم (Mid Day Meals Scheme)

- ☆ 1953ء میں سب سے پہلے حکومت اُتر پردیش نے اس پروگرام کو متعارف کیا۔
- ☆ 1982ء میں ریاست تامل ناڈو نے اس پروگرام کو شروع کیا۔
- ☆ 15/اگست 1995ء میں مرکزی حکومت نے "National Programme of Nutritional Support to Primary Education" پروگرام کو شروع کیا۔
- ☆ ملک بھر کے تمام مدارس میں Mid Day Meals Scheme کو یکم جنوری 2005ء سے شروع کرنے کا حکم نامہ سپریم کورٹ نے نومبر 2004ء کو دیا۔
- ☆ اس اسکیم کے ذریعہ ہندوستان میں 120 ملین طلبہ اور 1.27 ملین مدارس میں طلباء و طالبات کو تغذیہ بخش غذا دی جارہی ہے۔

مقاصد:

- ☆ لڑکے اور لڑکیوں کے لئے متوازن غذا، تغذیہ بخش غذا فراہم کرنا۔
- ☆ طلباء و طالبات کے اندراج میں اضافہ، اگلی جماعتوں میں Promote کرنا۔
- ☆ Dropouts کی تعداد میں پوری طریقے سے کمی لانا۔

Unit-III

تعلیم کے سماجی ابعاد

Sociological Demensions of Education

3.1 جمہوریت اور تعلیم (Democracy and Education)

☆ جمہوریت کے لغوی معنی عوامی حکومت کے ہیں۔ جس میں عوام حاکم بھی ہوتے ہیں اور محکوم بھی ہوتے ہیں۔

☆ ابراہم لنکن کے مطابق جمہوریت کی تعریف اس طرح ہے۔

	of the poople
Democracy	by the people
	for the people

☆ رادھا کرشنن کمیشن کے مطابق ''جمہوریت صرف ایک سیاسی تشکیل نہیں ہے بلکہ یہ ایک طرز زندگی ہے جو بلا لحاظ ذات، مذہب، جنس اور معاش، ہر فرد کے لئے مساوی حقوق اور مساوی آزادی مہیا کرتی ہے۔''

جمہوریت کے کلیدی اصول:

- Liberty of the Individual انفرادی آزادی
- Fundamental Rights بنیادی حقوق
- Equality مساوات
- Rule of Law اصول انصاف
- Popular Sovereignty خودمختار (اقتدار اعلیٰ)
- Popularity کثرت
- **Tolerance** بُردباری، نرم مزاجی
- Dialogue
- Faith in Change
- Majority Decision

Democratic Education Characters (جمہوریت تعلیمی خصوصیات)

- Universal Education تعلیم کی آفاقیت (آفاقی تعلیم)
- Equal Opportunities یکساں مواقع
- Free Education مفت تعلیم
- De-Centralisation مقامی اقتدار قائم کرنا

Democracy - Aims of Education (جمہوریت تعلیم کے مقاصد)

- Development of Vocational Skills پیشہ وارانہ مہارتوں میں ترقی
- Development of Personality شخصیت سازی
- Development of Democratic Citizenship جمہوری شہری بنانا
- Development of Leadership قائدانہ صلاحیت میں ترقی

Democratic Education Curriculum (جمہوری تعلیم۔کریکولم۔نصاب)

- Plurality
- Variety
- Flexibility
- Criticism
- Culture Specific
- Broadnessin thoughts
- Rationalate
- Conciousness

مساوات۔انصاف (Euqality - Equity) :

☆ سماجی انصاف کے حصول کے لئے ☆ ملک، قوم اور عوم کی یکجہتی کے لئے

☆ قدرتی وسائل کا صحیح استعمال ☆ بامعنی اقدار سے لیس زندگی گذارنے کا موقع فراہم ہونا چاہئے۔

☆ آزادی حاصل کرکے ہمیں 65 سال ہو چکے ہیں اور دستور نافذ العمل ہو کر 62 سال کا عرصہ مکمل ہو چکا ہے۔ دراصل دستور کے دفعہ 45 کے تحت 14 سال کے اندرون تمام لڑکے لڑکیاں 1960 تک ہی خواندہ ہو جانا چاہئے تھا۔

یکساں تعلیمی مواقعوں میں عدم مساوات کی وجوہات:

☆ ایسے علاقے جہاں پر تحتانوی، وسطانوی، فوقانوی مدارس اور کالجس نہیں وہاں پر رہنے والے طلبا کے لئے بہت کم تعلیمی مواقع ہوتے ہیں۔

☆ علاقوں/ مقاموں کے درمیان تعلیمی مواقعوں میں فرق کا پایا جانا۔

☆ مسلسل غربت کی وجہ سے غریب افراد تعلیمی مواقعوں سے فائدہ نہیں اُٹھا پا رہے ہیں۔

☆ مختلف اسکولوں اور کالجس کے درمین تعلیمی معیارات میں پایا جانے والا فرق۔

☆ شہری علاقوں کے بچوں کو ماحول سے مدد ملتی ہے جب کہ دیہی علاقے میں یہ دیکھا نہیں جاتا۔

☆ لڑکیوں اور لڑکوں کی تعلیمی معاملات میں اختیار کئے جانے والے مختلف پس منظر اور رویے۔

☆ اعلیٰ طبقات اور پچھڑے ہوئے طبقات کے درمیان تعلیمی اعتبار سے نسلوں سے چلنے والا فرق۔

دیگر وجوہات:

☆ معاشی عدم سماوات ☆ رہائشی مکانات میں فرق

☆ تعلیمی ترقی میں عدم مساوات ☆ تعلیمی معیارات میں عدم مساوات

☆ خاندان میں ناخواندہ افراد کا کثرت سے پایا جانا ☆ خاندان کی غربت

☆ خاندان کی تہذیب ☆ لڑکیوں کے علیحدہ مدارس کا نہ ہونا۔

☆ تعلیم کو خانگیانے کا عمل ☆ مدارس کا دلکش نہ نہ ہونا، بنیادی سہولتیں نہ ہونا۔

☆ خواتین اساتذہ کا زیادہ تعداد میں نہ ہونا۔ ☆ تعلیمی میدان/تعلیمی شعبہ کے لیے معول بجٹ کا نہ ہونا۔

☆ بچہ مزدوری پر کنٹرول نہ ہونا۔ ☆ آبادی میں اضافہ۔

☆ جس طرح منصوبے ترتیب دیئے گئے ہیں اس کے عین مطابق عمل آوری نہ ہونا۔

تعلیم میں معیار (Quality in Education)

☆ معیاری تعلیم کے حصول کے لئے کئی کمیٹیوں اور کمیشنوں نے سفارشات کی ہیں۔ آیئے چند اہم کمیٹیوں کا اعادہ کرتے ہیں۔

ایجوکیشن کمیشن (کوٹھاری کمیشن) کے سفارشات:

☆ پورے تعلیمی نظام کا سروے کروایا جائے۔

☆ ایک قومی نظام تعلیم کے لئے سفارشات کرے۔

☆ معیاری تعلیم کو بلند کرنے کے لئے۔

☆ عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لئے۔

☆ پورے ملک میں مدارس کا قیام عمل میں لانا اور ہر ایک کے دسترس میں مدارس کا رہنا۔

☆ پچھڑے ہوئے طبقات کے طلبا کے لئے ہاسٹل (Hostels) قائم کرنا۔

☆ مدرسہ آنے اور جانے کے لئے سواری کا انتظام کرنا۔

☆ مرکزی اور ریاستی حکومتیں یکساں تعلیمی مواقع فراہ کرنے کی کوشش کرنا۔

☆ غریب طلبا کے لیے مدارس میں دوپہر کے کھانے کی سہولت مہیا کرنا۔

☆ غریب طلبا کے لیے مدرسہ کی سطح پر مفت درسی کتابیں' TLM ' کپڑے دیئے جائیں۔

☆ اسکالرشپ دینے میں مالی اور سماجی مساوات کو مدِنظر رکھا جائے۔

☆ ہریجن' گریجن' پچھڑے طبقات کے بچوں کے لئے' خواتین کے لئے خصوصی سہولتیں مہیا کرنا چاہئے۔

☆ فوقانوی مدارس میں Question Bnaks دسترس میں رکھیں۔

☆ یونیورسٹیوں میں قابلیت ولیاقت رکھنے والے طلبا کو اسکالرشپس دیئے جائیں۔

☆ قبائلی مدارس میں انھیں کی زبان والے اساتذہ سے تقرر کیا جائے۔

قومی تعلیمی پالیسی۔1986 کے سفارشات:

☆ علاقوں کے درمیان' تعلیمی ترقی کے درمیان پائے گئے فرق کو مٹایا جائے۔ پچھڑے ہوئے مقامات کے لئے خصوصی سہولتیں مہیا کرنا چاہئے۔

☆ قومی یکجہتی' جذباتی یکجہتی کے حوصلہ افزائی کے لئے سادہ مدارس تشکیل دیئے جائیں۔

☆ تمام سرکاری مدارس صلاحیت وقابلیت کی بنیاد پر ہی طلبا کو شریک کریں۔

☆ تعلیم نسوان کو زیادہ اہمیت دی جائے۔ یہ سماجی انصاف کے تحت ضروری ہے۔

☆ پچھڑے طبقات بچے خاص کر گریجن (قبائلی) طلبا کے تئیں زیادہ دلچسپی لی جائے۔

☆ معذورین کے لئے' ذہنی طور پر پسماندہ بچوں کے لئے خصوصی تعلیمی سہولتیں مہیا کی جائیں۔

POA-2992 کی ہدایتیں:

- ☆ کریکولم اور تعلیمی منصوبے لڑکے اور لڑکیوں دونوں کے موافق تیار کئے جائیں۔
- ☆ تحتانوی مدارس میں خاتون اساتذہ کی اکثریت ہونا چاہئے اور انھیں کا تقرر ہونا چاہئے۔
- ☆ اقلیتی تعلیم کے تئیں خاص دلچسپی مرکوز کرنا۔
- ☆ معذورین کے لئے خصوصی تعلیمی سہولتیں مہیا کرنا۔
- ☆ مدارس کی عدم موجودگی کے مقام پر رضا کارانہ مدارس قائم کئے جائیں۔
- ☆ آپریشن بلاک بورڈ (OBB) پر عمل آوری۔
- ☆ ضلعی سطح پر Navodaya مدارس کا قیام 8 ویں پنج سالہ منصوبہ کے تحت عمل میں لایا جائے۔
- ☆ SC، ST لڑکیوں کے لئے اعلیٰ تعلیم کے مواقع میسر کرنا اور خصوصی سہولتوں کا انتظام۔
- ☆ خواندگی کے فیصد میں پچھڑے (پسماندہ) ریاستوں کے لئے خصوصی سہولیات کا انتظام۔

آندھراپردیش میں لیئے گئے اقدامات:

- ☆ OBB اسکیم پر عمل آوری۔
- ☆ DPEP پروگرام پر عمل آوری۔
- ☆ حیدرآباد میں ''ٹیلی اسکول'' پروگرام کا آغاز۔
- ☆ گاؤں کی سطح پر تعلیمی کمیٹیاں' گرام پنچایت/ منڈل سطح پر تعلیمی کمیٹیوں کا قیام' ریاستی سطح پر (Act 13/98) پر عمل آوری۔
- ☆ ترکِ مدرسہ کئے ہوئے بچوں کو دوبارہ مدرس میں لانے کے لئے "Back to School" پروگرام۔
- ☆ آندھراپردیش میں ''اسکول ہیلتھ'' پروگرام۔
- ☆ ''چلو مدرسہ چلیں'' (اندراج کو بڑھانے کے لئے) پروگرام۔
- ☆ ہر 1 کلومیٹر کے فاصلے پر تحتانوی مدرسہ اور ہر 3 کلومیٹر کے فاصلے پر اعلیٰ تحتانوی مدرسہ ضرور رہے۔
- ☆ تحتانوی مدارس کے طلبا کے لئے مفت درسی کتابوں کی سربراہی۔
- ☆ پوچم پلّی مقام پر دیہی یونیورسٹی کا قیام۔
- ☆ غریب طلبا کو حاضری کی بنیاد پر تحتانوی مدارس میں 3 کلو چاول کی سربراہی۔

یکساں تعلیمی مواقع (Equality of Educational Opportunities) :

- ☆ خواتین کو بچپن ہی سے مردوں کے برابر نہیں دیکھا جارہا ہے۔ عوام اور سماج میں پائے جانے والے عدم مساوات کے ذریعے قائم ہونے والے غلط رسم ورواج' سماجی برائیاں' توہم پرستی کی وجہ سے سماجی اور معاشی اعتبار سے خواتین کو برابر کا درجہ نہیں دیا جارہا ہے۔ ان کے ساتھ انصاف نہیں کیا جارہا ہے۔
- ☆ تہذیب وتمدن اور ثقافت کی اساس پر خواتین کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم نہیں کیئے جارہے ہیں۔
- ☆ آبادی کے لحاظ سے مردو خواتین تقریباً برابر ہونے کے باوجود خواندگی کے فیصد و نسبت میں عدم مساوات پائی گئی۔

☆ 1951ء میں خواندگی کا فیصد صرف 7.3% تھا جب کہ 1991ء تک اس کا فیصد 32.17% ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ تعلیم کے اعتبار سے ہمارے ملک میں یکساں مواقع میسر نہیں ہیں۔

تعلیمی اعتبار سے خواتین میں عدم مساوات کی وجوہات:

☆ رسم ورواج، توہم پرستی، فرسودہ خیالات۔

☆ مردم شماری 2011 کے مطابق خواتین میں خواندگی کا فیصد 65.46% اور 34.64% ناخواندہ ہیں۔

☆ تہذیب وتمدن کے لحاظ سے عورت کا مقام ''گھر'' ہے۔ (یہ تصور عام ہو چکا ہے)

☆ سن بلوغت کو پہنچنے کے بعد لڑکیوں کو مدارس نہ بھیجنے کا تصور۔

☆ اکثر وبیشتر افراد کا تو سوال یہ ہے کہ پڑھ لکھ کر لڑکیاں آخر کیا کریں گی؟

☆ اکثر وبیشتر افراد کا یہ بھی خیال ہے کہ خوب پڑھا لکھا کر ''پھر جہیز دینا ہی پڑتا ہے''اس لئے تعلیم پر فضول خرچ کیوں کیا جائے۔

☆ لڑکیوں کی تعلیم کے لئے خواتین ٹیچرس کا ہونا لازمی ہے لیکن خاطر خواہ خواتین ٹیچرس کا نہ ہونا۔

☆ لڑکیوں کے لئے خصوصی مدارس کا نہ ہونا۔ان کے لئے خصوصی منصوبہ نہ ہونا۔

☆ خواتین کی سوچ وفکر میں تبدیلی نہ آنا۔

مذکورہ بالا کے علاوہ اور بھی کئی وجوہات شامل ہیں جس کی وجہ سے تعلیم نسواں، عدم مساوات کا شکار ہے۔

تعلیم نسواں کے لئے فوائد:

☆ ایک بہترین مقولہ ہے کہ ''فرد کی تعلیم فرد کی تعلیم۔عورت کی تعلیم سارے کنبہ کی تعلیم''۔

☆ ہر بچہ کی پہلی درس گاہ ماں کی گود ہوتی ہے اس لئے اگر ماں خواندہ ہو تو وہ بچوں کی پرورش بہتر انداز میں کر سکتی ہے، بچوں کی شخصیت سازی کر سکتی ہے۔اچھے اخلاق وکردار کا مالک بنا سکتی ہے۔

☆ خاندان میں اخلاقی نشو ونما ترقی پاتے ہیں۔

☆ سماج میں ایک بہتر مقام، رتبہ حاصل ہوتا ہے۔سماجی برائیوں کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔سماج میں شعور بیدار کر سکتے ہیں۔

<u>لڑکیوں اور خواتین کے تعلیم میں یکساں مواقع فراہم کرنے کے لئے ریاستی، مرکزی حکومتیں حکومت کے لئے اقدامات</u>

مرکزی حکومت کے پروگرام:

☆ OBB کے تحت خواتین اساتذہ کا تقرر ہو۔

☆ تعلیم نسواں کا فیصد کم رکھنے والے اضلاع میں ضلعی تعلیمی اسکیم عمل میں لائی جائے۔

☆ درسی کتاب میں ''صنفی امتیاز'' ظاہر کرنے والے اسباق کو نکال دیا جائے۔

☆ ماقبل تحتانوی تعلیم کو مستحکم بنانے کے لئے 'Angan Wadi' اور 'Bala Wadi' کا قیام عمل میں لا کر لڑکیوں کی تعلیم عام کی جائے۔

ریاستی حکومت کے لئے گئے اقدامات:

☆ DPEP پر عمل آوری۔

☆ تمام مدارس میں ایک تہائی حصہ خواتین، لڑکیوں کے لئے مختص کرنا۔

☆ لڑکیوں کے لئے خصوصی تعلیمی مدارس، Polytechnic کالجس کا قیام۔

☆ "Padmavati Mahila University" کا قیام عمل میں آیا۔

☆ تمام میدانوں/شعبوں میں سرکاری' مقامی اداروں میں خواتین کے لئے ایک تہائی حصہ مختص کیا گیا۔

☆ تحتانوی سطح پرلڑکیوں کے لئے مفت درسی کتابیں تقسیم کی جارہی ہیں۔

☆ مدارس میں پینے کا پانی اور بیت الخلاء کا انتظام۔

☆ ''کم عمری میں شادی'' ممنوع قرار دیا گیا۔

☆ جزوقتی مدارس کا قیام۔

☆ غیر رسمی تعلیمی مراکز قائم کئے گئے۔

ہریجن اور گریجن طبقات کے لئے یکساں تعلیمی مواقع:

ہمارے ملک کی آبادی کا 16.5% درج فہرست ذات ہے۔ جب کہ درج قبائل (گریجن) 6.5% ہیں۔لیکن خواندگی میں ان کا فیصد بے حد کم ہے۔ 1991 مردم شماری کے مطابق آندھراپردیش ریاست میں S.C اور S.T کی خواندگی اس طرح ہے۔

1991 مردم شماری کے مطابق ہندوستان میں خواندگی کا فیصد

ذات	مرد	خواتین	میزان
تمام	52.74	32.17	42.84
S.C	39.91	13.76	26.88
S.T	30.65	8.19	19.42

1991 مردشماری کے مطابق ریاست آندھراپردیش میں خواندگی کا فیصد

ذات	مرد	خواتین	میزان
تمام	55.13	32.72	44.09
S.C	41.88	20.92	31.59
S.T	25.75	8.68	17.16

☆ اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ S.C طبقہ میں خواندگی کا فیصد کم ہے۔اوران کے مقابل میں S.T میں خواندگی کا فیصد بہت کم ہے اور خاص کر خواتین میں خواندگی کا فیصد بہت بہت کم پایا گیا۔ یہ صورتحال نہ صرف آندھراپردیش کی ہے بلکہ ہر ریاست کی یہی صورتحال ہے۔

درج فہرست طبقات کے لئے:

☆ مدارس S.C طلبا کے دسترس میں رہے۔ نئے مدارس کو "SC" محلّہ کے قریب میں تعمیر کیا جائے۔

☆ 6 تا 14 سال عمر والے SC بچوں کی نشاندہی کرکے مدرسہ جانے کی حوصلہ افزائی کریں۔

☆ قبل دسویں جماعت تک کی وظائف کی اسکیم کے تحت بھنگی یا چمڑا اتارنے والے اور چمڑا تیار کرنے والے خاندانوں کے بچوں کو گھریلو آمدنی کا لحاظ کئے بغیر درج وسائل سے وظائف دیئے جائیں گے۔

☆ SCطلباء میں "Retention" کی شرح کو کم کرنا۔

☆ SCطلباء کے لئے امدادی کورسس فراہم کئے جائیں۔

☆ SCطلباء کے لئے اقامتی مدرسے (Residential Schools) قائم کرنا۔

☆ موافق اور مناسب جگہ SC طلبا کے لئے ماقبل تحتانوی مدارس کھولنا۔

☆ پیشہ وارانہ تعلیم کو اہمیت دی جائے۔

درج فہرست قبائل کے لئے:

☆ درج فہرست قبائل علاقوں میں مدارس کھولنا۔

☆ ابتدائی جماعتوں کے لئے خاص مواد تیار کیا جائے۔

☆ مفت درسی کتابیں، یونیفارم اور دیگر ضروری اشیاء دینا۔

☆ اساتذہ کا تقرر درج قبائل ذاتوں سے ہی ہونا چاہئے۔

☆ Post-Metric سطح کی تعلیم کے لئے خصوصی تحفظات Reservation، وظائف۔

☆ پیشہ وارانہ تعلیم کو اہمیت دی جائے۔

☆ خصوصی اقامتی مدارس، امدادی کورسس اور انعامات وغیرہ کی سہولتیں دی جائیں۔

☆ درج فہرست قبائل کے رسم ورواج کی ترقی کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

☆ NREP، RIEPP اسکیم کے ذریعہ اخراجات کے لئے معاشی وسائل مہیا کرنا۔

معذورین کے لئے تعلیم میں یکساں مواقع:

Krick کے مطابق ''جو بچے اوسط معیار سے ذہنی، طبعی، جسمانی اور سماجی خصوصیات سے انحراف کرتے ہیں، استثنائی بچے کہلاتے ہیں۔

CLASSIFICATION OF DISABLED



معذورین کے لئے تشکیل کردہ تعلیمی طریقہ:

معذورین کی درس و تدریس کے لئے اختیار کئے جانے والے طریقوں سے متعلق مختلف کمیٹیوں اور کمیشنوں نے سفارشات پیش کی ہیں۔ جن میں چند اہم کمیٹیاں یہ ہیں:

- Working Groups Recommendations during the International Year of Disabled Persons - 1981.
- National Policy on Education 1986 for Handicaped.
- Ramamurthy Committee 1991.
- Programme of Action 1992.
- Integrated Education for Disabled Children 1992.
- United Nations Standard Rules 1994.

رام مورتی کمیٹی کے سفارشات (1990)

معذورین سے متعلق رام مورتی کمیٹی (1990) کے سفارشات:

☆ معذورین کے مسائل سے عوام کو واقف کروانا۔

☆ ایسے خاندان جن کے گھر میں معذور بچے ہوتے ہیں ان خاندانوں کو ضروری مراعات سے نوازنا۔

☆ معذورین کی طریقہ تعلیم آسان ہونی چاہیے۔

☆ ان بچوں کو خود مکتفی بنانے کے لئے پیشہ وارانہ تعلیم دی جائے۔

☆ بینائی سے محروم بچوں کو Dehradun میں تیار کردہ ''انڈین بریلی'' طریقہ تعلیم کو رائج کرنا۔

☆ معذورین کے ضروریات کے مطابق منصوبہ کو ترتیب دیا جائے۔

☆ ذہنی معذورین بچوں کے لئے خصوصی ورکشاپس منعقد کئے جائیں۔

☆ بی۔ایڈ اور ٹی۔سی کورسیس میں معذورین کی تعلیم سے متعلق یونٹ رکھا جائے اور ان کے لئے طریقہ تعلیم سے بھی روشناس کروایا جائے۔

☆ ضلعی سطح پر تربیتی اداروں (DIET) میں معذورین کی تدریس کے لئے ایک لکچرر رکھا جائے۔

☆ معذورین کے لئے Escort Allowance ہر ماہ 75 روپے دیئے جائیں۔اساتذہ اور طلبا کی نسبت 8 : 1 کی نسبت میں ہونا چاہئے۔

اقلیتی طبقات کے لئے یکساں تعلیمی مواقع:

☆ دستوری دفعات 29 ، 30 اور (A) 350 کے تحت اقلیتی طبقات کو تحفظات عطا کئے ہیں۔

☆ **دفعہ 29**: اس دفعہ کے تحت ہندوستان کا کوئی بھی باشندہ یا قوم اس کی اپنی زبان اور تہذیب کو بچانے اور آگے بڑھانے کا پورا اختیار رکھتی ہے۔

☆ **دفعہ 30**: اس دفعہ کے تحت حکومت مذہبی یا لسانی بنیادوں پر اداروں کو امداد دینے میں امتیاز نہیں برتے گی۔

☆ **دفعہ (A) 350** : تحتانوی سطح پر صرف مادری زبان ہی ذریعہ تعلیم ہونا چاہئے۔

☆ ہمارے ہندوستان میں جملہ آبادی کا تقریباً 18% اقلیتی طبقات سے وابستہ ہے۔ جن میں مسلمان، عیسائی، جین، سکھ، پارسی، شامل ہیں۔

تعلیم یا تعلیم کی ترقی سے متعلق دستور کے مختلف دفعات

دفعہ	اہمیت
دفعہ۔14	قانون کے سامنے سب مساوی ہیں۔ (حق مساوات)
دفعہ - 15	ذات، مذہب، قوم، جنس اور علاقائی امتیاز کے بغیر سب کو تعلیم دینے کی ضمانت دی گئی۔
دفعہ - 16	یکساں مواقع کی ضمانت دی گئی۔
دفعہ - 17	چھوت چھات کا خاتمہ۔(چھوت چھات کو جرم قرار دیا گیا)
دفعہ (A) 21	6 تا 14 سال عمر رکھنے والے تمام بچوں کو مفت ولازمی تعلیم فراہم کرنا۔
دفعہ - 24	14 سال سے کم عمر بچوں کو مزدور بنانا جرم قرار دیا گیا۔
دفعہ - 25	ہر فرد اپنی خواہش کی بناء پر کسی بھی مذہب کو اختیار کر سکتا ہے۔
دفعہ - 29	ہندوستان کا کوئی بھی باشندہ یا قوم اس کی اپنی زبان اور تہذیب کو بچانے اور آگے بڑھانے کا پورا اختیار رکھتی ہے۔
دفعہ - (1)30	حکومت مذہبی یا لسانی بنیادوں پر اداروں کو امداد دینے میں امتیاز نہیں برتے گی۔
دفعہ - 32	اگر بنیادی حقوق پامال ہو رہے ہیں تو ''قانون چارہ جوئی'' کا حق حاصل ہے۔
دفعہ - 45	مفت ولازمی تعلیم مہیا کرنے کی ضمانت (6 تا 14 سال عمر والے تمام شہریوں کے لئے)
دفعہ - 46	SC، ST، پچھڑے طبقات کے افراد کے لئے معاشی ترقی اور تعلیمی ترقی کے لئے خصوصی توجہ۔ مرکوز کرنا اور سماجی ناانصافی، لوٹ مار سے تحفظ دلانا۔
دفعہ - 337	''اینگلو انڈین'' یونیورسٹیوں کی ترقی کے لئے خصوصی گرانٹس فراہم کرنا۔
دفعہ (A) 350	تحتانوی سطح پر ذریعہ تعلیم صرف مادری زبان میں ہی ہو۔
دفعہ - 351	ہندی زبان کو فروغ دیا جائے گا تا کہ قومی زبان کو فروغ حاصل ہو سکے۔

3.2 صنفی امتیاز (Gender Differences)

☆ حیاتی طور پر جسمانی مسافت عورت اور مرد کے درمیان فرق کا تعین کرتی ہے۔ اسی کو جنس (Sex) کہتے ہیں۔ کروموزومس، تولیدی اعضاء، بال، ہارمون وغیرہ سے جنس کا تعین ہوتا ہے۔ جنھیں ہم نر اور مادہ (Male, Female) کہتے ہیں۔

☆ لیکن صنف (Gender) کو سماجی اور تہذیبی اعتبار سے عورت، مرد کے کردار سے متعلق نکات، خیالات اور نظریات کے مدِنظر غور وفکر کرنا چاہئے۔

☆ مختلف سماجوں میں لڑکوں کو بعض خصوصیات کا مظاہرہ کرنے کی ہمت افزائی کرتے ہیں۔ اسی طرح لڑکیوں کو بھی بعض موقعوں پر فوقیت دی جاتی ہے۔

☆ خواتین کو بچپن ہی سے مردوں کے برابر نہیں دیکھا جا رہا ہے۔ عوام اور سماج میں پائے جانے والے عدم مساوات کے ذریعہ فروغ پانے والے غلط رسم ورواج، سماجی برائیاں، توہم پرستی کی وجہ سے سماجی اور معاشی اعتبار سے خواتین کو برابر کا درجہ نہیں دیا جا رہا ہے۔ ان کے ساتھ انصاف نہیں کیا جا رہا ہے۔

☆ جدید دور جنسی (Sex) مساوات نہیں چاہتا ہے۔ یعنی اگر مردوں کو بچے پیدا کرنے کے لئے کہا جائے تو وہ بہت ہی بے معنی ہوگا۔ یہ مانگ صرف مساوات کا مذاق اڑانے سے متعلق ہے۔ لیکن دور جدید جنسی امتیاز کا انکار کرتا ہے اور صرف ''صنفی مساوات'' (Gender-Equality) چاہتا ہے۔ چونکہ عدم مساوات پر مبنی امتیازی روایات پر عمل آوری ہے۔ خاندان غیر مستحکم ہو رہے ہیں۔ یہ عوامل سماجی ترقی اور جدیدیت کے عمل میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔ جدیدیت کے معنی ملازمین اور آمدنی ہی نہیں ہے بلکہ اپنے رویے و برتاؤ اور تہذیب میں تبدیلی دوسروں کے حقوق کا احترام کرنا' کسی پر بھی زور زبردستی نہ کرنا' از خود قوانین پر عمل کرنا اور ذمہ داریوں کو نبھانا' کسی فرد کے لئے آزادی کی ضرورت اور اس کے حدود کا فہم حاصل کرنا ہے۔

صنفی امتیاز۔ تعریف:

☆ خواتین کم درجہ اور مرد حضرات زیادہ درجہ رکھتے ہیں' اس کا مظاہرہ کرنا ہی صنفی امتیاز کہلاتا ہے۔

☆ سماجی سرگرمیوں میں مردوں کو اہمیت دینا اور خواتین پر روک تھام یا پابندی عائد کرنا ہی صنفی امتیاز ہے۔

☆ مرد و خواتین کو بچپن ہی سے پرورش کے طریقے میں اختیار کئے جانے والے فرق یا امتیاز کو ہی صنفی امتیاز کہا جاتا ہے۔

☆ آج کے مسابقتی دور میں خواتین' مردوں کے برابر کام کرنے کے باوجود انھیں نہیں سراہا جا رہا ہے۔ یہ عمل بھی ''صنفی امتیاز'' ہے۔

ضافی معلومات:

☆ غریب ناخواندہ خاندانوں میں اکثر و بیشتر لڑکیوں کی شادی کم عمری میں ہو رہی ہے۔ ریاست آندھرا پردیش میں لڑکیوں کی شادی کی اوسط عمر 15.9% سال ہے۔

☆ صرف 5% فیصد لڑکیاں والدین کی مرضی کے خلاف اپنی مرضی سے شوہر کا انتخاب کر رہی ہے جب کہ باقی 95% لڑکیاں والدین کی مرضی پر سر تسلیم خم کر رہی ہیں۔

☆ قرضوں کا 15% حصہ شادی بیاہ کے لئے لیا جا رہا ہے۔

☆ لڑکی کی شادی بیاہ کا خرچ' لڑکے کے خرچ کا دگنا ہوتا ہے۔

☆ گذشتہ 30 سالوں میں جہیز کی لعنت 700 گنا بڑھ گئی ہے۔

☆ 24% افراد کا کہنا ہے کہ جہیز میں کار/ موٹر سائیکل' فریج' ٹی وی' کا دینا لازمی ہے۔ جب کہ 43% افراد کا کہنا ہے کہ ان میں سے چند اشیا خط غربت سے نیچے رہنے والے 16% افراد کا بھی ماننا ہے کہ ان میں سے کم از کم ایک چیز دے رہے ہیں۔

☆ صرف 9% والدین لڑکیوں کے ساتھ رہ رہے ہیں۔ 11% فرد اپنی لڑکیوں سے مالی امداد کی توقع رکھتے ہیں۔

☆ قیمتی اشیا کی خریداری کے دوران 70% خواتین سے رائے طلب کی جائے تو ان میں سے 11% خواتین قوت فیصلہ کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

☆ صرف 18% خواتین کے نام بنک اکاونٹ بنانے کے لئے خاندان سے لئے جا رہے ہیں (مشترکہ اکاونٹ کی غرض سے)۔

☆ صرف 15% خواتین کے نام پر گھر کے اور جائیداد کے دستاویزات ہیں۔

☆ دولت مند خاندان اور شہری علاقے کے خواندہ خاندانوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کے ذاتی اکاؤنٹ ہیں۔

☆ 73% فیصد خواتین، شوہر کی اجازت سے ہی مرکز صحت جاسکتے ہیں۔ 34% فیصد خود سے نہیں جاسکتے یا تنہا نہیں جاسکتے۔

☆ 60% گریجویٹ خواتین بھی شوہر کی اجازت لے کر ہی دواخانہ جاتی ہیں۔

☆ 85% خواتین کا کہنا ہے کہ لڑکے اور لڑکیوں کو مساوی مواقع فراہم کئے جائیں جب کہ 3% خواتین کا ماننا ہے کہ لڑکوں سے زیادہ لڑکیوں کو تعلیم دی جائے۔

☆ 40% خواتین بلا اجازت گھر سے باہر جانے پر ظلم کا شکار ہو رہی ہیں۔

☆ 50% خواتین مطلوبہ جہیز نہ لانے پر، بچوں کی مناسب پرورش نہ کرنے پر مزیدار پکوان نہ کرنے پر ظلم کا شکار ہو رہی ہیں۔

☆ ہندوستان میں 60% خواتین 18 سال سے کم عمر میں ہی شادی کر رہے ہیں۔

☆ آندھرا پردیش میں 77% کمسن لڑکیوں کی شادیاں ہو رہی ہیں۔ اوسط شادی کی عمر لڑکیوں کے لئے آندھرا پردیش میں 15.9% ہے جب کہ ملک میں اس کا اوسط 17.4 سال ہے۔ ان میں 13% لڑکیاں سن بلوغت پر پہونچنے سے قبل ہی شادی کر رہے ہیں۔

☆ جہیز اور شادی بیاہ کے اخراجات قبائلی افراد میں بہت کم ہیں۔ ان میں لڑکا اور لڑکی دونوں کا خرچ برابر ہے۔ اعلیٰ طبقہ، پسماندہ طبقہ اور مسلمانوں میں شادی بیاہ و جہیز کے اخراجات بہت زیادہ ہوتے ہیں۔

☆ تمام سماجی طبقات میں خواندگی فروغ پائی ہے۔ تعلیم میں معیار ایک بڑا سوال ہی ہے۔ خصوصی طور پر دلت، گریجن اور مسلم طبقات کے لڑکیاں بہت پسماندہ ہیں۔ تعلیم تیزی کے ساتھ خانگی ہو رہی ہے۔ 15 تا 49 سال کے عمر والوں میں 9% مرد اور 5% خواتین ڈگری حاصل کئے ہیں۔ 5% مرد اور 3% خواتین انگریزی زبان روانی سے بول سکتی ہیں۔ 7% مرد اور 4.1% خواتین کمپیوٹر سے واقف ہیں۔ تعلیم پر بہت سے امور اثر انداز ہوتے ہیں۔

سیاسی میدان میں امتیازی سلوک:

☆ ہمارے ملک میں خواتین کو حکومت کرنے کا حق رضیہ سلطان کی صورت میں نظر آتا ہے۔ کئی خواتین نے خود حکومت کی ہے لیکن ناگما (Nagamma) خاتون حکومت چلاتی ہے۔

☆ جدید دور میں انگریزوں کے خلاف آزادی کی تحریک میں حصہ لے کر خواتین راست طور پر سیاست میں شراکت دار بنیں۔ اس تحریک میں نہ صرف اعلیٰ طبقات کی خواتین نے ہی حصہ لیا بلکہ تمام طبقوں کی کئی خواتین بڑی مستعدی و چستی کے ساتھ غلامی کے خلاف آواز اٹھائیں اور جنگ کی ہیں۔

☆ ہمارے ملک میں 50 کے دہے سے خواتین کو مقامی اداروں (گرام پنچایت) میں تقرر کیا جا رہا تھا۔ لیکن ابتدائی تقرر صرف برائے نام تھا۔ اس کے بعد پنچایتی، مقامی اداروں کے انتخاب میں دو نشستیں مختص کی گئیں۔

☆ ملک کے سیاسی اداروں میں خواتین کا حصہ 10 تا 35 فیصد ہے۔

☆ 73 اور 74 ویں ترمیم کے ذریعہ 33% نشستیں خواتین کے لئے تحفظات فراہم کرنے سے سیاست کی شراکت داری ایک دم بڑھ گئی ہے۔ اب یہ 50% فیصد تک پہنچ چکی ہے۔ اس کے باوجود ہمارے ملک کی 44% خواتین اس حق کے بارے میں لاعلم ہیں۔

خواتین کو بااختیار بنانا۔اصولِ انصاف:

حکومت کی جانب سے لڑکے اورلڑکیوں کی تعلیمی ترقی کے لئے حسب ذیل نکات پر بحث ومباحثہ ہوا۔وہ اس طرح ہیں:

☆ سماج میں لڑکیوں کی تعلیم سے متعلق غلط فہمی کو دور کرنا۔

☆ تعلیم نسوان کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور سماج میں شعور بیدار کرنا۔

☆ تین تا پانچ سال عمر والی لڑکیوں کے لئے ماقبل تحتانوی مدارس یا آنگن واڑی یا ECE مراکز کا قیام' تحتانوی مدارس کے احاطہ میں کیا جائے تاکہ چھوٹے بچوں کی گھر پر حفاظت کی ذمہ داری سے سبکدوش کرواکر مدرسہ میں جاری رکھنا۔

☆ ایسے مقامات جہاں تعلیم نسوان کا فیصد بہت کم پایا جاتا ہے ان مقامات پر SSA کے مختلف تعلیمی سرگرمیوں کو روبعمل لانا۔

☆ کریکولم/اسباق میں ''صنفی امتیازات'' سے جڑے موضوعات/عنوانات کو خارج کرنا۔

☆ اساتذہ کے تربیتی پروگرام میں ایسے نکات/موضوعات شامل کرنا جس سے لڑکیوں کے تئیں اساتذہ کے برتاؤ میں نکھار پیدا ہو۔

☆ ماقبل تحتانوی مدارس میں لڑکیوں کے اندراج میں اضافہ کرنا اس کے لئے خاطر خواہ لائحہ عمل اختیار کرکے اولیائے طلباء میں ہمت افزائی پیدا کرنا۔

☆ پچھڑے ہوئے طبقات سے وابستہ لڑکیوں کے لئے Hostels قائم کرنا/اقامتی مدارس قائم کرنا۔

☆ تحتانوی مدارس میں خاص کر خواتین ٹیچرس کا تقرر یقینی بنانا۔

☆ فوقانوی مدارس میں اساتذہ کی معقول جائیداد پُر کرنا۔

☆ تمام خواتین کے لئے تعلیم بالغان کی سہولت میسر کرنا۔

☆ لڑکیوں میں ''معاون حیات مہارتوں'' سے آگہی دلانا۔

.IV بچے کی نشونما اور اکتساب

CHILD DEVELOPMENT AND LEARNING

4.1 طلبہ کے مطالعہ کا طریقہ کار

Methods of Child Study

I- جدید طریقے

i) Introspection ii) Observation iii) Interview iv) Experimental Method

v) Case Study vi) Differential Method

II- قیاسی طریقہ

A) Speculative (or) Arm-Chair Method

B) Anecdotal Method: قصہ واقعات پر مبنی آزمائشی طریقہ

Introspection: مطالعہ کا سب سے قدیم طریقہ

☆ اس طریقہ کا موجد (آگسٹین) St. Augustine ہے۔

خود کا رمشاہدہ Spectrum = to read ‘Intra = Self

☆ شعوری طور پر خود کے مطالعہ کو Introspection کہتے ہیں۔

☆ اس طریقہ کی آزمائش میں Subjectivity کی اہمیت زیادہ ہوتی ہے۔

☆ خود کے جذبات، احساسات، خواہشات کا جاننے کا بہتر طریقہ ہے۔

خامیاں: یہ چھوٹے بچوں، جانوروں اور ذہنی معذور بچوں کیلئے غیر مفید آزمائشی طریقہ ہے۔

Observation: Functionalism تفاعلات کے ماننے والے اس طریقہ آزمائش کی تائید کرتے ہیں۔

Observation means looking outside

☆ سائنٹفک طریقہ سے دوسروں کی آزمائش کی جاسکتی ہے۔

خامی: Abnormal بچوں کے آزمائش کیلئے غیر مفید طریقہ ہے۔

Experimental Method

☆ Controlled Observation is called Experiment

☆ یہ بہت ہی سائنٹفک اور objective طریقہ آزمائش ہے۔

☆ اس میں دو اشخاص حصہ لیتے ہیں (i) Experimenter (ii) Subject

☆ زندہ (جاندار) اجسام پر تجربات کرسکتے ہیں۔

☆ طبی میدان میں عام طور پر استعمال ہونے والا آزمائشی طریقہ ہے۔

☆ فرد کی موضوعیت Subjectivities پر زیادہ اہمیت دینے والا آزمائشی طریقہ ہے۔

Differential Method

☆ یہ آزمائشی طریقہ کی وہ قسم ہے جس میں انفرادی اختلافات پر مطالعہ کیا جاتا ہے۔

☆ اس طریقہ کا دوسرا نام Statistical Method ہے۔

4.2 نشونما کے اصول اور ان کے تعلیمی اطلاقات

Principles of Development & their Educational Implications

☆ نمو و نشونما مندرجہ ذیل اصولوں کے تحت واقع ہوتی ہے۔

اس کے جملہ گیارہ (11) اصول ہیں:

1. اصول مسلسل نشونما Principle of continuity
2. نمو و نشونما کی غیر مستقل شرح Rate of Growth and Development is not constant
3. اصول انفرادی تفاوت Principle of Individual differences
4. طرز نشونما یکساں Uniformity Pattern
5. نشونما عام جوابی اقدامات سے مخصوص جوابی اقدامات کی طرف فروغ پاتی ہے

Development proceed from genere to specific responses.

6. اصول انضمام Principle of Integration
7. اصول باہمی تعلق Principle of Interrelation
8. نشونما کی پیشین گوئی ممکن ہے Development is predictable
9. نشونما کی سمت Development direction
10. نشونما گردشی ہوتی ہے نہ کہ سیدھی لکیر کی شکل میں Development is spiral, Not linear
11. بچہ کی نشونما میں توارث اور ماحول مشترکہ ذمہ دار ہیں

Growth and Development is a joint product of heridity and environment

1. اصول مسلسل نشونما Principle of continuity

☆ اس اصول کے تحت اکتساب (Learning) (سیکھنے) کا عمل رحم مادر سے لے کر موت تک جاری رہتا ہے۔

☆ بچہ میں چند چیزیں رحم مادر میں ہی منتقل ہوتی ہیں اور چند بچپن اور جوانی وغیرہ میں سیکھتا ہے۔

☆ لیکن یہ سیکھنے کا عمل موت تک جاری رہتا ہے۔

2. نمو و نشونما کی غیر مستقل شرح Rate of Growth and Development is not constant

☆ سیکھنے یعنی اکتساب کی شرح ہمیشہ ایک جیسی نہیں ہوتی بلکہ یہ زندگی کے مختلف ادوار میں مختلف ہوتی ہے۔ کبھی شرح تیز ہوتی ہے اور کبھی آہستہ ۔

☆ پیدائش کے فوری بعد بچوں میں سیکھنے کی شرح تیز ہوتی ہے۔دو سال کی عمر میں عموماً اس شرح میں کسی قدر کمی واقع ہوتی ہے۔ دوبارہ پانچ (5) سال کی عمر میں اس شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔

☆ لڑکے اور لڑکیوں میں شرح زندگی کے مختلف ادوار میں مختلف ہوتی ہے

3. اصول انفرادی تفاوت Principle of Individual differences

☆ نمو ونشونما میں کسی بچہ کی ابتداء میں اس کی رفتار تیز ہوتی ہے اور بعد میں یہ رفتار آہستہ ہوتی ہے۔لیکن کسی دوسرے بچہ میں ابتداء میں اس کی رفتار آہستہ ہوتی ہے۔اور بعد میں تیز ہوتی ہے۔

☆ یعنی نمو ونشونما ہر فرد میں یکساں نہیں ہوتی بلکہ یہ سب میں مختلف ہوتی ہے۔

4. طرز نشونما یکساں Uniformity Pattern

☆ ہر فرد میں نشونما مختلف ہونے کے باوجود کسی ایک ہی جماعت کے تمام طلباء میں اکتساب کے عمل میں یکسانیت پائی جاتی ہے۔

☆ کسی ایک ہی جماعت کے تمام طلباء میں انفرادی تفاوت کے باوجود ایک جیسا اکتساب ہوتا ہے۔تمام طلباء ایک ہی نصاب سیکھتے ہیں۔ان طلباء کے سیکھنے کے لئے درکار وقت میں انفرادی تفاوت کیوجہ سے فرق پایا جاتا ہے لیکن پھر بھی یکسانیت ہوتی ہے۔

5. نشونما عام جوابی اقدامات سے مخصوص جوابی اقدامات کی طرف فروغ پاتی ہے

Development proceed from genere to specific responses.

☆ بچے ابتداء میں کسی بھی چیز کو صحیح طور پر سمجھ نہیں پاتے ہیں لیکن بعد میں سمجھ جاتے ہیں۔

☆ مثلاً: بچے پیدائش کے وقت جو ہاتھ پیر ہلاتے ہیں وہ بے معنی ہوتے ہیں۔لیکن بعد میں تقریباً چار (4) ماہ کی عمر میں بچے مٹھی بناتے ہیں اور اشیاء کو پکڑتے ہیں یعنی یہ مٹھی میں اشیاء کو پکڑنا سیکھ جاتے ہیں پیدائش کے فوری بعد پیروں کی حرکت بھی بے معنی ہوتی ہے۔گردن اور کمر میں کوئی حرکت نہیں ہوتی۔تقریباً 40 دن کے بعد گردن میں ٹھہراؤ آتا ہے اور 6 ماہ کے بعد بچہ اپنے کمر اور پیروں کو استعمال کر کے الٹا ہوتا ہے اور پھر آگے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے یعنی رینگنے (Crawling) کی کوشش کرتا ہے اور پھر بعد میں چل کر ماں کے پاس جاتا ہے۔

☆ بچوں کو 15 تا 18 ماہ کی عمر میں یا 24 ماہ کی عمر میں پنسل (Pencil) اور کاغذ (Paper) دیا جائے تب بچے کاغذ پر پنسل سے بے معنی لکیریں (خطوط) اتارتے ہیں اور بعد میں جب ان کو حروف (Alphabet) لکھنا سکھایا جاتا ہے تب یہ لکھنے لگتے ہیں۔

☆ ابتداء میں بچوں کی نظر بھی نہیں ٹھہرتی لیکن بعد میں یہ اشیاء کا غور سے مشاہدہ کرتے ہیں۔

☆ ابتداء میں ہاتھ پیر کی بے معنی حرکت - عام جوابی اقدامات

☆ بعد میں اشیاء کو مٹھی میں پکڑنا رینگنا اور چلنا - مخصوص جوابی اقداما:

☆ ابتداء میں نظر کا نہیں ٹھہرنا - عام جوابی اقدامات

☆ بعد میں نظر کا ٹھہرنا اور اشیاء کا غور سے مشاہدہ - مخصوص جوابی اقدامات

6. اصول انضمام Principle of Integration

☆ نشونما کل سے جز کی طرف اور جز سے کل کی طرف فروغ پاتی ہے۔ یہ ایک دوسرے میں انضمام پذیر ہیں۔ مثلاً۔ اگر ایک بچہ سائیکل چلانا سیکھتا ہے تب اس بچہ کو بعد میں موٹر سائیکل چلانا سیکھنے میں آسانی ہوگی۔

☆ اسی طرح جب کوئی شخص موٹر سائیکل چلانے سے واقف ہے تب اس شخص کو کار چلانا سیکھنے میں آسانی ہوگی۔

☆ اسی طرح اگر بچے کے گھر کے ماحول میں سائیکل یا موٹر سائیکل چلانا نہیں ہے بلکہ ہمیشہ کار، ڈرائیور کے ساتھ موجود ہے تب بچہ ضرورت پڑھنے پر خود سے کار چلانا سیکھ سکتا ہے۔

یہ دونوں مثالیں بالترتیب جز سے کُل کی طرف اور کل سے جز کی طرف ہیں۔ اور یہ یک دوسرے میں انضمام پذیر ہیں۔

7. اصول باہمی تعلق Principle of Interrelation

☆ اس اصول کے تحت کسی بھی بچہ کی طبعی حالت اس کی ذہنی حالت پر اثر انداز ہوتی ہے۔

☆ طبعی (جسمانی)، ذہنی (دماغی) اور سماجی پہلو آپس میں ایکدوسرے سے تعلق رکھتے ہیں۔

☆ علم نفسیات کے مطابق یہ کہاوت سو فیصد سچ ہے کہ ''ایک صحت مند جسم میں صحت مند دماغ پایا جاتا ہے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ ہر صحت مند جسم کے اندر صرف صحت مند دماغ ہی پایا جاتا ہے۔ بلکہ صحت مند جسم کے باوجود بھی کمزور دماغ ہوسکتا ہے اور کمزور جسم کے باوجود بھی صحت مند دماغ ہوسکتا ہے۔

☆ اسی طرح سماجی پہلو یعنی گھر کا ماحول، خاندان کا ماحول اور محلے کا ماحول بھی ذہنی پہلو سے مربوط ہے۔ یعنی تمام سماجی ماحول کے اثرات ذہن کی نشونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

☆ طبعی نمو اور سماجی اثرات ذہن کی نشونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی فرد ذہین ہو یعنی IQ زیادہ ہو تب وہ اپنے لئے سماج میں بہتر فیصلے لے سکتا ہے۔

8. نشونما کی پیشین گوئی ممکن ہے Development is predictable

☆ عموماً مدرسین اپنے طلباء کے تعلق سے پیشین گوئی کرتے ہیں یہ دراصل ان کی نشونما اور ماضی کو دیکھ کر ممکن ہے۔

☆ کیونکہ والدین اپنے بچوں کے تعلق سے اپنے دل و دماغ میں ایک نرم گوشہ رکھتے ہیں۔ اسی لئے وہ انکے تعلق سے پیشین گوئی کرتے وقت جانبدار ہوتے ہیں اسی وجہہ سے اکثر و بیشتر والدین کی پیشین گوئی صحیح ثابت نہیں ہوتی۔

☆ لیکن اساتذہ بہ نسبت والدین کے غیر جانبدار ہوتے ہیں اور اپنے ماضی کے تجربات کی بنیاد پر پیشین گوئی کرتے ہیں اسی لئے ان کی پیشین گوئی اکثر و بیشتر صحیح ثابت ہوتی ہے۔ لیکن یہاں یہ بات معلومات ہونا ضروری ہے کہ استاد حقیقت میں استاد ہو اور اس کے ذہن میں تمام تصورات صاف وشفاف ہوں۔ ایک ناکام استاد کی پیشین گوئی صحیح نہیں ہوتی۔

☆ دراصل حقیقی استاد پیدا ہوتا ہے نہ کہ بنتا ہے۔ آج دنیا میں موجود تمام تدریسی کورس تدریسی صلاحیت میں اضافہ کرتے ہیں نہ کہ تدریسی صلاحیت کو پیدا کرسکتے ہیں۔ یعنی کسی فرد میں اندرونی طور پر اگر تدریسی صلاحیت موجود نہ ہو تو وہ ایک کامیاب مدرس ہرگز نہیں بن سکتا۔

.9 نشونما کی سمت Development direction

1. سر سے پاؤں کی جانب
2. درمیان سے شروع ہو کر تمام جانب پھیلتی ہے۔
3. معلوم سے نامعلوم کی جانب

.10 نشونما گردشی ہوتی ہے نہ کہ سیدھی لکیر کی شکل میں Development is spiral, Not linear

☆ نشونما سیدھی سادھی نہیں ہے بلکہ پیچیدہ ہے۔
☆ نشونما میں طبعی نمو کے اثرات ذہنی نمو پر بھی سکتے ہیں۔
☆ نشونما کو اگر ہم خطی گراف (Line graph) سے سمجھنا چاہیں تب

نشونما ———————→ X

نشونما  ✓

☆ نشونما کی رفتار کبھی کم اور کبھی زیادہ ہوتی ہے۔ کبھی سیدھی اور کبھی الٹی ہوتی ہے۔ اسی لئے یہ کہا جاسکتا ہے کہ نشونما ایک پیچیدہ عمل ہے۔

.11 بچہ کی نشونما میں توارث اور ماحول مشترکہ ذمہ دار ہیں

(Growth and Development is a joint product of heridity and environment)

☆ بچہ کے نمو اور نشونما پر توارث اور ماحول راست طور پر اثر انداز ہوتے ہیں۔
☆ والدین کی جسامت اور ذہانت کا اثر بچہ کی جسامت وذہانت پر دکھائی دیتا ہے۔
☆ کسی خاندان کے کھان پان کا اثر اس گھر کے بچوں کے طبعی نمو پر ہوتا ہے۔
☆ اگر مضبوط اور متوازن غذا فراہم کی جاتی ہو تب بچوں کی ہر زاویہ سے نشونما ہونے کے امکانات قوی رہتے ہیں۔
☆ اسی طرح بچوں پر ماحول کا اثر بھی راست طور پر ہوتا ہے۔ ماحول میں

- گھر کا ماحول
- خاندان کا ماحول
- رشتہ داروں کا ماحول ہے
- اسکول کا ماحول
- پڑوسیوں کا ماحول
- محلّہ کا ماحول

☆ موروثیت اور ماحول کے زیر اثر بچوں کی نشونما ہوتی ہے۔
☆ موروثیت میں منفی پہلو اور مثبت پہلو دونوں شامل ہیں۔
☆ اسی طرح ماحول کے اثر میں بھی اچھے ماحول اور خراب ماحول دونوں کے اثرات ہوں گے۔

4.3 نشونما کے ابعاد کے مراحل

(Stages and Dimentions of Development)

☆ نشونما کا تصور پیچیدہ ہے۔

☆ نشونما کے مندرجہ ذیل ابعاد ہیں

I. طبعی Physical

II. تحریکی Motor

III. ادراکی Cognitive

IV. جذباتی Emotional

V. سماجی Social

VI. اخلاقی Moral

VII. لسانی Language

☆ نشونما کے تمام اشکال یا زاویئے ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہوتے ہیں۔ یعنی نشونما کے ایک ابعاد کا تعلق دوسرے ابعاد سے ہوتا ہے۔

مثلاً: اگر طبعی ابعاد بہتر ہوں تب تحریکی اور ادراکی ابعاد کے بہتر ہونے کے امکانات بھی قوی ہو جاتے ہیں۔

☆ نشونما کے مختلف زاویوں کو سمجھانے کے لئے مختلف نظریات ہیں۔

مثلاً:

1. جین پیاجٹ کا اورکی نشونما کا نظریہ Jean Piaget's Cognitive Development Theory

2. ارکسن کا سماجی نشونما کا نظریہ Erikson's Social Development Theory

3. کولبرگ کا اخلاقی نشونما کا نظریہ "Kolberg's Moral Development Theory.

☆ نشونما کے ابعاد کے عنوان کے اصل جو ذیلی عنوانات ہیں جن کا احاطہ ضروری ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

I. طبعی نشونما Physical Development

II. تحریکی نشونما Motor Development

III. ادراکی نشونما Cognitive Development

IV. جذباتی نشونما Emotional Development

V. سماجی نشونما Social Development

VI. اخلاقی نشونما Moral Development

VII. لسانی نشونما Language Development

I. طبعی نشوونما (Physical Development)

☆ 15 تا 20 سال کی عمر تک قد وقامت اور وزن میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

☆ پیدائش کے وقت کے کبیر سر اور صغیر دھڑ سے طبعی نشونما صغیر سر اور کبیر دھڑ کی طرف ہوتی ہے۔

☆ طبعی نشونما کی شرح غیر مستقل ہے۔

☆ طفل یا شیر خوارگی کے زمانہ میں طبعی نشونما کی شرح یا رفتار بہت تیز ہوتی ہے

☆ ابتدائی 4 ماہ کی عمر میں وزن پیدائش کے وقت کے وزن سے دوگنا ہو جاتا ہے۔

☆ 12 ماہ کی عمر تک وزن پیدائش کے وقت کے وزن سے تین گنا ہو جاتا ہے۔

☆ پیدائش کے وقت کے مقابلہ میں چار گنا وزن ہونے کے لئے 6 تا 7 سال درکار ہوتے ہیں۔

☆ پیدائش کے وقت سر (Head) کا سائز تقریباً بڑے آدمی کے سر کے برابر ہوتا ہے۔ جبکہ دھڑ اور جوارح (ہاتھ پیر) بڑے آدمی کے مقابلہ میں بہت چھوٹے ہوتے ہیں۔

☆ طبعی نشونما بلکہ مکمل نشونما کی شرح میں موروثی عامل کا اہم کردار ہوتا ہے۔

بالغ An Adult:

ساڑھے پانچ فٹ
(5'6")
(66")
(165*cm*)



8.25"$(\frac{1}{8})$(12.5%) (20.625*cm*)

57.75"$(\frac{7}{8})$(87.5%) (144.375*cm*)

نومولود New born:

ایک فٹ آٹھ انچ
(1'8")
(20")
(50.8*cm*)



4.5"$(\simeq \frac{1}{4})$(22%) ($\simeq$11.43*cm*)

15.5"$(\simeq \frac{3}{4})$(78.5%) (39.37*cm*)

☆ کمزور ہاضمہ اور مسلسل بیماریوں کا آنا یا زخم کا آنا کسی بچہ کی نارمل نشونما میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔

☆ مناسب ماحول اور بہت زیادہ غذا بھی کسی بچہ کی قومی اور طویل قد وقامت والی نشونما کی پابند نہیں۔

☆ عموماً پیدائش کے وقت طویل بچہ بڑا ہو کر بھی طویل نکلتا ہے۔

☆ Malnutrition کی وجہ سے بھی طبعی نشونما میں کمی واقع ہوتی ہے۔

☆ کمزور حالات کی وجہ سے سن بلوغ میں تاخیر ہوتی ہے۔

☆ نشونما کا طبعی نشونما سے قریبی رشتہ ہے۔

☆ اگر طبعی نشونما صحیح ہو تو جسم کی مکمل نشونما ہوتی ہے۔

- ☆ عموماً بچوں کے زیادہ صحت مند یعنی موٹے رہنے کو نارمل طبعی نشوونما سمجھا جاتا ہے۔لیکن درحقیقت اس کی وجہ سے دوسری نشوونما میں رکاوٹ یا کمی ہوسکتی ہے۔
- ☆ صحت مند ذہانت کے لئے صحت مند جسامت زیادہ کارگر ہوتی ہے۔

II. تحریکی نشوونما (Motor Development):

- ☆ پیدائش سے لے کر ایک سال کی عمر تک کئی ایک غیر شعوری حرکات غائب ہوجاتی ہیں۔
- ☆ طبعی نشوونما کی طرح تحریکی پیش قیاسی کی جاسکتی ہے۔
- ☆ بچہ کے مختلف حرکات سلسلہ وار مراحل میں طئے ہوتے ہیں۔
- ☆ بچہ 6 تا 8 ماہ کی عمر میں رینگتا ہے۔
- ☆ 8 تا 10 ماہ کی عمر میں سہارے کو پکڑ کر کھڑا ہوجاتا ہے اور رینگنے میں تیز روی پیدا ہوتی ہے۔
- ☆ 10 تا 12 ماہ کی عمر میں آزادطور پر یعنی بغیر کسی سہارے کے چلنے لگتا ہے۔
- ☆ کان کی لولکی کا سامنے والا حصہ پیچھے سے سامنے کی جانب نمو پاتا ہے یہ تحریکی نشوونما کے لئے اہم ہے۔
- ☆ کان کی لولکی کا پچھلا حصہ تحریکی افعال کو کنٹرول کرتا ہے۔اس کو Portional development کہا جاتا ہے۔اگر بچہ کو تحریکی نشوونما کے مواقع نہیں ملتے ہیں تب اس میں تاخیر واقع ہوسکتی ہے۔
- ☆ کلچر کی تفاوتیں بھی تحریکی مہارتوں کے اکتساب کی ہمت افزائی کرتی ہیں۔
- ☆ مثال: (1) بایاں ہاتھ صرف صفائی کے کام میں استعمال کرنا اور باقی سب کام داہنے ہاتھ سے کرنا۔

  (2) سرکس (Circus) میں کام کرنے والے خاندان (family) کے بچوں کا بچپن سے ہی جمناسٹک (Gymnastic) کے کرتب سیکھنا اور اس میں مہارت حاصل کرنا۔

  (3) والدین کے پیشے والے کام آسانی سے سیکھنا اور کرنا۔

III. ادراکی نشوونما (Cognitive Development)

- ☆ ادراک دراصل تمام دماغی صلاحیتوں کے لئے استعمال ہونے والی اصطلاح ہے۔
- ☆ اس میں سیکھنا، یادرکھنا، معلومات کو تاویل کرنا اور مسائل کو حل کرنا وغیرہ شامل ہیں۔
- ☆ بچپن میں سیکھنے اور معلومات کو ذخیرہ اندوز کرنے کا عمل بہت تیزی سے ہوتا ہے۔
- ☆ بچپن میں یادداشت طویل اور مستقل ہوتی ہے۔
- ☆ اسی لئے پہاڑے یاد کرنے اور قرآن حفظ کرنے جیسے کام بچپن میں کروانے پر پختہ ہوتے ہیں۔
- ☆ دماغی افعال دراصل ادراکی مواقع پیدا کرتے ہیں۔۔
- ☆ ادراکی نشوونما میں انفرادی تفاوت ہوتی ہے۔
- ☆ ایک ہی جماعت کے تمام طلباء میں ادراکی نشوونما میں یکسانیت کے باوجود انفرادی تفاوت پائی جاتی ہے۔
- ☆ لڑکے اور لڑکیوں کی ادراکی نشوونما میں فرق پایا جاتا ہے۔

IV, V. جذباتی اور سماجی نشوونما Emotional and Social Development

☆ نو پیدا شدہ بچوں میں خوف کا تجربہ نہیں ہوتا۔

☆ نو پیدا شدہ بچے کسی شخص کی گود میں رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔

☆ 6 تا 10 ہفتوں کے درمیان بچہ پہلی مرتبہ مسکراتا ہے اس مسکراہٹ کو سماجی مسکراہٹ (Social smile) کہتے ہیں۔

☆ 8 تا 12 ماہ کی عمر کے درمیان بچہ میں پہلی مرتبہ مختلف دھمکیوں کی وجہہ سے خوف پیدا ہوتا ہے۔

☆ 10 تا 12 ماہ کی عمر سے بچے صرف پہچان والے لوگوں کی گود میں ہی جانا پسند کرتے ہیں۔ یعنی غیر پہچان والے لوگوں کی گود میں جانا پسند نہیں کرتے۔

☆ درمیانی لڑکپن میں بچوں میں اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ دوستی کرنے کی خاصیت پیدا ہوتی ہے۔

☆ عنفوان شباب میں مخالف جنس کے ساتھ رومانی اور تخیلی محبت کی خاصیت پیدا ہوتی ہے۔

☆ لڑکپن اور عنفوان شباب میں بہت زیادہ غصہ کی خاصیت پائی جاتی ہے۔

☆ عنفوان شباب میں مخالف جنس کے ساتھ کشش نارمل ہے لیکن اس کشش کا حد سے تجاوز کرنا یا کشش نہ پیدا ہونا غیر نارمل ہے۔

VI. اخلاقی نشوونما (Moral Development)

☆ اخلاق کے معنی کسی شخص یا گروپ کے خواص بیان کرتا ہے۔

☆ اگر کسی شخص کا طرز عمل اور چال چلن وغیرہ اچھے ہوں تب اس شخص کو اچھے اخلاق والا مانا جاتا ہے۔

☆ اس کے برعکس اگر کسی شخص کا طرز عمل اور چال چلن وغیرہ خراب ہو تب اس شخص کو خراب اخلاق والا مانا جاتا ہے۔

☆ بچہ کے نفسیاتی میدان کو مسلسل حدود کے اندر لانا ہی دراصل اخلاقی نشوونما ہے۔

☆ چھوٹے بچوں خود ضبط (Self Concious) اور خود احترام (Self respect) کا احساس بھی نہیں ہوتا۔

☆ بچپن میں بچے اپنے آپ کو دریافت نہیں کر پاتے اور ان میں خود تصور (Self concept) نہیں ہوتا۔ یہ اخلاقی نشوونما کا سب سے نچلے درجہ ہے۔

☆ بچوں میں جسمانی تکلیف ہی ان کے چال چلن کی جانچ کا طریقہ ہے۔

☆ مثلاً ایک چھوٹا بچہ جب کپڑوں میں ہی ضرورت سے فارغ ہو جاتا ہے اور اس کے جسم کو گیلا پن لگنے لگتا ہے جس کی وجہہ سے جسم کو تکلیف ہوتی ہے تب بچہ رونے لگتا ہے۔ اس کا مطلب بچہ میں تکلیف کا احساس ہے اور گندگی کا بھی انجانی احساس ہے۔ لیکن کسی دوسرے بچے میں ایسا کوئی احساس نہیں ہے۔ تب ہم دو بچوں میں فرق محسوس کر سکتے ہیں۔

☆ انعام اور سزا بچہ کے اخلاقی نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

☆ بچہ اپنے گروپ کے لئے بچپن میں بہت وفادار ہوتا ہے۔

☆ عنفوان شباب (Adolescence) میں بچہ میں خود ضبط (Self concious) اور خود احترام (Self respect) پیدا ہوتا ہے جس کے نتیجہ میں بچہ میں اخلاقی بالیدگی یعنی اخلاقی نشوونما پیدا ہوتی ہے۔

VII. لسانی نشونما (Language Development)

☆ بچے الفاظ سیکھنے سے پہلے بلکہ بہت پہلے ہی دوسروں کی زبان سمجھنے لگتے ہیں۔

☆ بچوں میں پہلا مرحلہ غوں غاں کرنے کا ہوتا ہے۔ یہ Babbling Stage ہے۔جس میں بے سونچی سمجھی آوازیں نکلتی ہیں جس کے کوئی معنی نہیں ہوتے۔

☆ ایک سال کی عمر میں بچہ سب سے پہلے ماں، دا،نا چا اور فا وغیرہ جیسے الفاظ سیکھتا ہے۔

☆ 2سال میں 250 الفاظ سیکھتا ہے۔

☆ 6سال میں 2500 الفاظ سیکھتا ہے۔

☆ بچے کے الفاظ کا ذخیرہ بہت تیزی سے بڑھتا ہے۔اور یہ خاندان کی سماجی اور معاشی حیثیت اور رتبہ پر بھی منحصر ہے۔

☆ مدرسہ کا ماحول اور ساتھیوں کا گروپ بھی الفاظ کی ذخیرہ اندوزی کا ذمہ دار ہے۔

☆ اگر بچہ دولسانی ماحول میں ہے تب یہ ضروری ہے کہ اس کو دونوں زبانیں الگ الگ ذرائع سے ملیں۔

☆ اگر بچہ کثیر لسانی ماحول میں ہے تب مختلف زبانیں الگ الگ ذرائع سے ملتی ہوں اور بچے کو تمام زبانوں کو اپنی روزمرہ زندگی میں استعمال کرنے کی ضرورت پیش آتی ہو (مثلاً گھر میں اردو زبان، مدرسہ میں انگریزی زبان، محلّہ میں تلگو زبان اور بازار میں ٹمل زبان ہو) اور بچہ ذہین بھی ہو تب وہ تمام زبانیں سیکھ سکتا ہے۔

☆ لڑکپن میں الفاظ کی بہت زیادہ ذخیرہ اندوزی ہوتی ہے۔مثلاً

(1) مجلسی آداب کے الفاظ

(2) رنگوں کے نام

(3) پیسے وروپے

(4) گنتی

(5) وقت کے الفاظ

(6) راض کے الفاظ یعنی بھید کے الفاظ

(7) مشہور الفاظ و جملے

☆ عنفوان شباب میں بچوں میں نئے اصطلاحات فروغ پانے میں یعنی بچے نئے اصطلاحات سیکھتے ہیں

☆ شاعری کا لطف معلوم ہوتا ہے۔

☆ بچپن میں ہی ہوائی قلعہ والی زبان Bombastic language بنانا سیکھتے ہیں۔

☆ اگر زبان (لسان) سیکھنے کے لئے مواقع کی کمی ہوتی ہے یا ان صلاحیتوں اور خاصیتوں کے لئے کم مواقع ہوتے ہیں تب بچے عموماً بات چیت میں کمزور ہوتے ہیں اور ان میں خود ضبط اور جھجک ہوتی ہے۔

☆ بچے کو جتنا زیادہ پڑھنے، جملے بنانے اور لکھنے کا ماحول فراہم کیا جاتا ہے۔ بچے اتنے ہی زیادہ الفاظ کا ذخیرہ کر سکتے ہیں۔

اکتساب LEARNING

☆ Learning = علم، ہنر، تعلیم، آموزش، فضیلت، علمیت یا سیکھنا۔

☆ ہر فرد کی زندگی میں سیکھنا اکتساب کا ایک اہم مقام ہے۔

☆ بچہ گھر کے اور مدرسہ کے ماحول سے بہت کچھ سیکھتا ہے۔

☆ یہ ساری زندگی چلنے والا عمل ہے۔ جس سے سیکھنے والے کو معلومات، رویہ اور مہارتیں حاصل ہوتی ہیں۔

☆ انسان قدرت کا مشاہدہ کر کے، دنیا کو دیکھ کر اور تجربے کر کے سیکھتا ہے۔

☆ ہر مضمون کا ایک اندرونی نظم وضبط ہوتا ہے۔ جب بچہ کا برتاؤ بدلتا ہے تب ہم اس پر زیادہ توجہ نہیں دیتے صرف ہم بچہ کو کرو یا مت کرو کا حکم دیتے ہیں۔ نہ کے بچے کے ماحول کو بدلنے کی کوشش کرتے ہیں۔

☆ کوئی فرد تجربات کے نتیجہ میں سادہ برتاؤ حاصل کرتا ہے۔

☆ خود بخود عمل، بے سونچا سمجھا عمل، انعکاس، فطری مہارت، مسلسل اظہارات جو کہ احساسات اور جذبات کے ساتھ ہوں یہ سادہ خواص ہیں۔ یہ عمل اکتساب کی بنیادیں ہیں۔

☆ ابتدائی حیوانات میں اصل output مقرر ہے۔ جب کہ اعلیٰ حیوانات میں اور خصوصاً انسان میں اصل output تجربات کی بنیاد پر تبدیل پذیر ہے۔

اکتساب کی تعریفیں.

☆ حالات کے تحت ہونے والی رویہ کی ہر تبدیلی کو اکتساب کہا جاتا ہے۔ Morphy Gardener

☆ اکتساب تجربات کے ذریعہ رویہ میں تبدیلی ہے۔ Henry P. Smith.

اکتساب نیا رویہ اختیار کرنا یا تجربات کے ذریعہ قدیم رویہ میں کمزوری یا مضبوطی کا واقع ہونا ہے۔

اکتساب کے اصول (Principles of Learning)

☆ اکتساب آفاقی ہے۔ ہر جاندار سیکھتا ہے۔

☆ اکتساب ایک مسلسل عمل ہے یہ مہد سے لحد تک جاری رہتا ہے۔

☆ کسی فرد میں اکتساب کے بغیر بالیدگی کا عمل واقع نہیں ہوتا۔

☆ یہ کسی فرد کو زندگی کے مراحل میں ساکن اور سخت رہنے نہیں دیتا بلکہ اس کو متحرک اور لچکدار بناتا ہے۔

☆ اکتساب نتیجہ حاصل کرنے اور منزل تک پہنچنے کی سمت دیتا ہے۔

☆ اکتساب دونوں سطحوں یعنی شعوری اور لاشعوری سطح پر ہوتا ہے۔

☆ مناسب جسمانی اور ذہنی نشوونما سے ہی اکتساب ممکن ہے۔

☆ اکتساب کسی فرد کے ادراک یا Affective اور Psychomoter رویہ کو تبدیل کرتا ہے۔

☆ اکتساب سیکھنے والے کو ماحول کے ساتھ نئے ٹیکنیک فراہم کرتا ہے۔

☆ اکتساب نئے ماحول میں نئے تعلقات پیدا کرتا ہے۔

اکتساب پر اثر انداز ہونے والے عوامل

FACTORS INFLUENCING LEARNING

I. شخصی عوامل Personal Factors

1. سیکھنے والے کی عمر Learners Age
2. بلوغت Maturation
3. جذباتی حالت Emotional Condition
4. ضرورتیں Necessities
5. دلچسپی Interest
6. محرکہ Motivation
7. قابلیتیں Capabilities
8. رجحان Attitude

II. ماحولیاتی عوامل Environmental Factors

1. سماجی عوامل Social Factors
   (A) گھریلو عوامل Home Factors
   (B) مدرسہ کے عوامل School Factors
2. کلچر کے عوامل Cultural Factors
3. سیکھنے کا مواد Learning Content
4. والدین سے تعلقات Relationship with Parents
5. معلم سے تعلقات Relationship with Teachers
6. ساتھیوں کے ساتھ تعلقات Relationship with Peers
7. اکتساب پر میڈیا کا اثر Affect of Media on Learning
8. میڈیا کے منفی اثرات Negative Impacts of Media

اکتساب اور اس کے اطلاقات تک رسائی

Approaches to Learning & Their Applicability

کرداریت Behaviorism

اس کے تحت (3) تین نظریات آتے ہیں۔

1. Theory of Operant Conditioning - B.F. Skinner. عملی مشروطیت کا نظریہ
2. Theory of Classical conditioning - Ivan Pavlov کلاسیکل مشروطیت کا نظریہ (معیاری مشروطیت کا نظریہ)
3. Trial and Error Learning - EL. Thorndike. سعی و خطا سے اکتساب

1. عملی مشروطیت کا نظریہ Theory of Operant Conditioning

☆ اس کو B.F. Skinner نے پیش کیا۔

☆ اس کو نظریہ کمک (Theory of Reinforcement) بھی کہا جاتا ہے۔

☆ اس نے چوہے اور کبوتر پر تجربات کئے۔

☆ تجربات کے لئے اسکنر نے ایک ڈبہ (Box) بنایا۔جس کو اسکنر کا ڈبہ (Skinner Box) کا نام دیا۔

☆ اس ڈبہ میں ایک ایسا بٹن لگایا کہ جس پر دباؤ پڑھنے سے غذا کی تھوڑی مقدار پلیٹ میں گرتی ہے۔

☆ اس ڈبہ میں ایک بھوکے چوہے کو چھوڑا گیا ابتداء میں یہ چوہا غذا کے حصول کے لئے کافی بھاگ دوڑ اور محنت کیا۔

☆ جب اتفاقاً چوہے کا دباؤ بٹن پر پڑھتا ہے تو اس سے پلیٹ میں تھوڑی سی غذا گرتی ہے۔

☆ بھوکا چوہا اس غذا کی تھوڑی سی مقدار کو کھالیتا ہے۔

☆ چوہا کئی مرتبہ اس عمل کو دہراتا گیا۔

☆ ہر مرتبہ چوہے کی بھاگ دوڑ میں کمی آتی گئی اور آخر میں چوہا بغیر کسی بھاگ دوڑ کے سیدھے بٹن پر دباؤ ڈالنے لگا۔

☆ یعنی چوہے کی غیر ضروری حرکتوں میں ہر مرتبہ کمی واقع ہوتی گئی۔

☆ اس طرح یہ تجربہ کبوتر کے ساتھ بھی دہرایا گیا۔

☆ یعنی کبوتر جب بھی بٹن پر چونچ مارتا اس کو غذا ملتی۔

☆ کبوتر کا بٹن پر چونچ مارنا یا چوہے کا بٹن پر دباؤ ڈالنا ایک محرک (Stimulus) ہے اور جس کے بدلے میں ردعمل (Response) ملتا ہے۔اور جو غذا ملتی ہے اس کو انعام یا کمک (Reintencement) کہا جاتا ہے۔

☆ اس طرح جانداروں کا عمل مشروط ہے یعنی غذا کا حصول ترغیبی عمل سے مشروط ہے۔اسی لئے اس کو اصول عملی مشروطیت (Principle of operent conditioning) کہا جاتا ہے۔



☆ اس عمل میں محرک ردعمل (Stimulus-Response) (S-R) ایک دوسرے سے جڑے ہوتے ہیں۔

☆ انعام یا کمک کی تعریف اس کے اثر سے کی جاتی ہے ۔کوئی بھی محرکہ (stimulus) جو کہ ردعمل (response) کے امکانات کو بڑھاتا ہے یعنی انعام یا کمک (reinforcer) ہے۔

☆ اسکنر کے مطابق انعام کا طریقہ کار ماحول میں فطری ہے۔

☆ مصنوعی حالات کسی مخصوص ردعمل کے طور پر ظاہر ہوتے ہیں۔جو کہ ردعمل کو مثبت یا منفی انعام کے طور پر برقرار رکھتے ہیں۔

☆ برتاؤ میں برقراری' بھوکے شخص کو غذا کا ملنا' قوت رتبہ' مزدور کی اجرت' اکثر ایک خاص برتاؤ یا ردعمل کو برقرار رکھتے ہیں۔ یہ سب مثبت انعام کی مثالیں ہیں۔

عمل مشروطیت کے اصول Principles of Operant Conditioning

I. وضع گری (Shaping)

II. تعمیم (Generalisation)

A. تعمیم محرک (Stimulus Generalization)

B. تعمیم ردعمل (Response Generalization)

III. مسدودی (Extinction)

IV. فوری بازیابی (Spontaneous Recovery)

تعلیمی مضمرات (Educational Implications)

1. مطالعہ کے طرز عمل کو مشروط بناتا ہے۔

2. مشروطیت اور کمرہ جماعت کا طرز عمل

3. مسائلی طرز عمل

Stimulus → Response → Reward (Reinforcement)

	Something "Bad" (rewarding)	Something "Good" (rewarding)
Giving (positive)	Positive Punishment (behavior is weakened)	Positive Reinforcement (behavior is strengthened)
Taking Away (negative)	Negative Reinforcement (behavior is strengthened)	Negative Punishment (behavior is weakened)

2. معیاری مشروطیت کا نظریہ Theory of Classical Conditioning

☆ اس نظریہ کو ایک روسی حیاتیات داں ایوان پاولو (Ivan Palov) نے 1897ء میں پیش کیا۔

☆ اس کو اس کام کے لئے 1904ء میں نوبل انعام سے نوازا گیا۔ دراصل اس نے یہ تحقیق ہاضمی عمل پر کی۔

☆ اس کو دلچسپی تھی کہ کس طرح کتے میں لعاب خارج ہوتا جبکہ ابھی غذا اسکو نہیں دی گئی۔

☆ اس نے ردعمل کو ایک محرکہ (Stimulus) سے دوسرے محرکہ (Stimulus) میں تبدیل کیا۔ یعنی ایک محرکہ سے جو نتیجہ حاصل ہورہا تھا اسی نتیجہ کو پاولو نے دوسرے محرکہ سے حاصل کیا۔

☆ اس نے کتے کے لعابی غدود میں ایک نلی داخل کی تاکہ کتے کو غذا فراہم کرنے پر خارج ہونے والے لعاب کی مقدار کی پیائش کی جا سکے۔

☆ پہلے کتے کو غذا دی جاتی تھی تب غذا کو دیکھتے ہی کتے کے منہ سے لعاب خارج ہوتا تھا۔

☆ کتے کے سامنے گھنٹی بجانے پر اسکے منہ سے لعاب خارج نہیں ہوتا۔

☆ پہلے گھنٹی بجائی جاتی اور اس کے فوراً بعد غذا دی جاتی جسکی وجہہ سے کتے کے منہ سے لعاب خارج ہوتا ہے۔

☆ بعد میں صرف کتے کے سامنے گھنٹی بجانے پر بھی اسکے منہ سے لعاب خارج ہوتا ہے۔



☆ پہلے محرکہ (Stimulus) غذا تھی جبکہ ردعمل (Response) لعاب کا اخراج تھا۔

☆ لیکن بعد میں محرک (Stimulus) گھنٹی کا بجانا ہوگیا اور ردعمل (Response) لعاب کا اخراج ہے۔

☆ شروع میں گھنٹی کے بجانے سے لعاب خارج نہیں ہوتا تھا لیکن گھٹی کے بجانے کے فوراً بعد غذا فراہم کی جاتی اور بار بار اس عمل

کو دہرایا جاتا تب صرف گھنٹی کے بجانے سے بھی لعاب خارج ہوتا ہے۔

- ☆ پہلے غذا (Food) ایک غیر مشروط محرکہ (Unconditioned stimulus) (UCS) تھا جسکا ردعمل (Response) لعاب کا اخراج ہے جو کہ غیر مشروط ردعمل (Undoncitioned Response)(UCR) ہے۔
- ☆ مشروط لفظ شرط سے اخذ کیا گیا ہے یعنی غیر مشروط کے معنی بلا کسی شرط کے ہیں۔
- ☆ غذا کسی شرط پر نہیں بلکہ بلا کسی شرط کے دی جاتی ہے تب لعاب کا اخراج ایک ردعمل (Response) کے طور پر ہوتا ہے۔
- ☆ جبکہ B.F. Skinner کے عمل مشروط کے نظریہ میں غذا بٹن کے دبانے پر حاصل ہوتی ہے یعنی یہاں غذا کے لئے بٹن کا دبانا شرط ہے۔اسی لئے یہ عمل مشروطیت ہے۔
- ☆ کتے کے لعاب کا اخراج کا ردعمل دوسرا عنصر ہے۔ جو کہ غیر مشروط ردعمل (Unconditioned Response) (UCR) ہے جو غیر مشروط محرکہ (Unconditioned stimulus)(UCS) کی وجہ سے ہوتا ہے۔
- ☆ پہلے گھنٹی کی آواز ایک تعدیلی محرکہ (Neutral stimulus) (NS) تھا یعنی اس پر لعاب خارج نہیں ہوتا تھا۔
- ☆ جب کہ بعد میں یہی گھنٹی کی آواز مشروط محرکہ (Conditioned stimulus) (CR) میں تبدیل ہوگئی جس کے ردعمل (Response) کے طور پر لعاب خارج ہوتا ہے۔
- ☆ ابتداء میں گھنٹی کے بجنے کی آواز پر کتا اس جانب دیکھتا یا آواز کی جانب اپنے کان کھڑے کرتا لیکن اس کے منہ میں لعاب نہیں آتا تھا۔
- ☆ لیکن بعد میں گھنٹی کی آواز مشروط محرکہ (Condibined Stimule) (CS) کے نتیجہ میں مشروط ردعمل (Conditioned Response) (CR) ہوتا ہے جو کہ لعاب کا اخراج ہے۔

مشروطیت سے قبل Before Conditioning

Conditioned stimulus (Bell) - No response of salivation

مشروط محرکہ (گھنٹی) - لعاب کے اخراج کا ردعمل غیر موجود

Unconditioned Stimulus (Food) - Unconditioned Response (Salivation)

غیر مشروط محرکہ (غذا) غیر مشروط ردعمل (لعاب کا اخراج)

مشروطیت کے دوران (During Contditioning)

Conditioned stimulus (bell) - Unconditioned

مشروط محرکہ (گھنٹی) غیر مشروط

Uncondition stimulus (Food) - Response (Slavation)

غیر مشروط محرکہ (غذا) ردعمل (لعاب کا اخراج)

(After Conditioning) مشروطیت کے بعد

Conditioned stimulus (Bell) - Conditioned response (Salivation)

مشروط محرکہ (گھنٹی) مشروط ردعمل (لعاب کا اخراج)



سعی وخطا کا طریقہ Trial & Error Method

☆ حیوانات کے اکتساب سے مربوط پہلی نفسیاتی تحقیق E.L. Thorndika نے کی۔

☆ یہ ایک تغیری نظریہ ہے جس کے تجربات کے خواص میں ایک طرف مربوطیت کی بنیادیں (Associative Foundation) ہیں اور دوسری طرف برتاؤ والی پہنچ ہے۔

☆ اس کو بند کا نظریہ (Bond Theory) اور محرکہ - ردعمل کا نظریہ (Stimulus-Response theory) بھی کہتے ہیں۔

☆ تھارن ڈائک کے مطابق ابتدائی حیوانات اور انسان میں اکتساب کی خاص شکل سعی وخطا کا طریقہ (Trial & Error method) ہے۔

☆ مثلاً کوئی انسان سیکل چلانا سیکھنے کے دوران بہت غلطیاں کرتا ہے اسی طرح موسیقی آلہ چلانا سیکھنے کے دوران بھی غلطیاں کرتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ وقت کے ساتھ غلطیوں میں کمی آتی ہے اور کام میں مہارت حاصل ہوتی ہے۔ اکتساب کا یہ عمل سعی وخطا (Trial & Error) کہلاتا ہے۔

☆ اس تجربہ میں تھارن ڈائیک نے مختلف قسم کے مشکل مسئلہ کے پنجرے (Puzzle boxes) بنائے جس میں حیوان کو کامیاب حل کے لئے مختلف قسم کی ہنر مندی کی ضرورت ہو۔

☆ تجربہ میں تھارن ڈائیک نے ایک بھوکی بلی کو پنجرہ میں رکھا جب کہ ایک مچھلی کوٹکڑے کو پنجرہ کے باہر رکھا۔ تا کہ بلی مکمل طور پر عمل کی طرف تحریک پائے۔ پنجرہ کے دروازہ کا کھلنا ایک بٹن (Latch) کے دبانے پر ہی ممکن ہو۔

☆ بھوکی بلی بیچین ہواٹھی اور یہ پنجرہ سے باہر آنے کے لیے ہر قسم کی حرکت کی مثلاً پنجوں سے مارنا، جال کترنا، پنجرہ کے مختلف حصوں کو ہلانا وغیرہ۔

☆ تھارن ڈائیک کے مطابق بلی کے یہ بے ترتیب حرکات دراصل سعی وخطا کے طریقہ سے اکتساب کا ابتدائی مرحلہ ہے۔

☆ کچھ وقت کے بعد بلی بالا تفاق بٹن (Lath) دباتی ہے جس کی وجہ سے پنجرہ کا دروازہ کھلتا ہے اور بلی پنجرہ سے باہر آ کر مچھلی کا ٹکڑا کھاتی ہے۔

☆ بلی کو پھر دوبارہ پنجرہ میں ڈالا جاتا ہے اور مچھلی کا ایک اور ٹکرا باہر رکھا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے بلی پھر بے ترتیب حرکات کرتی ہے اور پھر اتفاق سے بٹن دبنے پر بلی باہر آتی ہے۔

☆ اس تجربہ کو بار بار دہرانے پر بے ترتیب حرکات میں کمی آتی ہے اور آخر میں بلی ایک مرحلہ پر بغیر کسی بے ترتیب حرکت کے سیدھے بٹن دباتی ہے۔

تھارن ڈائیک کے اکتسابی اصول Thorndikes law of learning

اصول آمادگی 1. Law of readiness

اصول ورزش 2. Law of exercise

اصول تاثیر. 3. Law of effect

.1 اصول آمادگی Law of readiness

☆ منزل کی طرف والے برتاؤ میں مزاحمت یا مداخلت محرومی یا مایوسی کا باعث بنتی ہے اور کسی کو نہ چاہتے ہوئے بھی اگر کچھ کام کرنا پڑتا ہے تب یہ بھی محرومی و مایوسی کا باعث بنتی ہے۔

(i) جب کوئی کسی کام کے لئے تیار ہے تب ایسا کرنا اطمینان بخش ہے۔

(ii) جب کوئی کسی کام کے لئے تیار ہے تب ایسا نہیں کرنا پریشان کن ہے۔

(iii) جب کوئی کسی کام کے لئے تیار نہیں ہے اور اس پر کرنے کے لئے دباؤ ڈالا جا رہا ہے تب یہ بھی پریشان کن ہے۔

.2 اصول ورزش Law of exercise

☆ کسی حد تک ہی صحیح لیکن ہم کرنے سے سیکھتے ہیں اور نہیں کرنے سے بھول لیتے ہیں۔

(i) محرکہ اور ردعمل کے درمیان رابطہ مضبوط ہوتا ہے جب اس کو استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ قانون استعمال (Law of use) ہے۔

(iii) محرکہ اور ردعمل کے درمیان رابطہ کمزور ہوتا ہے جب اس کو استعمال نہیں کیا جاتا۔ یہ قانون عدم استعمال (Law of disuse) ہے۔

3. **اصول تاثیر Law of effect**

☆ اگر ردعمل اطمینان بخش حالت میں داخل ہوتا ہے تب ان کے درمیان موجود رابطہ کی طاقت میں بہت حد تک اضافہ ہوتا ہے۔ جبکہ اگر پریشان کن حالت میں داخل ہوتا ہے تب ان کے درمیان موجود رابطہ کی طاقت میں بہت حد تک کمی واقع ہوتی ہے۔

تعمیریت Constructivism

☆ اکتساب ایک چست اور تعمیری عمل ہے۔

☆ سیکھنے والا اطلاعات کی تعمیر کرتا ہے۔

☆ لوگ شعوری نمائندگی کے حقیقی مقاصد کو چستی سے تعمیر کرتے ہیں۔

☆ تعمیریت خصوصاً اس کی سماجی حالت میں یہ بتلاتی ہے کہ سیکھنے والا ایک تعمیری مدرس کے ساتھ ملکر چستی اور فراخ حوصلگی سیکھتا ہے۔ اس کے تحت دو (2) نظریات آتے ہیں۔

(1) پیاجے کا نظریہ (Piajets theory)　　(2) وائی گاٹسکی کا نظریہ (Vygotsky Theory)

1. **پیاجے کا نظریہ Piajets theory**

☆ یہ ایک فلاسفر تھا اور اس کا تعلق سوئیزر لینڈ سے ہے۔

☆ یہ ماحولیات کا سائنسدان تھا اور اس کے ادرا کی بالیدگی کے کام کی وجہ سے اس کو کافی شہرت ملی۔

☆ اس نے اکتسابی نظریات پیش کئے جو کہ اس کے مطابق معلومات کی نشونما (Generic epistomology) ہیں۔

☆ پیاجے کا تعمیری نظریۂ اکتساب کے نصاب پر اثر انداز ہوتا ہے کیونکہ استاد کو ایک نصابی پلان تیار کرنا ہوتا ہے جو کہ اس کے شاگردوں کے منطقی اور تصوری نشونما کو بڑھاتا ہے۔

☆ استاد اس بات پر ضرور زور دینا چاہئے کہ بچوں کی تعلیم میں کھیل کا ماحول جڑا ہوا ہو۔

☆ پیاجے کی تعمیریت کا نظریہ اس بات پر بحث کرتا ہے کہ ان کی پرانی معلومات کی بنیاد پر اس کے معنی بناتے ہیں۔

☆ اس کے نظریہ کی دو (2) کلید ہیں (i) انجذاب Assimilation (ii) مطابقت Accommodation

☆ انجذاب کی وجہ سے کوئی فرد نئے تجربات کو پرانے تجربات کی بنیاد پر مشترک کرتا ہے۔ اور جانچتا ہے کہ اس میں سے کیا اہم ہے۔

☆ دوسری طرف مطابقت (Accommodation) دنیا کو دوبارہ ترتیب دینا ہے جو کہ اس میں موجود ذہنی صلاحیت پر ہے۔

☆ پیاجے کا نظریہ اس بات پر روشنی نہیں ڈالتا کہ اکتساب پر کیا اثرات ہیں بلکہ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے دراصل اکتساب کس طرح ہوتا ہے۔

☆ اس نظریہ کے مطابق استاد کا رول بہت اہم ہے استاد کو لکچر دینے کے بجائے طلباء کے لئے سہولت پیدا کرنے والا (Fecilitator) ہونا چاہئے اور طلباء اپنے طور پر سمجھتے ہیں تو انہیں مدد فراہم کرنا چاہئے۔

☆ اس طریقہ میں بچہ اپنی خودی سے سیکھتا ہے نہ کہ استاد یا اس کے لکچر سے۔

☆ استاد بولنے کے بجائے طلباء سے پوچھنا چاہئے اساتذہ مسلسل بچوں سے گفتگو میں رہنا چاہئے۔

☆ **ایک حکمت عملی** یہ ہے کہ استاد طلبہ کے گروپ تشکیل دینا چاہئے تا کہ طلباء ایکدوسرے کے ساتھ مل کر باھم کام کریں۔اور ایک دوسرے کے سوالات کے جواب دینا چاہیے؟

☆ **دوسری حکمت عملی** یہ ہے کہ ایک ذہین طالب علم کو کسی ایک مضمون پر ماہر بنانا چاہئے۔اور وہ جماعت کو سمجھانا چاہئے۔

☆ بالآخر یہ جوڑیوں میں یا گروپ میں کام کرنا چاہئے۔اور پھر اپنی تیاری کرتے ہوئے عنوانات' جماعت کو سمجھانا چاہئے۔

2. وائی گاٹسکی کا نظریہ Vygotsky Theory

☆ وائی گاٹسکی کا نظریہ ادرا کی نشونما میں سماجی تعلقات کے کردار پر زور دیتا ہے۔

☆ یہ سونچتا ہے کہ صحیح معنوں میں معنویت کے لئے کمیونٹی اہم رول ادا کرتی ہے۔

☆ اس کے مطابق بچوں کی نشونما کا طریقہ کار اکتساب سے ہے۔

☆ دراصل سماجی اکتساب کا طریقہ کار ہی نشونما ہے۔

☆ اس نے 30-1920ء کے درمیان ادرا کی نشونما کے لئے ایک سماج و کلچر کے طریقہ کار کو ترغیب دیا۔

☆ لیکن یہ صرف 38 سال کی عمر میں انتقال کر گیا۔اس کا بہت سا کام ادھورا ہے۔

☆ آج اس کے کئی ایک نظریات کو روسی زبان سے دوسری زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

☆ اس کے مطابق سماج اور کلچر کے بغیر کسی فرد کی آزادانہ طور پر نشونما ممکن نہیں ہے۔

گیسٹالٹ Gestalt

☆ لفظ گیسٹالٹ کے معنی کامل معنی خیز (Meaningful whole) کے ہیں۔

☆ یہاں whole کا مطلب تمام حصوں کے مجموعہ سے اعلیٰ ہے۔

☆ پہلی مرتبہ Gestalt کی اصطلاح کو Christian Von Ehrenfels نے استعمال کیا۔

☆ 1890ء میں اس نے Gestalt Qualities کے نام سے کتاب لکھی۔

☆ Max Wertheimer اسی کا ایک طالب علم ہے۔

☆ ابتدائی بیسویں صدی کے نفسیات دان ونظریات داں جیسے ''کرٹ کوفکا'' "Max weraeiman'' اور "Wolfgang Kahlar" نے گیسٹالٹ سونچ کو معیار حرکت دیا۔

☆☆☆

4.4 نشوونما کا علم

(Understanding Development)

جین پیاجے: ادراکی نشوونما (Jean Piaget: Cognitive Development)

☆ عصبی سائینس اور نفسیات (Neuro Science and Psychology) میں ادراکی نشوونما (cognitive development) کافی اہم ہے۔اس سے بچہ کی معلومات کی ذخیرہ اندوزی اوراس کے عمل کی نشوونما پر روشنی پڑتی ہے۔

☆ جین پیاجے کی اور کی نشوونما میں دریافت اوراوراکی مہارتیں شامل ہیں۔اس کے علاوہ وضاحت شدہ ذرائع اورلسانی اکتساب شامل ہیں۔ پیاجے نے اپنے تجربہ میں تفصیلی طور پر یہ واضح کیا ہے کہ کسی طرح بچے کے ذہن میں دنیا کی وضاحت ہوتی ہے۔ پیاجے کے کئی ایک نظریات خارج کئے جاچکے ہیں لیکن اس کے باوجوداورا کی نشوونما کے عمومی خواص قابل قبول ہیں۔

☆ مثلاً

(1) شیرخوارگی(Infany)میں(دودھ پینے کی عمرمیں) اشیاء کےتصور کے مستقل ہونے کا عمل (Object Permanence)

(2) مدرسہ کی عمر کے بچوں میں تحفظ(Conservation)کا احساس۔

☆ بنیادی طور پرجین پیاجے ایک حیاتیات داں تھااس نے خصوصاً Mollusks کا مطالعہ کیا۔

جس میں (1) گھونگا (Snail)

(2) سیپی(Clam)وغیرہ شامل ہیں۔

☆ کیونکہ اس نے عملی سائینس(Practical science)کے سونچ کے عمل کے گہرے نظریات پیش کئے ہیں اسی لئے یہ ذہنی نشونما)سونچ کی نشونما(Cognitive development)میں مشہور ہوا ہے۔

☆ اس نے اپنے کام کو Generic Epistemology کا نام دیا جو کہ معلومات کی نشونما Knowledge development کا مطالعہ ہے۔اس نے مشاہدہ کیا کہ ایک بچہ کس طرح اپنی پسندیدہ شے کو چھینتا (Grab) ہے اس سے جھن جھن آواز (Rattle Sound)پیدا کرتا ہےاوراس کوزور سےاپنے منہ میں ڈھکیلتا(Thrust)ہے۔

☆ اسی طرح جب بچے کی نظر اپنے اپنے باپ کی قیمتی گھڑی پر پڑتی ہے تب وہ اس کے ساتھ بھی یہی عمل دہراتا ہے۔یعنی Grab and Thrust.۔ یہ نئی شئے کی منصوبہ بندی ہے۔یعنی Scheme to the new object

☆ یہ دراصل انجذاب(Assimilation)ہے۔بچہ نئی شئے کو پرانے منصوبہ(Old schema)کے تحت جذب(Assimilate) کرتا ہے۔

☆ معلومات کو جذب کرنا اوران کو حاصل کرنے کے دو پہلو ہیں۔

☆ جین پیاجے کے ادراکی نشونما (Cognitive development) کے چارمدارج(four stages)ہیں۔

1. حس وحرکت کا درجہ (Sensory Motor Stage)

2. ماقبل اقدام کا درجہ (Pre-operational stage)

3. حقیقی اقدام کا درجہ (Concrete operational stage)

4. رسمی اقدام کا درجہ (Formal operational stage)

1. حس و حرکت کا درجہ (Sensory Motor stage)

☆ صفر (0) تا دو (2) سال کے درمیان کا دور ہے۔

☆ اس درجہ میں معلومات حسیات (Sences) اور جسمانی حرکتوں کی بنیاد پر حاصل کی جاتی ہیں۔

☆ اس عمر میں نظر سے دور ذہن سے دور یعنی Out of the sight then out of the mind ہے۔

2. ماقبل اقدام کا درجہ (Pre-operational stage)

☆ یہ 2 تا 7 سال کے درمیان کا دور ہے۔

☆ اس دور میں جسمانی حرکات سے زیادہ ذہنی اقدامات کی ضرورت ہے۔

☆ ان اقدامات کو پیاجے "operations" کہتا ہے۔

☆ اسی لیے اس درجہ کی Pre-operational stage کہا جاتا ہے۔

☆ اس درجہ میں بچے تحفظ شئے (Conservation of matter) سمجھنے میں ناکام ہیں۔

☆ مثال



بچے کے مطابق دونوں استوانوں میں پانی برابر ہے۔



بچے کے مطابق استوانہ-2 میں پانی زیادہ ہے بہ نسبت استوانہ-1 کے۔

☆ یعنی بچہ بیک وقت پانی کی سطح کی بلندی اور پانی کی مقدار پر توجہ دینے سے قاصر ہے۔

☆ اس درجہ میں بچے خود پرست (Ego centric) ہوتے ہیں۔ دوسروں کے تجربات کو اپنے نظریہ سے دیکھتے ہیں۔

3. حقیقی اقدام کا درجہ (Concrete operational stage)

☆ یہ 7 تا 11 سال کے درمیان کا دور ہے۔

☆ اس دور میں لکھت ' Drawing اور بات چیت کے الفاظ سمجھتا ہے زبان کے علاوہ اشارات وعلامات کو بھی سمجھتا ہے۔

☆ اہم خصوصیات

(1) مادی دنیا کی منطقی شناخت ہوتی ہے۔

(2) عناصر کو تبدیل کر سکنے کا احساس ہوتا ہے۔

☆ اس دور میں بچہ ایک سے زائد ابعاد پر توجہ دے سکتا ہے

مثلا: (1) شناخت (Identity)

(2) تلافی (Compensation)

(3) لوٹانا (Reversibility) وغیرہ

☆ اس دور میں بچہ کی اشیاء کی درجہ بندی کر سکتا ہے؟

مثلاً (1) کھانے کی اشیاء و پینے کی اشیاء (2) حیوانات

(3) نباتات (4) استعمال کی اشیاء وغیرہ

☆ بچہ اشیاء کو ترتیب دے سکتا ہے یا تسلسل میں لا سکتا ہے۔

4. رسمی اقدام کا درجہ (Formal Operational stage)

☆ یہ 11 تا 15 سال کے درمیان کا دور ہے۔

☆ اس درجہ میں بچہ پیش نظر حالات کے لئے ایک منظّم طریقہ پر مختلف امکانات کی تخلیق کر سکتا ہے۔

☆ سائینسی توجیہات کے ساتھ سوچ پیدا ہوتی ہے۔ فرضی سوچ کی اہلیت پیدا ہوتی ہے۔

☆ اس دور میں اگر 15 سال کی عمر کے بچہ سے سوال کیا جائے کہ بتلاؤ کونسا طویل یا صغیر اور زیادہ وزن والا یا کم وزن والا رقاصہ (Pendulum) تیز یا آہستہ جھولتا ہے۔

☆ نتیجہ:۔ یہ رسمی اقدام کے درجہ کا نارمل بچہ اس سوال کا جواب دینے کے قابل ہونا چاہئے۔

☆ چھوٹا رقاصہ تیز جھولتا ہے۔

☆ بڑا رقاصہ آہستہ جھولتا ہے۔

☆ رقاصہ کے جھولنے پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ بلکہ صرف طول کا اثر ہوتا ہے۔

☆ اسی لئے اس درجہ کے اختتام پر یعنی 15 یا 16 سال کی عمر میں بچہ Board Exam دینے کے قابل ہو جاتا ہے۔ مثلا SSC (School Secondary Certificate)

کوہلبرگ: اخلاقی نشونما Kohlberg: Moral Development

☆ کوہلبرگ کا اخلاقی نشونما کا نظریہ اور پیاجے کا ادراکی نشونما کا نظریہ عنفوان شباب میں بر پوشی کرتا ہے۔



☆ کولبرگ نے اخلاقی نشونما کو تین (3) مراحل (Steps) میں پیش کیا ہے۔ اور ہر مرحلہ میں دو مدارج (Stages) ہیں۔

☆ اس طرح اس نظریہ میں جملہ 6 مدارج (Stages) ہیں۔

☆ کولبرگ کے اخلاقی نشونما 3 مراحل (Steps) حسب ذیل ہیں:

I. ماقبل رواجی اخلاقیات Pre-conventional Morality

II. رواجی اخلاقیات Conventional Morality

III. مابعد رواجی اخلاقیات Post conventional Morality

☆ کولبرگ کے اخلاقی نشونما کے نظریہ میں ہر مرحلہ کے دو مدارج یعنی جملہ 6 مدارج (Stages) حسب ذیل ہیں:

1. سزا اور فرمانبرداری Punishment & Obedience

2. انفرادیت/آلاتی مقصد اور تبدیلی

Instrumental/Individualism purpose and exchange

3. بین شخصی امید کردہ تعلقات اور تصدیق

Inter personal expectations relationship and confirmity.

4. قانون اور حکم کی سماجی پہلو

Social conscience orientation Law and order orientation

5. سماجی تعلقات-انفرادی حقوق Social contracts - Individual rights.

6. آفاقی اخلاقی اصول Universal ethical principles

مرحلہ-1-Step

I. ماقبل رواجی اخلاقیات (Preconventional Morality)

درجہ-1-Stage

سزااور فرمانبرداری

Punishment and Obedience.

☆ اس درجہ میں بچہ صحیح اور غلط اچھااور خراب میں فرق کرتا ہے۔

☆ یہ اخلاقیات دوسروں کے زیر اثر سزا سے بچنے اور انعام یا اچھا بدلہ پانے کے لئے ہوتے ہیں۔

☆ سزا کے خوف سے کیا چیز یا کام غلط ہے بچہ اس کا فیصلہ کرسکتا ہے۔

درجہ-2-Stage

انفرادیت/آلاتی مقصداور رتبدیلی

Individualism Instrumental purpose & exchange

☆ اس درجہ میں بچہ بھی فیصلہ کرسکتا ہے۔

☆ فرمانبرداری اس لئے کرتا ہے کہ بڑوں کے اعلیٰ اختیارات ہوتے ہیں۔

☆ بچے انفرادی طور پر اصولوں کی اس وقت پابندی کرتے ہیں جب وہ اس میں Interest رکھتے ہیں۔

مرحلہ-2-Step

II. رواجی اخلاقیات (Conventional Morality)

درجہ-3-Stage

بین شخصی امید کردہ تعلقات اور تصدیق

International expectations and relationships and confirmity

درجہ -4-Stage

قانون اور حکم کے سماجی پہلو

Social conscience orientation law and order orientation

☆ یہاں بھی بچوں کی اخلاقیات بڑوں کی پسند اور ناپسند پر منحصر ہیں۔

☆ اخلاق کی نشونما سماج میں استعمال اصولوں پر منحصر ہیں۔

☆ یہاں یہ بات اہم ہے کہ بچہ کس خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔

III. مابعد رواجی اخلاقیات (Poast-conventional Morality)

درجہ- Stage-6	درجہ- Stage-5
آفاقی اخلاقی اصول Universal ethical principles	سماجی تعلقات انفرادی حقوق Social contracts, Individual rights

☆ اس مرحلہ میں بچوں میں حقیقی اخلاقیات کی نشونما ہوتی ہے۔

☆ بچوں میں خود سے فیصلہ کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

☆ یہاں بچے اشیاء یا باتوں کو ان کے اخلاقیات کے پیمانے میں فٹ ہونے کی بنیاد پر قدر کرتے ہیں۔

☆ اس مرحلہ میں بچے اس بات سے واقف ہو جاتے۔ ہیں کہ دنیا میں مختلف نظریات اور قدریں ہیں۔

☆ یہاں بچہ بڑی تعداد میں یعنی زیادہ تر اچھائیوں کو حاصل کرتا ہے۔

☆ اس مرحلہ میں بالغ بچے ہوتے ہیں اسی لئے یہ خود اختیار اخلاقی اصولوں پر عمل کرتے ہیں۔

☆ یہاں اصول سے زیادہ ضمیر کی اہمیت ہوتی ہے۔ معنی ضمیر کو اصولوں پر سبقت ہوتی ہے۔

☆ اس درجہ میں جب اصول اور ضمیر کا ٹکراؤ ہوتا ہے سب بچے ضمیر کی آواز پر عمل کرتے ہیں۔

☆ ان تمام مراحل و مدارج میں بچوں کے اخلاقیات کی نشونما گھر اور خاندان کے حالات اور ان سب سے زیادہ باجنینیات پر بھی منحصر ہوتے ہیں۔

نوم چومسکی: لسانی نشونما

Noam Chomsky: Language development

☆ نوم چومسکی نہ ہی نفسیات دان (Psychologist) اور نہ ہی نفسیاتی امراض کا معالج (Psychiatrist) تھا۔

☆ لیکن علم نفسیات (Psychology) زبان دانی (Linguistics) اور کئی ایک میدان میں اس نے اپنا اثر چھوڑا۔

☆ بیسویں صدی میں نظریاتی زبان دانی پر اس نے بہت اثر چھوڑا ہے۔

☆ نوم چومسکی 7 دسمبر 1928ء کو مشرقی آکلینڈ کے شہر فلے ڈیلفیا - پنسلوانیا میں پیدا ہوا۔

☆ اس نے اپنی زندگی کا ابتدائی دور کثیر زبانی اور کثیر کلچر کے ماحول میں گزارا۔

☆ Logical structures of Linguistics Theory کے نام سے ایک کتاب لکھی جس میں اس نے Transformational Grammir کا تعارف کروایا۔

☆ اس کے نظریہ میں الفاظ کا سلسلہ ہے۔

☆ اس نے 1979 میں Pisa کے لکچر میں Principles and Parameters (P&P) پیش کیا جس کی بعد میں Lectures on Government Binding (LGB) کے نام سے طباعت ہوئی۔

☆ نوم چومسکی کے مطابق اگر کسی بچہ میں زبان کو سیکھنے کی اندر سے ہی صلاحیت ہو تو بچہ اس زبان کو بہت آسانی سے اور تیزی کے ساتھ سیکھے گا۔

☆ ترکیب کلام (Syntax) کی طرف چومسکی کی پیشکش کو Generative grammer کا نام دیا گیا۔ جو کہ کافی شہرت حاصل کیا۔

☆ چومسکی بچو کی پرتکلف، رسمی اور ظاہری (Formal) زبان کی تفتیش (Investigation) میں کافی مشہور ہوا۔

☆ اس نے رسمی زبان (Formal language) کی درجہ بندی پیدایشی قوت (Generartive power) کی بنیاد پر کی۔

☆ چومسکی کے مطابق زبان کو سیکھنے کی اندرونی معلومات (Innate Knowledge to aquire language) ہی آفاقی قواعد (Universal Grammer) ہے۔

☆ Principles and Parameters (P&P) کو بعد میں Lectures on Governament Bincline(LG) کے نام سے طبع کیا گیا۔ اس میں قواعد کے اصول بتائے گئے۔ جو کے اندرونی (Innate) اور مقرر (Fixed) ہوتے ہیں دنیا کی مختلف زبانوں میں فرق دماغ میں موجود مختلف سمتوں (Parameters) کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

☆ Principles and Parameters Approach کو بعد میں ترکیب کلام کی ساخت (Symctactic structure) کے نام سے دوبارہ پیش کیا گیا۔ رسمی قواعد (formal Grammer) کی بعد میں جماعت اور گروپ میں تقسیم اس کو ظاہر کرنے کی قوت (Expressive Power) کی بنیاد پر کی گئی۔

☆ چومسکی کے مطابق زبان دانی (Linguistic) ایک دراصل اورا کی نفسیات (Cognitive Psychology) کی شاخ ہے۔

☆ نفسیانی زبان دانی (Psycho Linguistics) میں چومسکی کا بہت زیادہ کام ہے۔

☆ چومسکی نے B.F. Skimmer کے Verbal Behaviour پر ایک تنقید لکھی۔

کارل روجر: خودنشونما Carl Roger: Development of self

☆ کارل روج Client centered therapy کا باپ ہے۔

(Carl Roger is father of client centered therapy)

☆ یہ اپنے شخصیت کی نشونما (Personality Development) کے نظریہ کے لئے کافی مشہور رہوا۔

☆ بچوں کے ناجائیز استحصال (Child abuse) کے شخصیت کی نشونما پر منفی اثرات کو تفصیل سے پیش کیا ہے اس نے بچوں کے ناجائیز استعمال پر کام کرتے وقت انسانیت کے تصور کو نمو دیا۔

☆ روجر نفسیاتی علاج (Psycho therapy) کی دنیا کو بدلنے کی کوشش کی۔

☆ روجر کے مطابق نفسیاتی مریضوں میں خودشناسی (Self realisation) پیدا کرنا ضروری ہے۔

☆ روجر نے بے باکی سے اس بات کا دعویٰ کیا کہ نفسیاتی تحلیل کے تجربات اور برتاؤ کے معالج (Behavioral therapist) کو چاہیے کے وہ! مریضوں میں خودشناسی (self realization). خودنمو (self growth) اور خودعملی جامہ پہننے (self actualization) جیسے خواص کو پیدا کریں۔ لیکن عموماً معالج مریضوں کوخود پرنہیں بلکہ معالج پر منحصر کردیتے ہیں۔

☆ روجر نے کہا کہ معالج مریض کوخود سے مسئلہ کے حل کی طرف راغب کرنے کے حالات پیدا کرنا چاہئے۔

☆ یہ اپنے شخصیت کی نشونما کے نظریہ (Personality Development Theory) کے لئے کافی مشہور ہوا۔

☆ کال روجر نے اپنے نظریہ میں غیر شعوری عمل (Reflex action of any action) ہوتا ہے۔

☆ مثال: اگر ہمارا ہاتھ غلطی سے گرم برتن پکڑ لیتا ہے تو فوراً اس برتن کو چھوڑ بھی دیتا ہے۔

گرم برتن کو پکڑنا - عمل ہے

فوراً چھوڑ دینا - غیر شعوری ردعمل ہے۔

☆ یعنی روجر کے مطابق کوئی بھی نفسیاتی مریض کسی عمل پر غیر شعوری طور پر اس کا ردعمل ظاہر کرنا چاہئے۔ اور اس نفسیاتی مریض کو ردِعمل کے اظہار کا پیدا کرنا نفسیاتی معالج کی ذمہ داری ہے۔

☆ کال دوجہر کی طرح ہی ماسلو (Maslow) بھی انسانیت کا نفسیات داں (Humanistic Psychologist) ہے۔ جس نے محرکہ (Motivation) کا نظریہ بھی پیش کیا۔

☆ کسی شخص کو خودعملی جامہ پہنانے' (Self actualisation) کی حالت میں لانے کے لئے یا آنے کے لئے اس کی مناسبت، موافقت اور مطابقت کے حالات ہونا چاہیے۔

☆ کسی بھی شخص کو خودنمونہ (Self ideal) بننے کے لئے دوسروں کے لئے مناسبت' موافقت اور' مطابقت والی شخصیت کا حامل ہونا چاہئے۔

☆ خودعملی جامہ پہنتے (Self actualization) کے اہم تعین کرنے والی چیز لڑکپن کے تجربات ہیں۔

☆ خودعملی جامہ پہنانے کے نمایاں حالات دراصل خودنمونہ (Self ideals) اور خودحقیقت (Self real) کے درمیان پائے جاتے ہیں۔

☆ لڑکپن کے مثبت اور منفی تجربات دونوں ہی خودعملی جامہ پہنے (Self actualisation) کے حالات پیدا کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

☆ مثبت تجربات (Positive experiences) سے مثبت حالات اور مثبت سوچ (Positive conditions and thoughts) پیدا ہوتے ہیں۔ اس سے بچوں کی مثبت نشونما ہوتی ہے۔

☆ اس کے لئے ضروری ہے کہ بچے میں موروثی طور پر پہلے سے مثبت پن (Positivity) ہو یا پھر بچے کے ماحول میں مثبت پن (Positivity) ہو نہ کہ منفی پن (Negativity) ہو۔

☆ اگر بچے کے حالات مثبت ہوں اور اس کی سوچ مثبت ہو تب بچہ منفی تجربات سے بھی مثبت پہلو نکال کر اس کو سیکھتا ہے۔

☆ اسی طرح اگر بچے کے حالات منفی ہوں لیکن اس کی سوچ مثبت ہو (موروثی طور پر یا پچھلے تجربات کی وجہ سے) تب بھی بچہ منفی حالات سے بھی مثبت پہلو نکال کر سیکھتا ہے۔
☆ اگر بچے کے حالات منفی ہوں اور سوچ بھی منفی ہو تب بچہ مثبت تجربات سے بھی منفی پہلو نکالتا ہے۔
☆ ہم اپنے تعلق سے جو سوچتے ہیں وہ دراصل خود احترام (Self esteem) اور خود خوبی (Salt worth) ہیں
☆ حقیقی خود احترام کے لئے سب سے پہلے کسی بھی شخص یا بچے کو خود تصور (Self concept) ہونا ضروری ہے۔
☆ خود تصور کے لئے کسی بھی شخص یا بچے کو یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ:
  ☆ خود کی خوبیاں
  ☆ خود کی خامیاں
  ☆ خود کے طاقتیں
  ☆ خود کی کمزوریاں

خود قابل قدر یا خود اعتمادی (Self worth or Self esteem):

☆ ہم کیا سوچتے ہیں خود کے بارے میں؟ روجر کے مطابق خود قابل قدر کے احساسات بچوں میں ابتدائی بچپن میں ہی پیدا ہوتے ہیں جب وہ اپنے ماں باپ سے بات چیت کرتا ہے۔

خود خیالی (Self image)

☆ ہم اپنے آپ کو کیسے دیکھتے ہیں۔ یہ ایک بہتر نفسیاتی صحت کے لئے بہت اہم ہے۔ خود خیالی میں ہمارے جسم کا خیال بھی شامل ہے۔ ظاہری خود خیالی سے اندر کی شخصیت بھی شامل ہوتی ہے۔
☆ کوئی بھی شخص کس طرح اپنے بارے میں سوچتا ہے، احساس کرتا ہے اور برتاؤ ظاہر کرتا ہے ان تمام کا تعلق خود خیالی سے ہے۔

خود تصور (Self-concept)

☆ کوئی بھی فرد خود کے بارے میں کیا سوچتا ہے یہ خود تصور کہلاتا ہے۔
☆ خود تصور مثبت (Positive) یا منفی (Negative) بھی ہوسکتا ہے۔
☆ کوئی بھی شخص اپنے ظاہر اور باطن کے متعلق حقیقی یا حقیقت پر مبنی تصور رکھتا ہے تب یہ مثبت خود تصور ہے۔
☆ اگر کوئی بھی شخص اپنے ظاہر اور باطن کے متعلق غیر حقیقی تصور رکھتا ہے یعنی تصور حقیقت پر مبنی نہیں ہے تب یہ منفی خود تصور ہے۔
☆ مثبت خود تصور والا فرد سماج کے لئے نقصاندہ نہیں ہے۔
☆ منفی خود تصور والا شخص سماج کے لئے نقصاندہ ہے۔
☆ کسی بھی باشعور فرد میں خود تصور کا ہونا ضروری و لازمی ہے اور یہ رہتا بھی ہے۔

مثالی خود (Ideal selt):

☆ کسی بھی فرد یا شخص کے لئے مثالی خود وہ فرد یا شخص ہوتا ہے جس کی طرح ہم بننا چاہتے ہیں۔

مثال:

(1) جماعت (Class) کے کمزور طلبا دے کے مثالی خود عموماً جماعت (Class) کے ذہین طلباء ہوتے ہیں۔

(2) اکثر طالب علموں کے مثالی خود کوئی استاذ ہوتے ہیں۔

(3) خاندان ورشتہ داروں میں کوئی مشہور آدمی یا شخص خاندان کے دوسرے افراد کے لئے مثالی خود ہوتے ہیں۔

☆ مثالی خود زندگی میں ہماری منزل اور مقصد پر مشتمل ہوتا ہے۔اور یہ متحرک (Dynamic) ہوتا ہے یعنی ہمیشہ تبدیل شدہ ہوتا ہے۔

☆ بچپن کا مثالی خود (Ideal self) عنفوان شباب کے اور جوانی کے مثالی خود مختلف ہوتے ہیں۔

☆ یہ ضروری نہیں کہ کسی فرد کا مثالی خود (Ideal self) کوئی مثبت شخصیت ہی ہو بلکہ منفی شخصیت بھی ہوسکتا ہے۔

☆ کارل روجر کے مطابق بچے کے دو بنیادی ضرورتیں (Needs) ہیں:

(1) دوسروں سے مثبت خود حوالے (regards)

(2) خود قابل قدر (Self worth)

☆ خود قابل قدر (Self worth) دراصل ہم خود کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور کیا احساس ارکھتے ہیں وہ ہے اور یہ نظریہ ایک بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔یہ نفسیاتی صحت کے لئے کافی اہم ہے۔اس سے ہم زندگی کے مختلف منازل اور مقاصد حاصل کرسکتے ہیں اور بالآخر خود حقیقت پسندی (Self actualization) کو بھی پاسکتے ہیں۔

☆ خود قابل قدر کا تسلسل بہت زیادہ سے بہت کم کی طرف دیکھا گیا ہے۔یعنی کسی کو خود کے بارے میں بہت زیادہ احساس ہوتا ہے جو کہ ایک بہتر سماج کے لئے ضروری ہے اور کسی کو خود کے بارے میں بہت کم احساس ہوتا ہے جو کہ ایک بہتر سماج کے لئے نقصاندہ ہے۔

☆ اگر کسی فرد کو خود قابل قدر (Self worth) کا احساس بہت زیادہ ہے تب وہ خود کے لئے مثبت احساسات کا حامل ہوتا ہے اور آزمائیشوں (Challenges) کا سامنا کرسکتا ہے۔ناکامیوں اور ناخوشیوں کو قبول کرسکتا ہے۔اور دوسروں کے ساتھ کھلا ہوتا ہے۔

☆ اگر کسی فرد کو خود قابل قدر (Self worth) کا احساس بہت کم ہے تب وہ خود کے لئے مثبت احساسات کا حامل نہیں ہوتا اور آزمائیشوں کا سامنا نہیں کرسکتا۔ناکامیوں اور ناخوشیوں (Unhappinesses) کو قبول نہیں کرسکتا اور دوسروں کے ساتھ کھلا نہیں ہوتا۔

خود حقیقت پسندی (Self Actualization)

☆ کسی فرد کے ہنر اور صلاحیتوں کی تکمیل یا احساس کو خود حقیقت پسندی کہا جاتا ہے۔خصوصاً ایک ایسا دھکا یا ضرورت جو سب میں موجود ہو۔

☆ کسی فرد کا اپنی مکمل صلاحیتوں کا تکمیل پانا کسی فرد کے ہنر اور صلاحیتوں کا بام عروج کو پہنچنا خود حقیقت پسندی کہلاتا ہے۔

☆ کسی بھی فرد کی زندگی میں کوئی دوسرا فرد عموماً مثالی خود ہوتا ہے۔لیکن کوئی بھی فرد جو کہ خود حقیقت پسندی کے مقام کو پہنچتا ہے

اس کے لئے کوئی دوسرا فرد مثالی خود (Ideal self) نہیں ہوتا بلکہ وہ خود دوسروں کے لئے مثالی خود (Ideal self) بن جاتا ہے۔

☆ خودحقیقت پسندی (Salt actualization) کے معنی واضح طور پر، بے لوث، مکمل توجہ کے ساتھ اور کل انجذاب کے ساتھ مکمل تجربات حاصل کرنا ہے۔ اس کا مطلب عنفوان شباب کے خود احساس شعوری کے بغیر حاصل کردہ تجربات ہیں۔

☆ خودحقیقت پسندی ایک جاری (Ongoing) عمل ہے۔ اس میں حوصلہ افزائی کی آواز کو سنا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے خود ابھار کی اجازت ہوتی ہے یا دوسرے معنوں میں خود ابھار کا راستہ ہموار ہوتا ہے۔

☆ جب شک میں ہوتو خودحقیقت پسندی کے لئے ایمانداری سے کام لیں۔ ذمہ داری کا احساس رہے۔ کوئی بھی عقلمندی سے زندگی کو چن نہیں سکتا جب تک سننے کی ہمت نہیں کرتا۔

☆ خودحقیقت پسندی زندگی کا ایک آخری مرحلہ ہے اور یہ کسی بھی وقت کسی بھی فرد کے صلاحیتوں کی حقیقت کاری ہے۔ اس کا یہ مطلب بالکل نہیں ہے کہ کوئی بعید از قیاس کام کیا جارہا ہے

☆ خودحقیقت پسندی کے لئے تجربات کے عروج عارضی لمحات ہیں۔ ان لمحات کو نہ ہی خریدا جاسکتا ہے اور نہ ہی ان کی ضمانت دی جاسکتی ہے اور نہ ہی ان کو تلاش کیا جاسکتا ہے۔

☆ خودحقیقت پسندی کے مقام کو اس مثلث کے ذریعہ سمجھا جاسکتا ہے۔



☆ جولوگ خودحقیقت پسندی والے مرحلے میں ہوتے ہیں ان کے لئے کوئی مثال نہیں بلکہ وہ دوسروں کے لئے مثال ہیں۔

مثالیں

(1) اداکاری کی دنیا میں عامر خان، شاہ رخ خان اور امیتابھ بچن کے لئے کوئی مثال نہیں بلکہ وہ اس اداکاری کی دنیا میں آنے والوں کے لئے مثال ہیں۔

(2) دولت مندی اور تجارت کی دنیا میں انیل امبانی کے لئے کوئی مثال نہیں بلکہ وہ خود دوسروں کے لئے مثال ہیں۔
(3) دنیا کے امیر ترین لوگوں کی لسٹ میں بل گیٹ کے لئے کوئی مثال نہیں بلکہ وہ دوسروں کے لئے مثال ہیں۔
(4) وقت کے کوئی بھی بڑے عالم دین کے لئے کوئی دوسرے مثال نہیں بلکہ وہ خود دوسروں کے لئے مثال ہیں۔

☆ خود حقیقت پسندی کے لئے خود خیالی یعنی خود تصویر(Self image) اور مثالی خود (Ideal self)میں زیادہ فرق نہیں ہونا چاہیے بلکہ ان دونوں تصورات میں بر پوشی ہونی چاہئے۔

☆ خود خیالی (Self-image) اور مثالی خود (Ideal self) کے تصورات کے درمیان جتنی زیادہ بر پوشی ہوگی وہاں اتنی ہی زیادہ خود حقیقت پسندی کے امکانات ہوں گے۔



☆ دونوں تصوررت کا بر پوشی والا حصہ کم ہے۔ یہاں خود حقیقت پسندی مشکل ہے یا خود حقیقت پسندی کے امکانات کم ہیں۔

☆ خود خیالی(Self-image) اور مثالی خود(Ideal Slef) کے تصورات کے درمیان زیادہ بر پوشی زیادہ خود حقیقت پسندی کی ضامن ہے۔



☆ دونوں تصورات کا بر پوشی والا حصہ زیادہ ہے۔ یہاں خود حقیقت پسندی آسان ہے یا خود حقیقت پسندی کے امکانات قوی ہیں۔ ایسا شخص خود حقیقت پسندی کے مقام تک پہنچ سکتا ہے۔

☆ کسی شخص کا مثالی خود اور حقیقی تجربات ہمیشہ ایک ہی اور ایک جیسے نہیں ہو سکتے۔ یہ اس شخص کے تجربات جو کہ زندگی میں ہوتے رہتے ہیں پر منحصر ہیں۔

☆ اس طرح کسی شخص کے مثالی خود اور حقیقی تجربات کے درمیان فرق پایا جا سکتا ہے۔ یہ عدم مطابقت (Incongruence) کہلاتا ہے۔

☆ اگر کسی شخص کا مثالی خود (Ideal self) اور زندگی میں ہونے والے حقیقی تجربات ایک جیسے ایک دوسرے سے مشابہ ہوں اور کسی شخص کا مثالی خود (Ideal self) و حقیقی تجربات (actual experiences) فرق نہ پایا جاتا ہو تو مطابقت (Congruence) کہلاتا ہے۔

☆ تمام لوگوں میں کسی قدر عدم مطابقت (Incongruence) پایا جاتا ہے اور بہت کم لوگوں میں مکمل مطابقت والی حالت پائی جاتی ہے۔
☆ مطابقت کی نشونما غیر مشروط (Unconditional) مثبت حوالوں پر منحصر ہے۔
☆ کال روجر کے مطابق کسی شخص کو خود حقیقت پسندی (self actualization) کے مقام کو پہنچنے کے لئے مطابقت (Congruence) والی حالت میں ہونا ضروری ہے۔
☆ کال روجر کے مطابق ہمارے خود تصور (Self image) سے جو احساسات، تجربات اور برتاؤ کے طریقے متواتر ہیں اور جو کے مثالی خود (Ideal Self) جس کی طرح ہم بننا چاہتے ہیں کی عکاسی کرتے ہیں۔
☆ ہمارا خود تصور (Self image) اور مثالی خود (Ideal Self) جتنا ایک دوسرے کے قریب ہوں اور زیادہ متواتر یا مطابق ہوں تو ہمارا خود قابل قدر (Self worth) احساس اعظم ترین ہوگا۔
☆ ہم اپنے آپ کو خود تصور کے راستے پر دیکھنا پسند کرتے ہیں۔

چند ہمہ جوابی سوالات

1. موکل مرکوز علاج (Client Centered therapy) کا باپ ____________ ہے۔
(A) Erikson (B) کال روجر (C) Freud (D) یہ تمام

2. مندرجہ ذیل میں سے کونسا موکل مرکوز مشاورت Client centered Counseling) کا اہم مقصد ہے؟
(A) تکلیف سے نکالنا (B) نفسیاتی تجزیہ کے لئے
(C) نفسیاتی متحرک کے لئے (D) خود حقیقت پسندی کے لئے

3. کال روجر کی کتاب ____________ ہے۔
(A) تعلیم پر (B) موکل مرکوز علاج پر
(C) سکھنے والے پر (D) شخص کے بننے پر

4. فرائڈ نے "Free association" کے طریقے کو استعمال کیا اسی طرح کال روجر نے استعمال کیا۔
(A) Free disassociation (B) مفت افشا
(C) احساس (D) انعکاس (Reflection)

5. کال روجر کے مطابق خود اعتمادی پر خود حقیقت پسندی کو ذیل کے ذریعہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔
(A) مراقبہ (Meditation) (B) ثالثی (Mediation)
(C) مشروط مثبت حوالے (Conditional Positive regards)
(D) غیر مشروط مثبت حوالے. (Unconditional positive regards)

6. روجر نے کونسی اصطلاح کے بجائے موکل (Ctient) کی اصطلاح کو استعمال کیا؟
(A) سیکھنے والا (Learner) (B) حاصل کرنے والا (Achiever)
(C) مریض (Patient) (D) مشیر (Counselor)

7. کال روجر کے علاوہ اور کونسا نفسیات داں انسانیت پسند نفسیات دان ہے؟

(A) ماسلو (Maslow) (B) اسکنر (Skinner)

(C) J.B. Watson (D) Ion Pavlov

8. روجر کے مطابق خود حقیقت پسندی کے مقام کو پہنچنے کے لئے کسی بھی فرد کو اس حالت میں ہونا چاہئے۔

(A) سالمی (Integrity) (B) خود مدافعت (self defence)

(C) خود افسوس (self pity) (D) مطابقت (Congruences)

9. خود مثالی (Ideal sele) کی اصطلاح اس بات کا حوالہ دیتی ہے

(A) حقیقی برتاؤ (Actual behavior) (B) خود تصور (Self image)

(C) شخص جو کہ مطابق (congruent) ہونے والا شخص بننا چاہتا ہے۔

(D) مطابق ہونے والا شخص خود جو کہ خود اعتمادی حاصل کرنا چاہتا ہو۔

10. مندرجہ ذیل میں سے کونسی خاصیت خود عزت رکھنے والے شخص کی خاصیت نہیں ہوگی؟

(A) خود اعتماد (Self confidence) (B) مثبت احساسات (Positive feelings)

(C) ناکامیوں کو نہیں قبول کرنا (D) لوگوں کے ساتھ کھلے رہنا

11. اہم اپنے بارے میں ___________ سوچتے ہیں۔

(A) خود افسوس (B) خود قابل قدر (C) خود تصور (D) مثالی خود

جوابات

C	10	C	9	D	8	B	7	C	6	D	5	D	4	D	3	D	2	B	1
																		A	11

ارکسن: شخصیت کی نشونما

Erikson: Development of Personality

☆ لفظ Personality ایک لاطینی لفظ persona سے بنایا گیا ہے۔ جس کے معنی نقاب (Mask) کے ہیں۔

☆ زمانہ قدیم میں نقاب (Mask) ایک اداکار اسٹیج پر اداکاری کے وقت استعمال کرتا تھا۔

☆ شخصیت (Personality) دراصل برتاؤ کی خاص خصوصیات اور اس کی روش ہے۔ جو کہ شخص (Person) کے اندرونی اور بیرونی خواص کو ظاہر کرتی ہے۔

☆ اندرونی خواص (1) محرکہ (Motration) (2) جذبات (Emotion) (3) ارادے (Intentions) ہیں۔

☆ بیرونی خواص (1) لباس (Dress) (2) بات چیت (Talking) (3) جسمانی افعال (Body functions) (4) عادات (Habits) (5) طرز عمل (Style) اور (6) اظہارات (Expressions) ہیں۔

☆ بیرونی خواص کا راست مشاہدہ کیا جاسکتا ہے جبکہ اندرونی خواص ردعمل کے کھلے طرز سے معلوم ہوتے ہیں۔

☆ کسی فرد کی شخصیت کا خیال اس کے مشاہدہ سے پیدا ہوتا ہے۔

☆ شخصیت کا تصور کسی فرد کے طرز عمل، ردعمل اور خصوصیات سے اخذ کیا جاتا ہے۔

☆ شخصیت کو تین مختلف طریقوں سے اخذ کیا جاسکتا ہے

(1) پہلا طریقہ شعوری ہے جو کہ کسی فرد کے ردعمل کے طرز سے قائم ہونے والے شعوری اثرات پر منحصر ہے۔اس کا نتیجہ مشہور جانچنے کی ترکیب جیسے کشش (attract) کرنا تسلط یا غلبہ (Control) حاصل کرنا کمزور یا جراتمند (weak or strong) وغیرہ ہے۔

(2) شخصیت کا دوسرا تصور کسی فرد کے کھلے ردعمل کی بیرونی کیفیت پر منحصر ہے۔ اس میں ایک پریشانی یہ ہے کہ کھلے ردعمل مختلف افراد میں مختلف معنوں کے لئے ہوئے ہیں۔اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کی جانچ گہرائی تک ہونی چاہئے۔

(3) شخصیت کا تیسرا تصور کسی شخص کے خصوصیات کا اندرونی طرز ہے۔

☆ ہماری شخصیت ہم کو سب سے انوکھا، لاثانی اور بے نظیر بنا دیتی ہے۔

☆ لیکن کیسے شخصیت کی نشونما (Development) ہوتی ہے؟ کیسے ہم یا کوئی بھی شخص ایسا بن گیا جو کہ آج ہے؟

☆ ان سوالات کے جواب کے لئے کئی مشہور نفسیات داں اپنے اپنے نظریات پیش کئے۔ان نظریات میں انھوں نے شخصیت کی نشونما کی راہ میں آنے والے مراحل اور درجات کو سمجھایا۔

☆ مندرجہ ذیل نظریات بشمول اورا کی، اخلاقی اور سماجی نشونما کے نظریات شخصیت کی نشونما کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔

رویّے ATTITUDES

☆ رویہ دراصل جانچ ہے جو کہ لوگ دوسروں کے لئے/ اشیاء پر/ مواقع پر/ خیال پر کرتے ہیں۔

☆ رویہ مثبت یا منفی ہوسکتا ہے۔

☆ واضح رویہ (Explicit Attitude) دراصل شعوری یقین ہے جو کہ فیصلہ اور برتاؤ میں رہنمائی کرسکتا ہے۔

☆ مضمر رویہ (Implicit Attitude) دراصل لاشعوری یقین ہے جو کہ فیصلہ اور برتاؤ پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔

☆ رویہ دو قسم کا ہوسکتا ہے یعنی مثبت رویہ اور منفی رویہ۔

رویہ (Attitude)

مثبت رویہ (Positive Attitude).	**منفی رویہ (Negative Attitude)**
کسی شخص یا چیز یا موقع یا خیال کے تعلق سے مثبت جانچ دراصل مثبت رویہ ہے۔	کسی شخص یا چیز یا موقع یا خیال کے تعلق سے منفی جانچ دراصل منفی رویہ ہے۔

☆ رویہ کی درجہ بندی ایک دوسرے انداز میں مزید دو طریقوں میں کی جاسکتی ہے۔یعنی واضح رویہ اور مضمر (غیر واضح) رویہ۔

رویہ (Attitude)

واضح رویہ(Explicit Altitude)

- یہ شعوری یقین(Concious belief) ہے جوکہ فیصلہ اور برتاؤ میں رہنمائی کرتا ہے۔

مضمر(غیر واضح) رویہ(Implicit Attitude)

- یہ لاشعوری یقین (Unconcious belief) ہے جو کہ فیصلہ اور برتاؤ پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔

☆ رویہ کے تین اجزا(Component) ہیں۔

1. ادراکی (Cognitive)
2. جذباتی (Emotional)
3. برتاؤ والا (Behavioral)

مثال: احمد کو یقین ہے کہ سگریٹ نوشی صحت کے لئے نقصان رساں ہے۔ جب لوگ اس کے سامنے سگریٹ نوشی کرتے ہیں تب وہ بے آرام محسوس کرتا ہے اور وہ اس مقام سے دور ہو جاتا ہے۔

رویہ کے ابعاد (Dimensions of Attitude)

☆ نفسیاتی تحقیق دانوں کے مطابق رویہ کے تین(3) ابعاد ہیں۔

1. طاقت Strength
2. رسائی Accessibility
3. ابہام(ایک سے زائد سوچ) Ambivalence

1. رویہ کی طاقت (Strength of Attitude)

طاقتور رویہ دراصل اثر انداز ہونیوالا برتاؤ ہے۔یعنی کسی شخص (فرد) یا شئے کے مطابق آپ کا مضبوط رویہ ہو جو کہ مثبت یا منفی بھی ہوسکتا ہے۔

2. رویہ کی رسائی (Attitude Accessibility)

رویہ کی رسائی سے مراد آسانی سے جو کہ کسی فرد (یا) شئے کے تعلق سے فوری طور پر ذہن میں آتی ہو۔عموماً آسان رسائی والا رویہ طاقتور ہوتا ہے۔

3. رویہ کا ابہام (Attitude Ambivalence)

☆ رویہ کے ابہام سے مراد مثبت و منفی تناسب سے قائم ہونے والا رویہ ہے۔کسی رویہ کا ابہام اس وقت اعظم ترین ہو جاتا ہے جب مثبت و منفی جانچ کے تناسب میں مساوی توازن قائم ہو جاتا ہے۔

رویہ(Attitude): کسی فرد یا شے کی پسند یا ناپسند کے درجہ کے اظہار کے لئے قیاسی تعمیر ہی دراصل اس فرد یا شئے کے متعلق رویہ (Attitude) ہے۔

☆ رویہ کسی فرد کے مثبت یا منفی خیالات ہیں جو کہ کسی دوسرے فرد یا شئے یا جگہ یا موقع کے متعلق ہو۔

رویے فیصلہ ہیں (Attitudes are judgements)

☆ رویے ABC ماڈل پر نمو پاتے ہیں

A = Affect

B = Behaviour and

C = Cognition.

☆ رویے دراصل ہمارا ذہنی فیصلہ ہیں جو کہ کسی فرد یا شئے کے متعلق ہیں۔

☆ اثر دار تاثر یا ردعمل دراصل جذباتی تاثر ہے جو کہ کسی فرد کے کسی شئے کے متعلق ترجیح یا فوقیت کے درجات ہیں۔

☆ برتاؤ کا ارادہ کسی فرد کی خیالی علامت ہے۔

☆ اوراکی تاثر یا ردعمل کسی فرد کا دوسرے فرد یا شئے کے متعلق یقین کی ادراکی جانچ ہے۔

☆ اکثر رویے یا تو راست تجربات سے یا ماحول کے مشاہداتی اکتساب سے قائم ہوتے ہیں۔

رویوں کا قیام (Atitude formatson)

☆ شخصیت کی طرح رویے بھی قائم ہوتے ہیں جس کو رویوں کا قیام کہا جاتا ہے یا رویہ سازی بھی کہا جاتا ہے۔

☆ رویے تبدیل بھی ہوسکتے ہیں۔

☆ رویوں کے قائم ہونے میں موروثیت کا اہم کردار ہوتا ہے۔

☆ رویوں کے قیام میں یقین کا بھی اہم کردار ہوتا ہے۔

☆ بات چیت (Communication) کے ذریعہ رویہ میں تبدیلی واقع ہوسکتی ہے جو کہ خیالی غلط فہمیوں کے دور ہونے سے ہوتی ہے۔

☆ رویے اور برتاؤ (Attitudes & Behaviour) ایک دوسرے کے راست متناسب ہیں۔

☆ رویہ کا برتاؤ پر اور برتاؤ کا رویہ پر راست اثر ہوتا ہے۔

☆ رویوں کی تبدیلی میں سماج سے زیادہ جذباتی عامل کا اثر ہوتا ہے۔

☆ روزمرہ کی زندگی میں اور روزانہ کے ماحول میں ادا کئے جانے والے کردار کا اثر بھی راست طور پر رویے پر ہوتا ہے۔

☆ رویوں کے قائم ہونے میں ماحول کا اور حالات کا اہم کردار ہوتا ہے۔

☆ بعض اوقات قائم شدہ رویوں کے تبدیل ہونے میں بھی بہت زیادہ وقت درکار ہوتا ہے۔

☆ رویوں کے قائم ہونے میں زندگی میں ادا کئے جانے والے کردار کا بھی اہم حصہ ہوتا ہے۔

☆ مندرجہ بالا نکات کو سمجھانے کے لئے فلپ زمبارڈو (Philip Zimbardo) نام کے ایک نفسیات دان (Psychologist) نے ایک تجربہ کیا۔ اس نے اس تجربہ کا نام ''قید خانے کا مطالعہ'' (Prison study) رکھا۔

☆ اس نفسیات داں نے اپنے تمام طلباء کو دو گروپ میں تقسیم کیا۔

1. گروپ -1- قیدخانے کے محافظ (Prison Security Guards)

2. گروپ -2- قیدی (Prisorners)

☆ طلباء کے ان دونوں گروپ کو اپنا اپنا کردار ادا کرتے ہوئے ایک مکان میں کچھ عرصہ کے لئے رہنا تھا۔

☆ دو دن کے بعد ان دونوں گروپ کے کردار میں ایسی شدت پیدا ہونے لگی کے قید خانے کے محافظ والا گروپ ہمیشہ قیدیوں والے گروپ کو حقیقی مجرم قیدیوں جیسا برتاؤ کرنے لگا۔

☆ قیدیوں کا کردار ادا کرنے والے طلباء کا گروپ ہمیشہ ڈری ہوئی اور سہمی ہوئی حالت میں رہنے لگا۔

☆ ان دونوں گروپ کے رویہ میں ایسی طاقت اور اثر پیدا ہوا کہ اس نفسیات داں Zimbardo کو وقت سے پہلے صرف 6 دن کے بعد اس مطالعہ کو ختم کرنا پڑا۔

☆ مثلاً: (1) اگر گھر میں والد اپنی بیوی کے ساتھ بچوں کے سامنے بدتمیزی والا رویہ اختیار کرتے ہیں اور مسلسل اسی رویہ پر قائم رہتے ہیں تب بچے بھی ایک وقت کے بعد اپنی والدہ کے ساتھ اسی طرح کا بدتمیزی والا رویہ اپناتے ہیں۔

(2) اگر والدین اپنے تمام فرزندان میں سے کسی ایک فرزند کو زیادہ ذمہ داریوں کا بوجھ ڈالتے ہیں اور گھر کی ہر ذمہ داری سونپتے ہیں تب اس کے دوسرے بھائی بھی ہر ذمہ داری اسی بھائی پر ڈھٹائی کے ساتھ ڈالتے ہیں اور ذمہ داری کی تکمیل میں تاخیر یا کسی قسم کی کوتاہی ہو تب وہ اس کے ساتھ بدتمیزی والا رویہ اختیار کرتے ہیں۔

(3) عموماً ہندوستانی سماج میں گھر کی بڑی بہو کو گھر کا ذمہ دار سمجھا جاتا ہے اور تمام ذمہ داریوں کا بوجھ ڈال دیا جاتا ہے۔ ان ذمہ داریوں کی تکمیل میں تاخیر یا کوتاہی پر اسی بڑی بہو سے سوال کیا جاتا ہے۔ اگر بڑی بہو قابل نہ ہو تو کسی قابل بہو کو اس کا قائم مقام بنا دیا جاتا ہے۔

کثیر جوابی سوالات

1. جز (Component) جو کہ رویہ میں شامل نہیں ہے۔

(A) ادراکی (Cognitive) (B) موثر (Affective)

(C) جذباتی (Emotional) (D) برتاؤ والا (Behavioral)

2. مندرجہ ذیل میں سے صحیح بیان (Correct Statement) کی نشاندہی کیجئے

(A) رویہ مثبت و منفی ہو سکتا ہے۔

(B) واضح رویہ (Explicit Attitide) شعوری یقین ہے جو کہ فیصلہ سازی اور برتاؤ میں رہنمائی کرتا ہے۔

(C) مضمر رویہ (Implicit Attitude) لاشعوری یقین ہے جو کہ فیصلہ سازی اور برتاؤ پر اثر انداز ہوتا ہے۔

(D) مندرجہ بالا تمام

3. رسائی جس کی وجہہ سے رویہ ذہن میں آتا ہے اور اثر انداز ہوتا ہے۔

(A) رویہ کی طاقت (Attitude Strength)

(B) رویہ کا ابہام (Attitude Ambivalence)

(C) رویہ کی رسائی (Attitude Accessibility)

(D) رویہ کی کمزوری (Attitude Weakness)

.4 مندرجہ ذیل میں سے غلط بیان (Wrong Statement) کی نشاندہی کیجئے

(A) بہت زیادہ رسائی والا رویہ طاقتور ہوتا ہے۔

(B) کسی رویہ کے ابہام کا مطلب مثبت ومنفی جانچ کے درمیان کا تناسب ہے جو کہ عادت بناتا ہے۔

(C) کسی رویہ کا ابہام جیسے جیسے مثبت ومنفی جانچ زیادہ سے زیادہ غیر مساوی ہوتے ہیں میں اضافہ ہوتا ہے

(D) طاقتور رویہ وہ ہے جو کہ ذہن میں مضبوط ہو اور برتاؤ پر بہت زیادہ اثر انداز ہوتا ہو۔

.5 مندرجہ ذیل میں سے کونسا تجربہ کے فعل کی طرح تبدیل ہوسکتا ہے

(A) شخصیت (Personality) (B) ذہانت (Intelligence)

(C) دلچسپی (Interest) (D) رویہ (Attitude)

جوابات

D	5	C	4	C	3	D	2	B	1

4.5 بچوں کی نشونما کے طریقے اور نقطہ نظر

METHODS & APPROACHES OF CHILD DEVELOPMENT

نفسیات داں نے سیکھنے والے کے ذہن اور شخصیت کو سمجھنے کے لئے کئی ایک طریقے پیش کئے ان میں چند ایک طبی (Clinical) ہیں۔ مثلاً مشاہدہ (Observation)، کیس کا مطالعہ (Case study) اور انٹرویو (Interview) وغیرہ۔ ہم ان میں سے چند ایک پر یہاں روشنی ڈالیں۔ جیسے

.1 دماغ کے علاج کا طریقہ (Introspection)

.2 مشاہدہ کا طریقہ (Observation)

.4 کیس کا مطالعہ کا طریقہ (Case study)

.I دماغ کے علاج کا طریقہ (Intrespechon Method)

خود کے خیالات (Ideas) واحساسات (Feelings) کی جانچ جو کہ احتیاط کے ساتھ گہری سوچ کا عمل دماغ کے علاج کا طریقہ (Introspection Method) کہلاتا ہے۔ یہ کسی فرد کی سوچ جذبات اور اعمال کی جانچ کے لئے خودی سے گہرائی سے کی جانے والی تحقیق ہے۔ یہ دراصل خود کا مشاہدہ ہے۔ یہاں لفظ Intro کے معنی Within (اپنے آپ میں) اور spection کے معنی Looking (دیکھنا) کے ہیں۔ یہ اپنے آپ کا مطالعہ ہے خصوصاً اپنا برتاؤ، اپنا رویہ، اپنے جذبات، اپنی سوچ اور اپنے سوچنے طریقے وغیرہ پر مشتمل ہے۔ اس طریقہ سے اپنے آپ کی عکاسی اور کھوج ہوتی ہے اور اپنے دماغ میں پائی جانے والی غلط فہمیاں دور ہوتی ہیں۔ اسی لئے اس کو دماغ کے علاج کا طریقہ کہا جاتا ہے۔ دماغ کے علاج کے طریقہ میں خودنگرانی، روزانہ کی کارکردگی کا مراقبہ اور ذہن سازی شامل ہے۔ یہ اکیلے میں بیٹھ کر اپنے آپ کے اندر جھانکنا ہے۔ دماغ کے علاج کا طریقہ سائنسی نفسیات کا ایک قدیم طریقہ ہے۔ اس کو 1800ء میں سب سے پہلے Wilhelm Wundt نے پیش کیا۔ یہ طریقہ اپنے اندر کی سوچ اور جذبات کو دیکھنے کی معروضیت کی طرف توجہ مرکوز کرتا ہے۔ علم نفسیات میں دماغ کے علاج

کا طریقہ تجرباتی نفسیات کے دوسرے نظریات کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ یہ ایک رسمی عمل ہے جو کئی لوگوں کے ذہنی علاج کے سفر کے دوران بہت مددگار ہے اور یہ خود کے ذہن کی ساختی تحقیق کا آلا ہے۔

علم نفسیات میں دماغی علاج کے طریقہ کے طریقہ:

1. خود عکاسی (Self reflection): خود کی ذہنی جگہ پر توجہ مرکوز کرنا۔
2. دماغ کے علاج کے مراحل

تجزیہ (Analysis) سوال (Questions) محرکہ (Stimulas)

دماغ کے علاج کے فوائد:

1. موثر لاگت ہے یعنی پیسے خرچ نہیں ہوئے۔
2. سادہ طریقہ ہے۔

نقائص (Limitations)

1. یہ طریقہ نا قابل تصدیق ہے۔
2. کم قابل اعتماد

ماحول (Environment)

اس کو ایسے ماحول میں کیا جانا چاہئے جہاں کم سے کم ذہنی خلفشار (distraction) ہو اپنے دماغ کے علاج کے طریقہ کے نتائج کو لکھنا چاہئے .۔

II. مشاہدہ (Observation):

قدرتی مشاہدہ ایک تحقیقی طریقہ ہے جس میں برتاؤ کے مختلف پہلوؤں کو احتیاط سے مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ مشاہدہ دراصل قدرتی ترتیبات میں قدرتی طور پر ہونے والے واقعات پر لوگوں کے ردعمل کا مطالعہ ہے۔

مشاہدہ کے طریقے میں تحقیق کے ڈاٹا کو جمع کیا جاتا ہے۔ اس میں شریک فرد کو دیکھنا اور اس کے متعلقہ رویہ ریکارڈ کرنا شامل ہے۔

Albert Bandura ایک نفسیات داں اور اکتساب کا نظریات داں ہے جس نے سب سے پہلے سماجی اکتساب کے نظریہ کو پیش کیا۔ پہلے مشاہداتی اکتساب کو نوٹ کرنے کا سہرا اسی کے سر جاتا ہے۔ مشاہدہ نفسیاتی جانچ پڑتال کا ایک طاقتور آلہ ہے جو کہ جان بوجھ کر کیا جاتا ہے اور بامقصد ہوتا ہے۔

مشاہدہ کے مراحل (Stages of Deservation)

اس کے چار مراحل ہیں۔

1. انتخاب (Selection)
2. سازبندی (Recording)
3. تجزیہ (Analysis)
4. تشریح (Interpretation)

1. **منتخاب(Selection) :** مشاہدہ کے ایک خاص پہلو کا انتخاب کرنا چاہئے۔

2. **سازبندی(Recording):** مشاہدہ کئے گئے پہلو کو مستقبل میں حوالہ کے طور پر استعمال کرنے کے لیئے اس کو لکھت میں یا کسی اور انداز سے ریکارڈ کرلیا جانا چاہئے۔

3. **تجزیہ(Analysis):** مشاہدہ کئے گئے تمام پہلوؤں کی ساخت کو تفصیل سے جانچ پڑتال کرنا چاہئے۔

4. **تشریح(Interpretation):** مشاہدہ کئے گئے تمام پہلوؤں اور فراہم شدہ پیمائشات کو سمجھانا۔

مشاہدہ کے اقسام

1. قدرتی(Naturalist)
2. پابندشدہ(Controlled)
3. ساختی اور غیر ساختی (Structured and Unstructured)
4. شریک اور غیر شریک (Participant and Non-participant)

1. قدرتی مشاہدہ(Naturalistic Diservation):

☆ اس میں لوگوں کو ان عام ماحول میں مشاہد ہکیا جاتا ہے۔
☆ عموماً یہ طریقہ کار جانوروں کے برتاؤ کے مطالعہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
☆ اس سے نئے خیالات پیدا ہوتے ہیں۔
☆ اس میں مکمل صورتحال کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے۔
☆ بہت زیادہ بصیرت حاصل ہوتی ہے۔
☆ لیکن قدرتی ماحول میں تمام قسم کے برتاؤ کا مشاہدہ نہیں کیا جاسکتا۔
☆ برتاؤ کی کئی ایک مثالیں دوبارہ دہرائی نہیں جاتیں۔

2. پابندشدہ مشاہدہ (Controlled observation)

☆ اس مشاہدہ کو تجربہ خانہ میں انجام دیا جاتا ہے۔
☆ مشاہدہ کرنے والا یہ طئے کرتا ہے کہ مشاہدہ کہاں، کس وقت اور کن حالات میں کیا جاتا ہے۔
☆ معیاری طریقہ کار استعمال کئے جاتے ہیں۔
☆ دوسرے محققین اس مشاہدہ کا مطالعہ کر کے آسانی سے اس کی نقل کر سکتے ہیں۔
☆ مختلف متغیرات پر مشاہدہ کنندہ کا اختیار رہ سکتا ہے۔
☆ کم وقت لینے والا طریقہ ہے بمقابلہ قدرتی مشاہدہ کے۔
☆ مشاہدہ دہندہ کو جب یہ معلوم ہوجائے کہ اس کا مشاہدہ کیا جارہا ہے تب وہ اس کے قدرتی رویہ سے ہٹ کر دوسرا رویہ ظاہر کرتا ہے۔

3. ساختی مشاہدہ(Structured Observation)

☆ اس کو منظّم مشاہد (Systematic Observation) بھی کہا جاتا ہے۔

☆ اس میں محققین کوڈنگ اسکیم(coding scheme)استعمال کرتے ہیں ہے۔

☆ یہ ڈاٹا کو حاصل کرنے کا طریقہ ہے جس میں محقق راست طور پر ملوث ہوئے بغیر ڈانا کو یکجا کرتا ہے

☆ نمونہ لینے(sampling)پر بہت گرفت ہوتی ہے۔

☆ غلطی کی پہچان و پیمائش ہوتی ہے۔

☆ یہ طریقہ عمومیت کی مضبوط اجازت دیتا ہے۔

☆ اور یہ جائیزہ لیتا ہے کہ یہ طریقہ کہاں تک درست ہے اور اس پر کس حد تک اعتبار کیا جا سکتا ہے۔

☆ اس طریقہ میں مبصر یعنی مشاہدہ کرنے والا (observers) اور مشاہدہ ہونے والا (observee) کے درمیان زبان اور کلچر کا فرق غلط نتائج لاسکتا ہے۔

☆ اس طریقہ میں لوگ غیر فطری طور پر اس طرح کا برتاؤ کرتے ہیں کہ انھیں معلوم ہے کہ ان کا مشاہدہ کیا جارہا ہے۔

4. غیر ساختی مشاہدہ (Unstructured Observation)

☆ اس میں محقق جس کا مشاہدہ کر رہا ہے اس کا جو برتاؤ دیکھتا ہے اس کو ریکارڈ کرتا ہے۔

☆ اس مشاہدہ میں سیر حاصل متعلق ڈاٹا حاصل ہوتا ہے۔

☆ یہ طریقہ کار ریکارڈنگ کے سامان کے بغیر مشکل ہے۔

مثال:- بچوں کو اپنے لئے کھلونوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے یا باغیچہ میں کھیلتے ہوئے ریکارڈ کرنا۔

5. شریک مشاہدہ(Participant Observation)

☆ ایسا مشاہدہ جس میں مشاہدہ کرنے والا خود سرگرمی(Activity)میں جس کا مشاہدہ کیا جارہا ہے اس کے ساتھ ملوث ہونا۔

☆ اس مشاہدہ میں جس کا مشاہدہ کیا جارہا ہے اس کو اس بات کی اطلاع ہو بھی سکتی ہے اور نہیں بھی ہوسکتی ہے۔

☆ ایسا شریک مشاہدہ جس میں زیر مشاہدہ کو اطلاع ہو ظاہر شریک مشاہدہ (Overt participant observation) کہا جاتا ہے۔

☆ ایسا شریک مشاہدہ جس میں زیر مشاہدہ کو اطلاع نہیں ہو تب غیر ظاہر یعنی خفیہ شریک مشاہدہ (Non-overt participant observation) کہا جاتا ہے۔

☆ ظاہر شریک مشاہدہ میں محقق کو گروپ کے ساتھ ایماندار ہونا چاہئے۔

☆ غیر قانونی سرگرمیوں کی معلومات حاصل کرنے کے لئے خفیہ شریک مشاہدہ اپنایا جاتا ہے۔

☆ اگر زیر مشاہدہ کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ اس کا مشاہدہ کیا جارہا ہے تب وہ مشاہدہ نندہ کے اثر سے آزاد رہتا ہے۔

☆ شریک مشاہدہ میں مقصد سے ہٹ کر جانبدار ہونے کے امکانات رہتے ہیں۔

☆ اگر محقق بھیدی ہے تب یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی تحقیق کو بہت خفیہ رکھے۔

☆ محقق ہونے والے حالات کے زیر اثر آسکتا ہے۔

6. غیر شریک مشاہدہ(Non-participant Observation)

☆ غیر شریک مشاہدہ میں مشاہدہ کرنے والا سرگرمی میں ملوث ہوئے بغیر باہر سے صرف گروپ کے ساتھ رہ کر مشاہدہ کر سکتا ہے۔

☆ سرگرمی میں شریک لوگوں کا رجحان بہت حد تک حقیقت پر مبنی ہوتا ہے۔

☆ محقق کا حالات پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔

☆ مشاہدہ کرنے والا یہ محسوس نہیں کرتا کہ کیا ہو رہا ہے۔

☆ شریک لوگوں پر اثر انداز ہوئے بغیر نتیجہ اخذ کر مشکل ہے۔

☆ مشاہدہ دراصل ڈاٹا کو جمع کرنے کا اہم طریقہ ہے۔

III. تجرباتی طریقہ (Experimental Method)

علم نفسیات میں تجرباتی طریقہ دراصل انسانوں اور حیوانات کی مختلف سرگرمیوں کی کوششیں ہیں اور ذہنی عمل کے توڑ جوڑ والے متغیرات کی فعال تنظیم جو کہ برتاؤ کو جنم دیتی ہے۔ یہ بنیادی طور پر قوانین کے دریافت کے متعلق ہوتے ہیں جو کہ رشتوں کے جوڑ توڑ کو بیان کرتے ہیں۔

تجرباتی طریقہ میں رشتوں کے درمیان وجہہ اور اثر کو قائم کرنے والے جوڑ توڑ کے متغیرات شامل ہیں۔ اس طریقہ کی اہم خصوصیات میں بے ترتیب امیدواروں کو پابند و تجرباتی گروپس میں مختص کرتا ہے۔

تجربہ دراصل ایک مفروضہ کو سائنسی طریقہ سے آزمانا ہے۔ تجربہ میں ایک آزادانہ متغیر کو جوڑ توڑ کرتے ہیں اور ایک منحصر متغیر کی پیائش کرتے ہیں اور اگر کوئی خارجی متغیرات ہوں تو ان کو پابند کیا جاتا ہے۔ تجربہ با مقصد ہونا چاہیے۔ محقق کی رائے تجربہ کے نتائج سے اثر انداز نہیں ہونا چاہئے۔ تجربہ کی وجہہ سے ڈاٹا مزید درست اور غیر جانبدار بن جاتا ہے۔

تجربہ تین (3) قسم کے ہوتے ہیں

1. لیباریٹری کا تجربہ (Lab Experiment)
2. فیلڈ کا تجربہ (Field Experiment)
3. قدرتی تجربہ (Natural Experiment)

1. لیباریٹری کا تجربہ (Lab Experiment)

☆ علم نفسیات میں لیباریٹری تجربہ ایک تحقیقی طریقہ ہے جس میں تجربہ کرنے والا (محقق) (Experimenter) ایک یا ایک سے زائد آزاد متغیرات کو توڑ جوڑ کر کے پابند حالات میں اس کے اثرات کی پیائش منحصر متغیرات پر کرتا ہے۔

☆ لیباریٹری کا تجربہ بہت زیادہ پابند حالات میں منعقد کیا جاتا ہے۔ جہاں صحیح پیائشات ممکن ہوں۔

☆ محقق معیاری طریقہ کا راستعمال کرتا ہے۔ جس میں وقت، امیدوار اور حالات کی پابندی ہوتی ہے۔

☆ ہر آزاد متغیر گروپ کو امیدوار بے ترتیب مختص کئے جاتے ہیں۔

☆ اس طریقہ کی آسانی سے نقل کی جاسکتی ہے۔ کیونکہ اس میں ایک معیاری طریقہ کا راستعمال کیا جاتا ہے۔

☆ اس طریقہ میں بیرونی اور آزاد متغیرات پر قابو ہوتا ہے۔

☆ یہ طریقہ وجہہ اور اثر کے درمیان رشتہ بناتا ہے۔ تجربہ کے مصنوعی ترتیبات کی وجہہ سے غیر قدرتی برتاؤ پیدا کرتا ہے جو کہ حقیقی زندگی کی عکاسی نہیں کرتا۔

2. فیلڈ کا تجربہ (Field Experiment)

☆ علم نفسیات میں فیلڈ کا تجربہ ایک تحقیقی طریقہ ہے جو کہ حقیقی قدرتی دنیا میں واقع ہوتا ہے۔اس میں بھی لیباریٹری تجربہ کی طرح ہی تجربہ کرنے والا (محقق)(Experimenter) ایک یا ایک سے زائد آزاد متغیرات کو توڑ جوڑ کر کے پابند حالات میں اس کے اثرات کی پیمائش منحصر متغیرات پر کرتا ہے۔

☆ فیلڈ کے تجربہ میں امیدواروں کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ان کا مطالعہ کیا جارہا ہے۔

☆ محقق کو بیرونی متغیرات (Variables) پر کم قابو ہوتا ہے۔

☆ اکثر فیلڈ کے تجربہ کا طریقہ سماجی مظاہر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جیسے

1. بے نفسی (Altruism)
2. اطاعت (Obedience)
3. قائل کرنا (Persuation) وغیرہ

☆ اس طریقہ کو حقیقی دنیا کی ترتیبات میں مداخلتوں کے اثر کے مطالعہ کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔جیسے

1. تعلیمی پروگرام
2. عوامی صحت کی مہم

☆ فیلڈ کے تجربہ کے طریقہ میں برتاؤ حقیقی زندگی کی عکاسی کرتا ہے جو کہ اس کے قدرتی ترتیبات کی وجہ سے ہے۔

☆ لیب کے تجربہ کے مقابلہ میں یہ تجربہ ماحولیاتی طور پر زیادہ درست ہوتا ہے۔

☆ کیونکہ امیدواروں کو معلوم نہیں ہے کہ ان کا مطالعہ کیا جارہا ہے اسی لئے نتائج پر امیدواروں کا اثر نہیں کے برابر ہوتا ہے۔

☆ بیرونی متغیرات پر محقق کا قابو نہیں کے برابر ہوتا ہے۔

☆ دوسرا محقق ایک فیلڈ تجربہ کے طریقہ کو دوسرے فیلڈ تجربہ میں من وعن نقل نہیں کرسکتا۔

3. قدرتی تجربہ (Natural Experiment):

☆ علم نفسیات میں قدرتی تجربہ ایک تحقیقی طریقہ ہے جس میں تجربہ کرنے والا (محقق)(Experimenter) بغیر کسی متغیر کے جوڑ توڑ کئے قدرتی طور پر واقع ہونے والے حالات کا منحصر متغیرات پر مشاہدہ کرتا ہے۔

☆ قدرتی تجربات کو امیدواروں کے دن کے ماحول میں منعقد کیا جاتا ہے۔

☆ کیونکہ یہ تجربہ حقیقی زندگی میں قدرتی طور پر ہورہا ہے اسی لئے آزاد متغیرات پر محقق کا کوئی قابو نہیں رہتا۔

☆ ایسے نفسیاتی مظاہر جن کا تجربہ خانہ میں تجربہ غیر اخلاقی ہو۔ان کے مطالعہ کے لئے قدرتی تجربہ کا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔مثلاً

☆ 1. قدرتی آفات کے اثر کا مطالعہ
2. سماجی انقلابات کے اثرات کا مطالعہ

☆ کوئی محقق اس بات کا مطالعہ کرتا ہے کہ تعلیمی امانت میں اضافہ کی پالیسی لائی جانے سے پہلے اور پالیسی لائے جانے کے بعد طلباء کی تعلیمی کامیابیوں کا تقابل۔

☆ قدرتی تجربہ میں برتاؤ حقیقی زندگی کی عکاسی کرتا ہے۔ کیونکہ یہ برتاؤ حقیقی ترتیبات میں بنتا ہے۔

☆ ماحولیاتی طور پر یہ بہت درست ہے۔

☆ اس میں زیادہ وقت درکار ہوتا ہے اور خرچہ بھی بہت آتا ہے۔

☆ بیرونی متغیرات پر کوئی قابو نہیں رہتا۔

IV. کیس کا مطالعہ (Case Study) :

کیس کا مطالعہ دراصل کسی شخص یا اشخاص یا واقعہ کا تفصیل و گہرائی سے مطالعہ ہے۔ کیس کے مطالعہ میں جس کا مطالعہ کیا جارہا ہے اس کی زندگی کا پہلو اور زندگی کی مکمل تفصیل کا تجزیہ کیا جاتا ہے جس کے ذریعہ اس کے برتاؤ کے نمونہ کو تلاش کیا جاتا ہے تاکہ اس کے برتاؤ کے اسباب معلوم کئے جا سکیں۔ کیس کے مطالعہ کے طریقہ کار کو مختلف میدانوں میں استعمال کیا جاتا ہے مثلاً نفسیات ، طب، تعلیم، بشریات (Anthropology)، سیاسیات اور سماجی کام شامل ہیں۔

کیس کے مطالعہ کے طریقہ کار ہم کسی شخص یا گروپ کے بارے میں اتنا سیکھ جاتے ہیں کہ اس کے مختلف مراحل کو ہم دوسرے کیسوں پر عمومی طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے کیس کا مطالعہ کا طریقہ اتنا مخصوص ہوتا ہے اس سے اسی عمومیت ایک مرحلہ تک ہی ہوسکتی ہے۔

کیس کے مطالعہ کی توجہ کسی فرد واحد یا گروپ تک ہی محدود ہوتی ہے اس میں فارماٹ (Format) ہوتا ہے جو کہ اسی کی پیروی کرتا ہے۔ اگر کیس کے مطالعہ کے طریقہ کار کو عقل مندی سے استعمال کیا جائے تو یہ تحقیق کے لئے ایک بہترین آلہ ہے۔ کئی موقعوں پر جہاں تجربہ کا طریقہ مشکل یا ناممکن تھا وہاں کیس کے مطالعہ کے طریقہ کو بہترین انداز میں استعمال کر کے ثمر آور نتائج اخذ کئے گئے۔

منفرد موقعوں پر کسی خاص فرد یا اشخاص پر تحقیق کا مواد جمع کرنے کے لئے یہ طریقہ بہت مددگار ثابت. ہوا ہے۔ لیکن ہمیں بہت محتاط رہنا ضروری ہے کہ اس میں جانبداری نہ ہو۔ کیس کے مطالعہ کے طریقہ کار کے کچھ طاقتیں اور کچھ کمزوریاں رہی ہیں۔ کیس کے مطالعہ کے لئے اس طریقہ کو اپنانے سے پہلے ہم کو اس کی خوبیوں وخامیوں کا اندازہ ہونا چاہئے۔

کیس کے مطالعہ کے طریقہ کے فوائد:

☆ اس طریقہ کار کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ ایسے کیس جس کا انعقاد لیب (Lab) میں ممکن نہ ہو اس کو محقق اس طریقہ کو اپنا کر تحققیا تکر سکتا ہے۔

☆ اگر کسی چیز کا اطلاق عمل میں آچکا ہے تب اس طریقہ کار کو اپنا کر کیا ہوا' کب ہوا' کیسے ہوا اور کیوں ہوا معلوم کیا جا سکتا ہے۔

☆ محقق کو یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ معلومات کو جمع کرنے میں یہ حکمت عملی کیوں اپنائی گئی ہے اس دوسری حکمت عملی کے مقابلہ میں۔

☆ محقق ایک مفروضہ بناتا ہے جس کی وجہ سے تجرباتی تحقیق دریافت کی جاسکتی ہے۔

کیس کے مطالعہ کے طریقہ کار کے نقائص:

☆ ایک بڑی آبادی پر اس کی عمومیت ممکن نہیں۔

☆ اسباب واثرات کو نہیں سمجھا سکتا۔

☆ سائنسی ااعتبار سے یہ سخت نہیں ہے۔

☆ اس میں جانبداری ممکن ہے۔

☆☆☆

Unit-V

معلم کو بااختیار بنانا (Professional Development of Teachers)

5.1 معنٰی (Meaning)

☆ "Empowerment" انگریزی لفظ ہے اس کے لغوی معنی ہیں 'give authority or power to' اور 'give strength and confidence to' یعنی اختیار دینا' مجاز کرنا' تقویت پہنچانا اور اعتماد پیدا کرنا۔

☆ استعدادوں مہارتوں میں فروغ' صلاحیتوں کو اُجاگر کرنا' معیار کے قابل بننا وغیرہ اس لفظ کے معنی ومفہوم ہوتے ہیں۔

☆ ماہر تعلیم Goodmann کے مطابق Empoverment رکھنے والے معلم' مواد کے تجزیہ کے ساتھ ساتھ تخلیقیت' طریقے اور وسائل کا استعمال کرتے ہوئے طلباء میں غور وفکر اور تجسّس کو پروان چڑھاتے ہیں۔

☆ Longman کی تالیف کردہ "Contemporary English" انگریزی لغت (1998) نے اس تصور Empowerment کی وضاحت اس طرح کی ہے کہ "To give some one more control over their own life or situation"

تدریس ایک پاک وصاف پیشہ خدمت ہی نہیں بلکہ ذمہ داریوں سے بھر پور ہوتا ہے' اور قربانیوں والا پیشہ ہے' معلم اپنی معلومات اور صلاحیت کو تدریس کے دوران استعمال کر کے ہی اس پیشہ سے انصاف کرسکتا ہے' معلم یہ نہ سوچے کے صرف ملازمت یا زندگی گزارنے کے لئے یہ پیشہ سے مربوط ہوا ہے' معلم کو چاہئے کہ وہ اپنی معلومات میں ہمیشہ اضافہ کرتا ہے' اور استعداد بڑھاتا رہے، اس طرح کی تدریس' مہارت کے فروغ اور معلومات کے بڑھانے کو اختیارات کہتے ہیں۔

بااختیار بنانے کی ضرورت (Need for Empowerment): پیشہ معلّمی ایک باوقار پیشہ ہے' جس میں سماجی خدمات شامل ہیں' اس پیشہ کو بہتر طور پر انجام دینے پر ہی بہتر سماج کی تعمیر ممکن ہے اور تب ہی اس پیشہ سے انصاف ہوسکتا ہے' اساتذہ کو چاہئے کہ وہ ہمیشہ معلومات میں اضافہ کرتے رہیں اور اپنی قابلیت بڑھاتے رہیں اور طلباء کو زیادہ سے زیادہ معلومات کا اکتساب کروانے کی کوشش کرتے رہیں۔

معلم بااختیار رہنے کے لئے ذیل کی باتوں پر عبور ہونا ضروری ہے:

تعلیمی نظام میں ''معلم'' ایک کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور سماج میں بھی اس کو ایک افضل مقام حاصل ہے۔ معلم بطور رہنما' گائڈ' رہبر ہوتے ہوئے طلباء کو بہتر شہری بناتا ہے اس کے لئے اس کو

☆ مواد مضمون میں مہارت ہو

☆ مختلف تدریسی گر اور تدریسی طریقوں سے واقف ہو

☆ درسی و اکتسابی مشاغل کے ذریعہ کمرہ جماعت میں خوشگوار ماحول بنانے کا اہل ہو

☆ پڑھائے جانے والے اسباق کی اچھی طرح منصوبہ بندی کرسکتا ہو

☆ طلبا سے بہتر تعلقات کو اپناتے ہوئے ان کی ترقی کی ذمہ داری قبول کرنا ضروری ہے۔

☆ تعلیمی نظام کے تئیں معلم' فرائض منصبی اور جذبہ ایثار رکھتے ہوئے اپنے فرائض کو انجام دے۔

☆ معلم نہ صرف طلبا سے ہی بہتر تعلقات کو اپنائے بلکہ صدر مدرس' ساتھی اساتذہ' بچوں کے والدین' سماج کے دیگر افراد سے بھی بہتر تعلقات بنائے رکھے۔

5.2 اساتذہ کو بااختیار بنانے میں معاون عوامل (Intervention for Empowerment)

معلم کے اختیارات (Empowerment) پر بالخصوص 4 نکات اثر انداز ہوتے ہیں۔

1. معلم کے باطنی اور ظاہری اوصاف (معلم کی مکمل شخصیت)
2. قبل از ملازمت اور مابعد ملازمت تربیتی پروگرام
3. تعلیمی منصوبہ بندی کے کلیدی مقاصد
4. طلبہ کی جانچ

تدریسی واکتسابی عمل کے لئے ہر معلم تدریسی واکتسابی اشیاء تیار کر لے اور اس کے استعمال سے بخوبی واقف ہوں۔ ہر معلم میں تربیت دینے کی صلاحیت ہونی چاہئے اور تعلیمی سہولتیں فراہم کرنے والا ہونا چاہئے۔

ماقبل خدمت (Pre-Sevice) اور برسرخدمت (Inservice) ٹریننگ پروگرام معلم کے پیشہ وارانہ قابلیت اور صلاحیت کو فروغ دینے کا ضامن ہونا چاہئے۔ ہر معلم کو چاہئے کہ وہ اپنے سے تجربہ کار اور Senior اساتذہ سے تبادلہ خیال کرے۔جس کی مدد سے نئے طرز کے تدریسی طریقوں پر عمل پیرا ہو سکے۔

اساتذہ کو بااختیار بنانے والی اعانتیں (Interventions for Empowerment):

کسی بھی شعبہ کے ترقی کے لئے چند سہولتوں مراعات اور حکمت عملی کی ضرورت ہوتی ہے:

☆ تعلیمی شعبہ میں طویل مدتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ مختصر مدتی منصوبوں کی تشکیل ۔

☆ وقت کے مناسبت سے مسائل کو حل کرنے کی حکمت Strategies میں تبدیلی کی جائے۔

☆ مختلف پروگراموں کے ذریعہ مدت معینہ میں مقاصد کے حصول کی حکمت عملی۔

☆ مختلف سرگرمیوں کے ذریعہ عطیہ دہندوں رضا کار تنظیموں دولت مند لوگوں اور دوسرے شعبوں کے دانشوروں کی مدد سے تعلیمی میدان میں کس طرح ترقی کی جاسکتی ہے بتلائیں۔

5.3 اساتذہ کے لئے پیشہ وارانہ ضابطہ اخلاق (Professional Code of Conduct for Teacher)

کسی بھی پیشہ کے لئے ضابطہ اخلاق ہوتے ہیں کچھ پیشوں کے لئے اس کی بہت زیادہ اہمیت ہوتی ہے چند پیشوں کے لئے ان کی خاص ضرورت ہوتی ہے' سماجی ضرورتوں کی تکمیل کرنے والے نوجوان اپنے مقاصد اور توقعات کے ساتھ مختلف پیشوں میں داخل ہو رہے ہیں۔

یہ کام اس وقت ممکن ہے کہ اساتذہ سچائی کا پیکر ہوں' تعلیم کے شعبہ پر اثر انداز ہونے والے ہر عمل کا جائزہ لے کر ان میں خرابیوں کا جائزہ لیں' وجوہات کا پتہ لگائیں اس عظیم ذمہ داری کو کمرہ جماعت دینا معلم کے ذمہ ہے' چنانچہ اس عظیم ذمہ داری کو سنبھالنے والے استاد کے لئے ضابطہ اخلاق کا ہونا ضروری ہے۔

جواب دہی (Accountability): استاد یعنی صرف اسباق کو پڑھانا ان کی تکمیل کر کے امتحانات کے بعد نتائج کو حاصل کرنا ہی اس کا مقصد نہیں بلکہ طلباء کو ان کی خواہش کے مطابق منتخب پیشوں کے لئے تیار کرنا' والدین کی توقعات اور خواہشوں کے مطابق طلباء کو تیار کرنا اور انہیں مستقبل

کے لئے تیار کرنے کی ذمہ داری بھی استاذ ہی پر ہوتی ہے' اوراس کے لئے وہ جواب دہ ہوتا ہے۔

☆ ہر پیشہ کے لئے ایک اصولِ اخلاق یا علم اخلاق (Ethics code) کا ہونا ضروری ہے۔

☆ یہ اصول خود نظم وضبط' خود سے کام کرنا جیسے صفات کی عکاسی کرتا ہے۔

☆ یہ اصول پیشہ وارانہ صلاحیتوں' قابلیتوں اور مثالیت کو برقرار رکھنے میں مددگار ہوتا ہے۔

والدین یا سرپرستوں سے معلم کا رشتہ:

☆ والدین' سرپرستوں سے دوستانہ تعلقات استوار کرنا۔

☆ والدین' سرپرستوں سے بچوں کی معاشی' سماجی' تعلیمی مسائل دریافت کرکے ان کے حل کے لیے کوشش کرنا۔

☆ بچوں کی خامیوں کو دور کرنے اور ان کی اصلاح کے لیے والدین' سرپرستوں کو مناسب مشوروں سے نوازنا۔

☆ والدین' سرپرستوں سے وقتاً فوقتاً ملاقات کرتے ہوئے طلباء کی ترقی کو یقینی بنانا۔

اساتذہ اور سماجی تعلقات:

☆ اساتذہ سماج میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ وہ طلباء کے اخلاق' خیالات' مستقبل کے افعال اور عادتوں پر نظر رکھتے ہوئے حسب ضرورت ان کی اصلاح کریں۔

☆ سماج میں پائے جانے والے مختلف ذات پات' مذہب' زبان' بول چال رنگ ونسل کے درمیان توازن برقرار رکھنا۔

☆ مدرسہ کے تئیں' سماج کے تئیں' ریاست اور ملک کے تئیں فرماں بردار رہنا اور عزت کرنا۔

مدرس اور صدر مدرس کا رشتہ/ مدرس کا دوسرے اساتذہ کے ساتھ رشتہ:

☆ مدرس دوسرے اساتذہ کے ساتھ ساتھ صدر مدرس سے بھی خوشگوار تعلقات رکھے۔

☆ اساتذہ کو چاہئے کہ مدرسہ اور سماج کی ترقی کے لئے صدر مدرس کی جانب سے دی گئی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔

☆ برسرخدمت تربیتوں' سمینار' سمپوزیم' کانفرس وغیرہ میں شرکت کرکے پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں فروغ حاصل کرنا۔

☆ نصابی' ہم نصابی سرگرمیوں کی عمل آوری میں مدرسہ کے اندرو باہر ساتھی اساتذہ اور صدر مدرس کا ساتھ دینا۔

☆ مدرسہ کے نظم ونسق میں صدر مدرس کی ہر طرح سے مدد کرنا۔

☆ انتظامیہ کے ساتھ بہتر تعلقات استوار کرنا۔

اساتذہ کی تنظیموں کے ساتھ معلم کا رشتہ:

☆ اساتذہ کی تنظیم میں بطور ممبر شریک ہوکر پیشہ وارانہ' قائدانہ صلاحیتوں کو پروان چڑھانا۔ اساتذہ تنظیم میں نمائندگی کرنے کو ایک ذمہ داری کے طور پر محسوس کرنا۔

☆ اساتذہ کے تنظیم کے اصول' نشستوں اور رسالوں میں شرکت کرکے تنظیم کو مستحکم بنانے میں کلیدی رول ادا کرنا۔

معلم اور طلبا کا رشتہ:

☆ وقت مقررہ پر مدرسہ میں حاضر رہنا۔

☆ تدریس سے قبل ہی سبق کو تیار کر کے پڑھانا، تمام بچوں کو ایک نظر سے دیکھنا۔

☆ بچوں کے جذباتی، ذہنی، اخلاقی، جسمانی، سماجی نشوونما میں کلیدی رول ادا کرنا۔

☆ بچوں کا ہم راز بننا اور خیال رہے کہ بچوں کے راز کو راز ہی رکھنا دوسروں کے سامنے تذکرہ نہ کرنا۔

☆ بچوں کی ہمہ جہتی ترقی کے لئے ہمیشہ کوشاں رہنا۔

☆ ذات، مذہب، جنس، طبقہ، زبان کی تفریق کئے بغیر سب کو ایک نظر سے دیکھنا، سب کے ساتھ مساویانہ سلوک کرنا۔

معلم۔ پیشہ وارانہ ترقی:

☆ K.S. Narayanan کے مطابق اچھے معلم میں A, B, C, D خصوصیات ہونی چاہئے۔

A	-	Accessibility	(رسائی، پہنچ)
B	-	Brilliance	(ذہانت)
C	-	Communication Skills	(ترسیلی اظہار)
D	-	Devotion to Duty	(جذبہ ایثار)

اچھے معلم میں رہنے والی 'C' 5 خصوصیات:

C	-	Content	(اطمینان)
C	-	Communication	(ترسیل)
C	-	Competence	(استعداد/صلاحیت)
C	-	Commitment	(پابندی)
C	-	Concern	(تعلق خاطر)

T	-	Truthful, Tactful, Trustful, Trained
E	-	Efficient, Elegant, Equitable
A	-	Active, Administrator, Admirable
C	-	Character, Commitment, Calliber
H	-	Honest, Helpful
E	-	Enthusiam, Energetic
R	-	Regular, Responsible, Royal

قومی تعلیمی پالیسی اور اساتذہ کے ضابطہ اخلاق:

1984 میں یونیسکو نے اساتذہ کے پیشہ سے متعلق اصول وضوابط کو ترتیب دیا ہے اس کے مطابق کردار سازی پیشہ کی عزت اور اہمیت اور ذمہ داریوں کو قبول کرنے کے لئے استاد کو ہی ذمہ دار قرار دیا ہے، اس کو فروغ دینے کے لئے اساتذہ کو تنظیمی کوشش کرنا چاہئے۔

1986 کی قومی تعلیمی پالیسی نے بھی ان حقائق کو پیش نظر رکھ کر اساتذہ کے لئے چند اصول مرتب کئے ہیں، ان قواعد کی تشکیل اور عمل آوری کے لئے قومی سطح پر اساتذہ کو NCERT کے اصول وضوابط کے تحت کام کرنا چاہئے، جو حسب ذیل ہیں:

☆ تعلیم ہمہ جہتی ترقی مکمل شخصیت کے لئے تخلیقی صلاحیتوں کے فروغ کے لئے تعمیری صلاحیتوں کی تربیت' معاشی' لسانی' اخلاقی اور روحانی ترقی کے لئے مددگار ثابت ہوتی ہے، معلم اس بات کو مدنظر رکھے۔

☆ معلم کو چاہئے کہ بچہ کی ذات پات مذہب' معاشی' اخلاقی' سماجی' ذہنی فرق کے بغیر تعلیم بچہ کا حق ہے یہ سمجھ کر تعلیم دے۔

☆ حکومت کے مہیا کردہ فنڈس اور ضروری تعلیمی درسی آلات کو آزادانہ طور پر استعمال کرتے ہوئے بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دے۔

☆ تعلیم کی ذریعہ طلباء میں قومی تبدیلی جذبہ حب الوطنی تہذیبی فروغ یکجہتی اور مساوات' تحفظ ان خوبیوں کو اپنانے کا عہد کرتے ہوئے ان ان احساسات کو طلباء میں فروغ دے۔

☆ ملک کی دستوری خصوصیات کے مطابق جمہوریت مساوات سیکولرزم وغیرہ جیسے خیالات پر پابند رہتے ہوئے طلباء کو ان خوبیوں کی تربیت دے۔

☆ معلم کو چاہئے کہ درس کے دوران عالمی امن' بین الاقوامی تعلقات' باہمی مفاہمت اور ایک دوسرے کا تحفظ کرنے کا پابند بنائے۔

☆ تدریس کو ایک باوقار پیشہ سمجھے اور اس کی عمل آوری کے لئے' معلومات مہارت انفرادی گروہی ذمہ داریوں قبول کرے۔

☆ مقاصد کی تکمیل کے لئے بااعتماد طور پر پیشہ ورانہ اصول وضوابط کا پابند رہے تعلیم کو بلند مقام پر لے جانے کے لئے اپنے آپ کو پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا پابند بنائے۔

5.4 معلم۔محرکہ (Teacher Motivation)

☆ کسی کے اعمال یا رویہ کے پیچھے کارفرما وجوہات اور جوش وولولہ کو محرکہ کہتے ہیں۔

☆ محرکہ کی وجہ سے دلچسپی پیدا ہوتی ہے اور مقصد کو حاصل کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔اور جو مقصد حاصل ہوتا ہے اس سے انفرادی طور پر انسان مطمئن ہو جاتا ہے اور یہی دلچسپی دوسرے افعال کو انجام دینے میں وجہ تحریک بنتی ہے۔

معلم میں محرکہ پیدا کرنے والے عوامل (Factors Effecting Teacher Motivation) :

☆ محرکہ پیدا کرنے والے عوامل: (1) داخلی عوامل (Internal Factors) (2) خارجی عوامل (External Factors)

(1) داخلی عوامل (Internal Factors) :

☆ جسمانی صحت' خوشحال زندگی اساتذہ کو ذہنی سکون بخشتے ہیں۔اس کے ذریعہ معلم اپنے فرائض منصبی کو مستعدی کے ساتھ انجام دیتا ہے۔

☆ صحت مند زندگی کے لئے' خاندان (گھر کے) گذارے کے لئے اساتذہ کو بہتر (اچھی) تنخواہیں دینی چاہئے۔

☆ مدرسہ میں بنیادی سہولتیں مثلاً کشادہ کمرہ جماعت' سرسبز وشاداب مدرسہ کا ماحول' معقول طلبا کی تعداد وغیرہ عوامل اساتذہ کی ذمہ داریوں کو پوری ایمانداری کے ساتھ ادا کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

☆ ساتھی اساتذہ کا تعاون ضروری ہے۔

یہ تمام محرکہ پیدا کرنے والے اندرونی عوامل ہیں۔

(2) خارجی عوامل (External Factors):

☆ چونکہ بیرونی تبدیلی محرکہ کی وجہ بنتی ہے اس لئے ایک مقررہ وقت کے بعد ترقی Promotion ملنے پر اساتذہ مستعدی کے ساتھ اپنے

افعال انجام دیتے ہیں ۔ اس کے لئے معلم کو اپنی تعلیمی صلاحیت و لیاقت کو بڑھانے کے لئے اور پیشہ ورانہ قابلیت Professional Qualification کو بڑھانے کے لئے مواقع فراہم کئے جانے چاہئے۔

☆ شناخت اور انعام ہر کام کے لئے اہم رول ادا کرتے ہیں۔ آج بھی دیہاتوں میں اساتذہ 'لوگوں کا دل جیتنے اور ان کی شخصیت سازی میں نمایاں رول کی وجہ اپنا سکّہ جمانے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ اس لئے موجودہ دور میں قابلیت رکھنے والے' لیاقت وصلاحیت رکھنے والے' ہنر رکھنے والے اساتذہ کی منڈل سطح / ریاستی سطح / قومی سطح پر نشاندہی کر کے ایوارڈ یا انعام یا اعزاز سے نوازا جائے۔

5.5 برسرخدمت معلم کی تربیت (Inservice Teacher Education Need Scope)

☆ معلم کا پیشہ اختیار کئے ہوئے اساتذہ بدلتے وقت اور حالات کے تناظر میں تعلیمی میدان میں درپیش تبدیلیوں کے مطابق تدریسی و اکتسابی سرگرمیوں میں نیا پن' تخلیقیت کو اپناتے ہوئے اور جدید تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے طلباء کی ضروریات پورا کرنے اور ان کی خواہشات کی تکمیل کے لئے جو آمادہ رہتا ہے وہی معلم کامیاب معلم کہلاتا ہے۔ اس کے لئے وقتاً فوقتاً تربیتی پروگرامس میں حصہ لینا ضروری ہوتا ہے۔

☆ 1986 کی نئی تعلیمی پالیسی میں بھی اساتذہ کی برسرخدمت تربیتی پروگرام کی (Inservice Trainings) اہمیت کو واضح کیا ہے۔

☆ مختلف ماہرین کے کمیشن رپورٹ میں بھی اس بات کی وضاحت کی گئی کہ اساتذہ کو Inservice Training پروگرامس میں حصہ لیتے رہنا چاہئے تب ہی ان کی پیشہ وارنہ قابلیتوں میں اور صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا جس سے ان کے اختیارات کو تقویت ملے گی۔

برسرخدمت اساتذہ کے لئے ٹریننگ کی ضرورت:

1. اساتذہ کے فہم اور مہارتوں کو پروان چڑھانے کے لئے۔
2. اساتذہ اور ان کی انفرادی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے۔
3. سماج میں نئے طور طریقے اس میں بدلاؤ کو معلوم کرنے اور سمجھنے کے ساتھ ہی ساتھ بچوں کے مسائل کو حل کرنے کے قابل بنانے کی ترغیب دینے والے نکات۔
4. پیشہ میں انفرادیت' صلاحیت پیدا کرنے اور تعلیمی قابلیت کو بڑھانے کے لئے۔

معلم کو پیشہ وارانہ ٹریننگ دینے والے ادارے:

1. ڈائیٹ (DIET) : ضلعی سطح پر۔
2. MRC : منڈل سطح پر۔
3. SCERT / SIT / RVM : ریاستی سطح پر
4. NCERT / CCRT / CTE : قومی سطح پر

برسرخدمت اساتذہ کو ٹریننگ دینے کے طریقے حسب ذیل ہیں:

☆ ورک شاپ (Workshp) کے ذریعہ۔

☆ سمینار (Seminar) کے ذریعہ۔

☆ طباعت (Publication) کے دریعہ۔

☆ سائنس کلب (Science Club) کے ذریعہ۔

☆ مراسلاتی کورس (Correspondence Course) کے ذریعہ۔

☆ جزوقتی جماعتوں (Refresher Classes) کے ذریعہ۔

☆ معلوماتی لکچر (Extension Lecture) کے ذریعہ۔

☆ سرمائی اور گرمائی تعطیلات میں خصوصی پروگراموں کے ذریعہ۔

☆ منصوبے (Projects) کے ذریعہ۔

☆ ٹیچر اراکین (Teacher Pannels) کے ذریعہ ٹریننگ دی جاتی ہے۔

5.6 قومی/ریاستی سطح پر اساتذہ کی تعلیم وتربیت کے ادارے

Central Advisory Board of Education (CABE):

تعلیم کا مرکزی مشاورتی ادارہ 1921 میں تشکیل پایا اور 1935 سے کام کرنا شروع کیا' اس میں سارے ملک کے تعلیمی مسائل پر بحث ہوتی ہے' سال میں ایک مرتبہ میٹنگ ہوتی ہے یہ ادارہ مرکزی حکومت کو تعلیمی پالیسی بنانے میں مدد دیتا ہے اور تعلیمی پروگرام کی جانچ میں بھی مدد دیتا ہے یہ ادارہ ریاستی حکومتوں کے نمائندوں ماہرین تعلیم اور دیگر ماہرین کا نمائندہ بورڈ ہوتا ہے' یہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے خیالوں کو پیش نظر رکھ کر کام کرتا ہے۔

اس ادارے سے وابسطہ Central Board of Education ہوتا ہے جو تعلیم میں تازہ ترین معلومات جمع کرتا ہے' اور تعلیم میں ملک کی ترقی کا جائزہ لیتا ہے' اور اس بارے میں رپورٹ شائع کرتا ہے' یہ ادارہ Quarterly Education نامی رسالہ بھی شائع کرتا ہے۔

National Council for Teacher Education (NCTE):

نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن 1973 میں قائم کیا گیا ہے' اس کا صدر دفتر نئی دہلی میں ہے اور علاقائی دفاتر بنگلور' بھوپال' بھوبنیشور اور جئے پور میں موجود ہے اس ادارہ کو قائم کرنے کا مقصد اساتذہ کی تربیت کو معیاری بنانا ہے' اس ادارے کے اہم افعال حسب ذیل ہیں:

☆ اساتذہ کی تربیت کا مناسب معیار قائم رکھنا

☆ اساتذہ کی تربیت کے لئے نصاب کو تیار کرنا

☆ اساتذہ کی تربیتی اداروں کی نگرانی اور مختلف سہولیات کو فراہم کرنا

☆ حکومت کو اساتذہ کی تعلیم وتربیت کے تعلق سے مشورے دینا

☆ اساتذہ کی تربیت کے ریاستی اور مرکزی منصوبوں کی ترقی کا جائزہ لینا

☆ اساتذہ کی تربیت کے لئے مختلف تربیتی پروگراموں کا انعقاد کرنا

Central Institute of Education Technology (CIET): درس و تدریس کے عمل میں ٹکنالوجی کے استعمال اور پورے ملک میں تعلیم کو عام کرنے کی غرض سے مئی 1984 میں اس ادارے کا قیام عمل میں آیا' اس ادارے کو قائم کرنے کا مقصد درس و تدریس کو معیاری اور بہتر بنانے کے لئے تدریسی عمل میں جدید ٹکنالوجی جیسے ٹیلی ویژن' ریڈیو' کمپیوٹر وغیرہ کا استعمال ہے' ریاستی سطح پر CIET کے معاون اداروں کے طور پر آندھرا پردیش' بہار' مہاراشٹرا اور اتر پردیش میں SIET کو قائم کیا گیا ہے۔ اور یہ ریاستیں INSAT کی مدد سے تعلیمی پروگراموں کو ٹیلی ویژن پر دکھاتے ہیں' اس کے علاوہ ان اداروں کی جانب سے اساتذہ کے لئے ورکشاپ مقرر کئے جاتے ہیں' جس میں تعلیمی اسباق کو تیار کیا جاتا ہے، اس کے علاوہ CIET میں چھوٹے بچوں کے لئے کم لاگتی فلمیں بھی تیار کی جاتی ہے۔

National Council of Educational Research and Training (NCERT): NCERT کا قیام ستمبر 1961 کو ہوا اس کا صدر دفتر دہلی میں ہے' یہ ایک قومی ادارہ ہے جو ہندوستان میں تعلیم کی دیکھ بھال اور تعلیم کا بندوبست کرتا ہے' اس ادارے میں مختلف شعبہ جات قائم ہے' اس ادارہ کا اہم کام نصاب کی تدوین کتابوں کی تیاری یکساں تعلیمی ڈھانچہ کے علاوہ ٹریننگ کالجس کا قیام اور اساتذہ کی مہارتوں کو بڑھاوا دینے کے لئے سیمینار' ورکشاپ تربیتی پروگراموں وغیرہ منعقد کرنا ہے۔ NCERT کی جانب سے چار ٹریننگ کالجس بنگلور' اجمیر' بھوپال' اور بھوبنیشور میں قائم کئے گئے ہیں' جہاں پر B.Ed اور M.Ed کی تعلیم دی جاتی ہے، جن کو Regional College of Education(RCE) کہا جاتا ہے۔

Central Institute for Education Planning and Administration (CIEPA): یہ ادارہ 1962 میں قائم ہوا یہ مرکزی حکومت کی جانب سے قائم کردہ ادارہ ہے اور اس کا آفس دہلی میں واقع ہے یہ تعلیمی میدان میں منصوبہ نظم و نسق کے بارے میں کام کرتا ہے اس کے اہم کام حسب ذیل ہیں:

1. تعلیمی منصوبہ بنانے والے (Education Administration)' ناظم (Director) مہتمم (DEO) اور ناظر (Dy.lO's) کو تربیت دیتا ہے۔
2. تحقیق کرنا۔
3. نئے خیالات نئے طریقے تدریس کو روبہ عمل لانا۔
4. ہر سال Diploma کورس چلانا۔
5. نئے تقرر کردہ DEO'S ' SCERT کے وہ آفیسر جو تعلیمی منصوبہ اور نظم و نسق سے متعلق ہوں اور وہ آفیسر جو Planning Management DIET برانچ سے تعلق رکھتے ہیں ان کو تربیت دیتا ہے۔

State Council of Educational Research and Training (SCERT): ریاست میں تعلیمی سرگرمیوں کو مستحکم کرنے اور معیار تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے حکومت آندھرا پردیش نے 1976 میں SCERT کا قیام عمل میں لایا اور اس میں مختلف شعبہ جات قائم کئے گئے' مثلاً تعلیمی بنیادیں' سائنس کی تعلیم' سمعی و بصری آلات کے ذریعہ تعلیم' نصاب' درسی کتب UNICEF' آبادی کی تعلیم' تعین قدر' غیر رسمی تعلیم' پیشہ ورانہ تعلیم۔

(SCERT) کے اہم اغراض و مقاصد:

☆ کمرہ جماعت میں تدریس کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے تحتانوی' ثانوی سطح کے اساتذہ کی صلاحیت میں اضافہ کے لئے دوران

ملازمت اساتذہ کی تربیت کی منصوبہ بندی اور عمل آوری۔

☆ تدریسی طریقہ کار اور تعلیمی مسائل جیسے ترک مدرسہ وغیرہ پر غور و خوص اور مناسب تدابیر۔

☆ DIET کے ذریعہ تعلیمی اداروں اور اساتذہ کی تعلیمی رہنمائی۔

☆ مطبوعات کے ذریعہ اختراعی طریقہ تدریس، تعین قدر میں معاون مواد، سائنس کی تعلیم، مدرسہ کی عمارت، تعلیمی منصوبہ بندی، تعلیمی مواد، یونٹ منصوبہ، ابتدائی تعلیم کو سب کے لئے قابل دسترس بنانا۔

☆ تعلیم مواد کی جدید کاری اور جدید تکنیک کو متعارف کروانے کے لئے قومی اور بین الاقوامی پروگراموں سے اشتراک کرنا۔

: English and Foreign Language University (EFLU)

☆ یہ ادارہ حیدرآباد میں ہے۔اس ادارہ کو یونیورسٹی کا درجہ حاصل ہے۔

☆ انگریزی زبان کی تدریس کے ساتھ دیگر غیر ملکی زبانوں سے تعلق رکھنے والے پروگرام ترتیب دے کر اساتذہ تک انھیں پہنچاتا ہے۔

☆ انگریزی درسی کتابیں، رسالے، کتابچہ وغیرہ اس ادارہ کے تحت طبع کئے جاتے ہیں۔اس ادارہ کا موجودہ نام "EFLU" ہے۔

: State Institute of Education Technolgy (SIET)

☆ مرکزی سطح پر CIET کی طرح ریاستی سطح پر SIET تعلیم کی آفاقیت کے لئے کام کرتا ہے۔

☆ ہماری ریاست میں اس ادارہ کا قیام 1985ء میں ہوا۔

☆ یہ ادارہ لڑکے اور لڑکیوں کے لئے مختلف پروگرام ترتیب دے کر سمعی و بصری شکل میں ''ٹیلی اسکول'' کے نام سے دوردرشن کے ذریعہ نشر کرتا ہے۔

: State Resource Centre (SRC)

☆ تعلیم نسواں کے لئے درکار تعلیمی منصوبہ کو ترتیب دیتا ہے۔

☆ تعلیم بالغان کے پروگرام اور قومی خواندگی پروگرام کو واضح طور پر ترتیب دینا۔

☆ شہر حیدرآباد کے ''آندھرا مہیلا سبھا'' کو چہ میں اس ادارہ کو شروع کیا گیا جس کا اہم مقصد مکمل خواندگی کا حصول ہے۔

☆ اس ادارہ کو خواندگی مرکز (Literacy Centre) بھی کہتے ہیں۔

☆ تعلیم بالغان سے متعلق تصانیف پامفلیٹ اور رہنمایانہ ہدایات کا کتابچہ وغیرہ کے ساتھ ساتھ ماہرین اور عملہ کو خصوصی ترتیب فراہم کرتا ہے۔بالخصوص یہ ادارہ خواتین کی تعلیم پر زور دیتا ہے۔

: Regional Institute of Education (RIE)

☆ NCERT کی جانب سے پورے ملک میں اس کے 5 ادارے ہیں۔جنوبی ہند میں ''میسور'' کو مرکز بنا کر اس ادارہ کو قائم کیا گیا۔
یہ ادارہ بی۔ایڈ اور ایم۔ایڈ کے کورسیس کے اہتمام کے علاوہ جنوبی ہند میں برسر خدمت اساتذہ کے لئے خصوصی تربیتی پروگرام ' Refresher Courses منعقد کرتا ہے۔

ضلعی تعلیمی وتربیتی ادارہ : District Institute of Education and Training (DIET)

اساتذہ کے جو پروگرام تھے ان میں اصلاحات اور بہتری لانے کی غرض سے 90-1980 میں ضلع کی سطح پر DIET کا احیاء عمل میں آیا

یہ ادارہ تین اہم کام انجام دیتا ہے۔

☆ اساتذہ کے لئے قبل از ملازمت اور دوران ملازمت کے لئے پیشہ وارانہ تربیت دینا۔

☆ مدارس میں بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد دینا۔

☆ تحقیق و تدوین کا کام انجام دینا۔

☆ اس ادرے کے 7 مختلف شعبہ ہیں جو حسب ذیل ہیں:

PSTE (1) DRU (2) P&M (3) IFIIC (4) ET (5)

CMDE (6) WE (7)

DIET کے اہم کام حسب ذیل ہیں:

☆ ضلعی سطح پر ایلمنٹر ی ایجوکیشن کے متعلق منصوبہ بندی کرنا۔

☆ اسکول کیلنڈر کی تیاری۔

☆ اسکول کے متعلق تفصیلات جیسے اساتذہ طلباء دیگر اسٹاف اور بنیادی سہولیات کے بارے میں اعداد شمار کرنا۔

☆ ٹیچرس HM's اور MEO's کو دوران ملازمت تربیت دینا۔

☆ جہاں پر LAB موجود ہوں وہاں جدید تعلیمی درسی طریقوں کے تجربے کرنا۔

☆ ضلع میں ایسے مدارس جن کا تعلیمی معیار پست ہے ان کو راست نگرانی میں لے کر ان کے معیار کو بہتر بنانا۔

☆ ایلیمنڑی مدارس اور اساتذہ کے تربیتی اداروں کے لئے تربیتی مواد تیار کرنا' اساتذہ کو نئے تدریسی طریقوں سے واقف کروانا۔

☆ مدارس کی Supervision اور نگرانی کرنا۔

☆ اساتذہ کو مشکل مواد اور دوسرے عنوانات پر تربیت دینا۔

☆ بچہ مزدوری کے خاتمہ کے لئے اساتذہ کی مدد کرنا۔

☆ مدرسوں میں بچوں کا اندارج کرانے میں مدد دینا۔

☆ جمود اور ضائیگی کو دور کرنے میں مدد دینا۔

☆ یہ ادارہ تعلیمی ڈھانچہ کو پورا کرنے میں قومی سطح پر جو تعلیمی ڈھانچہ بنایا جاتا ہے اس پر عمل کرنے اور اساتذہ کو پیشہ وارانہ ٹریننگ دینے کے لئے قائم کیا گیا ہے۔

☆ یہ ادارہ ضلعی سطح پر ہر مضمون کے اساتذہ کو پیشہ وارانہ مہارتوں کو اجاگر کرنے اور جدید تعلیمی طریقوں سے سرفراز کرنے اور TLM کو بنانے اور اس کو استعمال کرنے کی ٹریننگ فراہم کرتا ہے۔

☆ یہ ضلعی سطح پر تعلیم کے مقاصد کو حاصل کرنے میں ایک اہم ادارہ سمجھا جاتا ہے۔

☆ تحتانوی اور وسطانوی مدارس' غیر رسمی تعلیم کے مدارس' تعلیم بالغان کے مدارس کے پروگرام میں اپنا رول ادا کرتا ہے۔

Mandal Resource Centre (MRC) :

☆ SSA کے جز کے طور پر اس مرکز کو 2003ء میں قائم کیا گیا۔

☆ یہ منڈل سطح پر MEO کی زیرنگرانی منڈل سطح کے ماہرین مضمون اور MRP کے تعاون سے چلایا جانے والا ادارہ/مرکز ہے۔

☆ یہ مرکز مدرسہ کی بہتر کارکردگی کے لئے منڈل کی سطح پر Teacher Centre سطح پر School Complex سطح پر مختلف پروگرام چلانا اور نمونہ منصوبہ سبق پیش کرنا اور جانچ کے طریقہ کار پر تربیت دیتا ہے۔

☆ یہ ادارہ منڈل کی سطح پر تحتانوی مدارس کے سرگرمیوں کو مستحکم اور موثر عمل آوری کے لئے درکار پروگراموں کو ترتیب دیتے ہوئے معلم کے اختیارات کو بڑھاوا دینے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

اہم قومی/ریاستی ادارے

ادارے کا نام	قیام کا سال
National Council of Teacher Education (NCTE)	1993
National Council of Educational Research and Training (NCERT)	1961
State Council of Educational Research and Training (SCERT)	1976
Central Institute of Education Technology (CIET)	1982
District Institute of Education and Training (DIET)	1986
Mandal Resource Centre (MRC)	2003

فی الوقت ہماری ریاست میں موجود اہم اساتذہ کی تنظیمیں:

1) U.T.F. - United Teachers Fedration

2) S.T.U - State Teachers Union

3) P.R.T.U - Progressive Recognized Teachers Union

5.7 مدرسہ میں رکھے جانے والے ضروری رجسٹرس
MAINTENANCE OF RECORDS & REGISTERS

GOMs NO 38 Edn' کے مطابق حسب ذیل رجسٹرس ہر مدرسہ میں ہونے چاہئے۔

☆ ہر مدرسہ کی کارکردگی وترقی کو جاننے کے لئے، ہر پروگرام کے اغراض ومقاصد کو جاننے کے لئے اور اسی طرح مدرسہ کے بہتر نتائج کو جاننے کے لئے چند ریکارڈس اور رجسٹرس کی ضرورت ہوتی ہے۔

صدر مدرس کی جانب سے اہتمام کئے جانے والے اسکول ریکارڈس ورجسٹرس کے اقسام:

اسکول کے ریکارڈس، رجسٹرس کو ذیل کی طرح تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

A) General Concern

1) School Calendar
2) Log Book
3) Visitors Book
4) Service Register
5) Withdrawal Register
6) Casual Leave Register
7) Staff Duty Register
8) Staff Metting Register
9) Committee Minutes Book
10) Staff Meeting Minutes Book

B) Financial Concern

1)	Acquittence Roll	2)	Contingency Register
3)	Cash Book	4)	Fee Collection Register
5)	Bills Register	6)	Government Grants File
7)	Scholarship Registers	8)	Donation Register
9)	Student Fund Register	10)	T.A. Bills
11)	Day Wise Net Cash Book		

C) Educational Concern

1)	Pupils Attendance Register	2)	Teacher's Attendance Register
3)	Class Wise Time Table	4)	Teacher Wise Time Table
5)	Examination Marks Register	6)	Teachers Free Period Time Table
7)	Home Work Register	8)	Teachers Dairy
9)	School Dairy	10)	Notice Register
11)	3R's	12)	LEP
13)	CCE	14)	JBAR
15)	CL	16)	MDM
17)	IRI	18)	SMC
19)	VER	20)	Port Folio
21)	Anecdots	22)	Iron and Folic Aid
23)	Albendozole	24)	Harti Haram
25)	FLN		

D) Equipment Concern

1)	School Furniture, School TLM Stock Book		
2)	Stationary Issue Register	3)	Stationary Stock Register
4)	Library Issue Register	5)	Magazene, Newspaper Register
6)	Laboratory Material Register	7)	Stores Register

صدر مدرس کی نگرانی میں رکھے جانے والے اہم ریکارڈس ورجسٹرس کی تفصیلات:

1)	Admission Register	2)	Log Book
3)	Pupils Attendance Register	4)	Teachers Attendance Register
5)	Service Book	6)	School Cash Book
7)	Ledger	8)	Stock Register
9)	Visitors Book	10)	Cummulative Record

مدرسہ کے ضروری ریکارڈس اور رجسٹرس:

اسکول کی اداری منصوبہ بندی (School Institute Planning) : تعلیمی سال کے آغاز میں اسکول کے متعلق اسکول کے اندر ہونے والے پروگرام نصاب امتحانات تفصیلات اور تدریس کے متعلق ضروری مواد کی تیاری ان کارڈس میں کی جاتی ہے۔

داخلہ رجسٹر (Admission Register): مدرسہ میں داخلہ لینے والے بچوں کی مکمل تفصیلات کو اس رجسٹر میں اندراج کیا جاتا ہے' ہر طالب علم کو ایک داخلہ نمبر دے کر طالب عالم کا نام والد والدہ کا نام تاریخ پیدائش اسکول میں داخلہ کی تاریخ جماعت کونسے اسکول سے آیا شناختی نشانات ذریعہ تعلیم زبان اول اور دوم والدین کا پیشہ پتہ ان سب کو داخلہ رجسٹر میں درج کیا جاتا ہے۔

اسکول کے تمام رجسٹر میں یہ سب سے اہم رجسٹر ہوتا ہے' اور یہ مستقل یعنی ہمیشہ رہنے والے ہوتے ہیں۔

طلبہ کے حاضری کے رجسٹر (Pupil Attendance Register): بچوں کی حاضری سے متعلق اندارج کے لئے اس کو رکھا جاتا ہے اس میں داخلہ نمبر' رول نمبر بچہ کا نام والد کا نام تاریخ پیدائش ہوتی ہے' اور روزانہ حاضری کے خانے بنے ہوتے ہیں' مہینے کے آخری میں کل حاضری کے دنوں کے لئے اسکول کے ایام کار کے لئے طالب علم کے لحاظ سے درج کرنے کی سہولت ہوتی ہے۔

اساتذہ کی حاضری کا رجسٹر (Teacher Attendance Register): خاص طور پر ٹیچرس کے لئے رکھے گئے اس رجسٹر میں ہر مدرس اسکول میں داخل ہوتے ہی صبح اور دوپہر میں علحدہ دستخط کرنا چاہئے' مدرسہ کی لی ہوئی رخصت کو بھی اس میں درج کرنا چاہئے۔

اسٹاک رجسٹر (Stock Register): عام طور پر لائبریری کی کتابوں فرنیچر لیبارٹری کھیل کود کے سامان درسی امدادی سامان کے لئے علحدہ علحدہ اسٹاک رجسٹر ہوتے ہیں ان میں اشیا کا نام ان کے نمبر تاریخ خریدی رسید نمبر اور قیمت درج ہوتی ہے' اور کس کے ذریعہ سے خریدی گئی ہے لکھا ہوتا ہے ان میں خرچ ہوئی چیزوں اور باقی بچی چیزوں کی تفصیلات ہوتی ہے ہر سال مارچ کے مہینہ میں اسٹاک کی جانچ کرکے رجسٹر کی تنقیح کی جاتی ہے اور تصدیق کی جاتی ہے۔

کیش بک (Cash Book): اسکول کو ملنے والے مالیہ اور رقم کا اندراج اس رجسٹر میں ہوتا ہے' اساتذہ کے تنخواہوں وغیرہ کے بارے میں اس میں تفصیلات ہوتی ہے اس میں روزآنہ آمدنی اور خرچ کا حساب بتاتے ہوئے باقی رقم کو بینک میں جمع کرنا چاہئے۔

سروس بک (Service Book): ہر معلم کے پیشہ کے متعلق تمام معلومات جیسے تاریخ تقرر آرڈر مستقل پرموشن اسکیل انٹر یمنٹ رخصت وغیرہ کو درج کیا جاتا ہے' پہلے صفحہ پر ملازمت میں داخل ہونے کی تاریخ ' تاریخ پیدائش تعلیمی قابلیت وغیرہ کا ریکارڈ رکھا جاتا ہے ان کے علاوہ Paybills رجسٹر تنخواہوں کی تقسیم کا رجسٹر Inward اور Outward رجسٹر طلباء کے مارکس رجسٹر اور لاگ بک وغیرہ رہتے ہیں سروس بک کے اہتمام کی ذمہ داری MEO کی ہوتی ہے۔

مشقی سوالات

1. قانون حق تعلیم کے مطابق بنیادی حقوق میں حق تعلیم کی کس دستوری ترمیم کے ذریعہ نشاندہی کی گئی

1. 86 2. 68 3. 89 4. 98

2. حق تحتانوی تعلیم (تحتانوی تعلیم کا حق) کو کس آرٹکل (دفعہ) میں شامل کیا گیا

1. 19 A 2. 20 A 3. 21 A 4. 51 A

3. اساتذہ کو تحفظِ ملازمت، زائد تنخواہیں دینے سفارش کس کمیشن نے کی

1. یش پال کمیشن 2. چٹوپادھیا کمیشن 3. کوٹھاری کمیشن 4. NPE - 1986

4. اساتذہ کی تعلیم (Teacher Education) سے متعلق انتظامی فیصلے لینے والا ادارہ

1. NCERT 2. MHRD 3. NCTE 4. CIET

5. قومی سطح پر Science Fairs منعقد کرنے والا ادارہ

1. NCERT 2. MHRD 3. NCTE 4. CIET

6. جنوبی ہند کا Regional Institute of Education ادارہ کہاں پر ہے

1. بنگلور 2. میسور 3. حیدرآباد 4. چینائی

7. ریاستی محکمہ تعلیم کو تعلیمی و تعلیم سے جڑے امور پر مشورہ دینے والا ادارہ

1. DIET 2. SRC 3. RIE 4. SCERT

8. OBB پروگرام کا اس سال آغاز ہوا

1. 1987 2. 1984 3. 1978 4. 1998

9. SSA کا قیام ریاست میں اس سال ہوا

1. 1989 2. 2000 3. 2003 4. 1986

10. NCERT کا قیام اس سال ہوا

1. 1968 2. 1961 3. 1964 4. 1986

11. ریاست میں DIET (ڈائیٹ) کا قیام اس سال ہوا

1. 1964 2. 1968 3. 1986 4. 1987

12. منڈل سطح پر MRC کا نظم اس سال سے ہوا

1. 2000 2. 2001 8 2002 4. 2003

13. ذیل میں یہ قومی سطح کا ادارہ نہیں ہے

1. NCTE 2. NCERT 8 DIET 4. CIET

KEY جوابات

1	**1**	3	**1**	5	**3**	7	**2**	9	**3**	11	**2**	13	**1**	15	**3**	17	**2**	19	**4**
2	**3**	4	**2**	6	**1**	8	**2**	10	**1**	12	**4**	14	**1**	16	**1**	18	**3**	20	**3**

5.8 قومی درسیاتی خاکہ۔2005

(NATIONAL CURRICULUM FRAME WORK - 2005)

☆ گذشتہ چھ دہائیوں سے سب کو تعلیم فراہم کرنے کی غرض سے ہمارے ملک میں کئی ایک اسکیمات اور پروگرام روبعمل لائے گئے ہیں اس کا سلسلہ اب تک جاری ہے۔

☆ اس کے باوجود کئی ایک مسائل سامنے آرہے ہیں جیسے بچہ مزدوری' مدرسہ سے باہر بچوں کا پایا جانا' تعلیمی معیار کا فقدان' جوابدہی کا نہ ہونا' میکانکی طرز کا تدریسی واکتسابی عمل' معیار کے نام پر زائد معلومات ٹھونستے ہوئے وزنی نصابی کتب' تعلیمی دباؤ' ذہنی الجھن' نشانات اور رینک تک محدود جانچ کا طریقہ کار زوال پذیر اقدار' تعلیم میں روز بہ روز بڑھتا ہوا تجارتی رجحان' متمول اور غریب طبقہ کے درمیان حصول تعلیم میں پایا جانے والا فرق' بنیادی سہولتوں کی کمی وغیرہ۔

☆ خاص کر سرکاری مدارس میں پڑھنے والے بچوں کی تعداد کا گھٹ جانا' معلومات کو محض یاد رکھنا ہی حصول علم سمجھنا' قبائل' اقلیتی طبقات اور لڑکیوں کا سماج کے دیگر طبقات کے ساتھ مل کر تعلیم حاصل کرنا جیسے زائد مسائل بھی ہمارے سامنے موجود ہیں۔

☆ اس طرح کے حالات پر قابو پانے کی غرض سے مرکزی حکومت نے NCERT کو حکم دیا کہ ایک اجلاس منعقد کر کے اس پر تفصیلی جائزہ لیا جائے اس ضمن میں NCERT نے 14 تا 19 جولائی 2004ء کو اجلاس منعقد کر کے NCF-2005 سے متعلق فیصلہ لیا۔

☆ پروفیسر یشپال کی صدارت میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔

☆ اس کمیٹی کے سفارشات کو ہی قومی درسیاتی خاکہ -2005 (NCF-2005) کہا گیا۔

☆ اس میں جملہ 5 باب (Chapters) ہیں۔

☆ بغیر بوجھ کے اکتساب (Learning without Burden) 1993 رپورٹ کی بنیاد پر اسکولی تعلیم کے لیے قومی درسیاتی خاکہ -2005 کو متعارف کیا گیا۔

NCF-2005 کے 4 رہنمایانہ اُصول ہیں

1. باہر کی زندگی کو کمرہ جماعت (مدرسہ) سے مربوط کرتے ہوئے معلومات بہم پہنچانا یعنی سیکھی ہوئی معلومات کو روزمرہ زندگی میں اطلاق کرنا۔
2. رٹنے رٹانے کے عمل کو خیر باد کہتے ہوئے بامعنی انداز میں اکتساب مہیا کرنا۔
3. نصاب کو درسی کتاب تک محدود نہ کرتے ہوئے تشکیل علم Construction of Knowledge فراہم کرنا۔
4. جانچ کے طریقہ کار کو سہل بنانا' نظام امتحانات میں تبدیلی لانا۔

NCF-2005 کے اہم نکات

☆ اس کے تحت تحتانوی تعلیم 1 تا 8 سال تک (یعنی جماعت اول سے جماعت ہشتم تک) لازمی طور پر عمل آوری کریں۔

☆ تعلیم کو دستوری حق کا درجہ دیا جائے۔

☆ آٹھ سالہ تعلیم کو بے حد کلیدی تصور کریں' اس تعلیم کے تحت تشکیل علم' استدلالی ثبوت' سماجی مہارتوں کو اہمیت دی جائے۔

☆ سہ لسانی فارمولے کے ساتھ ساتھ Multi Lingual فارمولہ کی ضرورت کو محسوس کریں۔

☆ طلباء میں مجرد تصورات' ریاضی کی تئیں سوچنے کی مہارت کو فروغ دیں۔

☆ ماحولیاتی مطالعہ کو مختلف نکات سے مربوط کرتے ہوئے طلباء کی ہمہ پہلو نشوونما کے لیے کوشاں رہیں۔

☆ آرٹ (فنی تعلیم)' کھیل کود' دستکاری' ورزشی تعلیم وغیرہ سیکھنے کی حوصلہ افزائی کریں۔

☆ ہم نصابی سرگرمیوں کا اہتمام کریں۔

دستورِ ہند۔ بنیادی حقوق

1. حقوق مساوات (قانون کی نظر میں سب یکساں ہیں) (14-18)
2. اظہارِ خیال کی آزادی (19-22)
3. لوٹ مار سے حفاظت کا حق (23-24)
4. مذہبی آزادی کا حق (25-28)
5. اقلیتوں کے مفادات کا تحفظ (29-30)
6. دستوری ترمیم کا حق (32)

(بلا روک ٹوک جائیداد بنانے کا حق (دفعہ 31) کو 1978ء میں 44ویں دستوری ترمیم کے ذریعہ حذف کر دیا گیا۔

5.1.1 پس منظر (Perspective)

☆ متعدد طبقات والے ہمارے سماج میں ایک قومی نظام تعلیم کو مستحکم بنانا۔

☆ ''بغیر بوجھ کے اکتساب''(Learning without burden) میں بتائے گئے نکات کی اساس پر کریکولم کا بوجھ کم کرنا۔

☆ کریکولم پر نظر ثانی کے لیے مناسب نظم و نسق (انتظامیہ) میں تبدیلی۔

☆ ہمارے دستور کے تمہیدی کلمات' سماجی انصاف' مساوات' سیکولر جیسے اقدار کی بنیاد پر کریکولم کی تشکیل۔

☆ سب کے لیے معیاری تعلیم فراہم کرنے کا تیقن دلوانا۔

☆ جمہوری طریقے' اقدار' خواتین اور مرد کے درمیان مساوات' درج فہرست ذاتیں (SC) اور درج فہرست قبائل (ST) کے مسائل' معذورین کی ضروریات' معاشی' سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے قابل افراد صلاحیتوں کی نشاندہی کر کے ان تمام کو ذمہ دار شہری بنانا۔

5.1.2 اکتساب۔علم (Learning - Knowledge)

☆ **بچوں کو طبعی طور پر اکتساب میں رکاوٹ پیدا کرنے والے نکات:**

1. مدرسہ رہائشی علاقہ سے دور رہنا جس کی وجہ سے بچے مدرسہ تک پیدل چلتے ہوئے جانا۔
2. اسکول بیاگ کا صحیح نہ ہونا۔
3. اقل ترین بنیادی سہولیات کا نہ ہونا۔
4. غیر اطمینان/ غیر آرام دہ فرنیچر کا ہونا۔
5. کھیل کود کے لئے نظام الاوقات میں جگہ نہ ہونا۔
6. لڑکیوں کے لیے علیٰحدہ بیت الخلاء کا نظم نہ ہونا۔
7. بچوں کو جسمانی سزا دینا۔ ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔
8. بیٹھنے کے لیے معقول جگہ کا نہ پایا جانا وغیرہ۔

اکتساب کو کس طرح موثر بنایا جاسکتا ہے:

☆ بچوں سے متعلق اور اکتساب سے متعلق مکمل آگہی حاصل کرنا۔

☆ بچوں کی نشو و نما کے لیے اکتساب کس حد تک معاون ہونا ہے اس کی مکمل جانکاری حاصل کرنا ۔

☆ اکتساب میں پچھڑے ہوئے بچوں کی نشاندہی کر کے درکار اور ضروری لائحہ عمل تعین کرنا۔

☆ تشکیل علم اور تخلیقی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کے لیے یا انہیں تیز تر کرنے کے لیے بچوں کی شراکت داری کو یقینی بنانا۔

☆ تجرباتی طریقوں کی مدد سے اکتساب کو موثر بنانا۔
☆ بچوں کو سوچنے کا، تجسس کا، سوالات کرنے کا مناسب موقع فراہم کرنا۔
☆ مواد مضمون کے معلومات کے ساتھ ساتھ مشاہدہ، شراکت داری، انکشاف، تجزیہ، تنقیدی رویے پر توجہ مرکوز کرنا۔
☆ کریکولم کی عمل آوری میں سماجی، ثقافتی حقائق کے لیے جگہ مختص کرنا۔
☆ مواد مضمون میں، تدریسی حکمت عملیوں میں مقامی معلومات اور بچوں کے تجربات کو ملحوظ رکھتے ہوئے درس وتدریس انجام دینا۔
☆ بچوں میں غور وفکر کا اُبھارنے والے سوالات کرنا۔
☆ بچوں کی ہمت افزائی کرنا، سوالات پوچھنے کا موقع دینا، جوابات دینے کا بھی موقع دینا، تبادلہ خیال کرنے کا موقع فراہم کرنا۔

کریکولم اور تعلیمی منصوبہ میں ''معلومات'' بڑھانے کے اُصول:

1. سماجی حقائق، قدرتی ماحول ومناظر کے تئیں تنقیدی رجحان وسوچ کو بڑھانے کے قابل علم (معلومات) مہیا کرنا۔
2. مختلف مضامین کے درمیان تعلقات/ رشتہ جوڑتے ہوئے علم میں اضافہ کرنا اور باہمی تعلقات کو علم (معلومات) کی بنیاد پر مستحکم بنانا۔
3. حقیقی نوعیت اور اس کے لیے ضروری تحقیق کی اہمیت کو سمجھنے کے قابل علم کی تشکیل (تشکیل علم) ہونا۔
4. قوت تخلیل کو ترقی دے کر، قیاس آرائی کے زاویہ نگاہ کی ہمت افزائی کرنا۔

5.1.3 Curriculum Areas, School and Classroom Environment

زبان (لسان):

☆ لسانی استعدادیں جیسے سننا، پڑھنا، بولنا، لکھنا وغیرہ کسی بھی مضمون کے لیے کلیدی ہوتی ہیں تحتانوی جماعتوں سے لیکر ثانوی جماعتوں تک تشکیل علم میں زبان (لسان) کے رول کی نشاندہی کرنا بے حد ضروری ہے۔
☆ مادری زبان میں تعلیم دینے کو افضل ذریعہ مانتے ہوئے، دولسانی (Bilingual) فارمولے کو اپنانے کی کوشش ضروری ہے (یہ قبائلی زبانوں کے لیے بھی لاگو ہوتا ہے)۔
☆ مادری زبان کی بنیاد اگر مضبوط ہو تب ہی انگلش بھی اچھی طرح سیکھ سکتے ہیں۔
☆ لڑکے اور لڑکیوں کو گھر سے ہی کثیر لسانی تعلیم مہیا ہو۔
☆ ہندی نہ بولی جانے والی ریاستوں میں بھی لڑکے اور لڑکیاں ہندی زبان سیکھیں۔
☆ جدید ہندوستان کی ثقافت وتمدن کو زبان ہی بڑھاوا دیتی ہے۔
☆ فوقانوی سطح پر قدیم غیر ملکی زبانوں کا مطالعہ شروع کرنا چاہیے۔
☆ انگریزی زبان کو کبھی بھی انفرادی زبان یا تنہا زبان نہ سمجھیں۔
☆ کسی بھی لسان (زبان) سے اس کے تہذیب وتمدن کی عکاسی ہوتی ہے اس لئے ممکنہ حد تک کئی زبانیں سیکھنی چاہیے۔

مطالعہ/ پڑھنے کے ابتدائی مرحلے میں اختیار کئے جانے والے اصول:

☆ کمرہ جماعت میں چارٹس، مشاغل کے اہتمام کے معلومات وغیرہ طبع شدہ اشیاء اکٹھا کرنا۔
☆ درسی کتاب کو حرکات وسکنات اور تمثیلی انداز میں پڑھنے کی قابلیت بچوں میں پروان چڑھانا۔
☆ بچوں کے تجربات لکھوا کر انہیں پڑھوائیں۔
☆ کہانیاں، نظمیں، گیت، اسباق وغیرہ بچوں سے پڑھوائیں۔

ریاضی:

☆ ریاضی کے علم سے کہیں زیادہ ضابطے، میکانکی طریقے، ریاضیاتی عمل (منطقی سوچ، مجرد تصورات کو سمجھنا اور اس کا حل) ریاضی کی تدریس میں اہم خصوصیات ہوتی ہیں۔

☆ منطقی طور پر سوچنے کے لیے، مجرد تصورات کی تعریف پیش کرنے کے لیے، مسائل کے حل کے لیے مناسب طریقوں سے بچوں کی مہارتوں کو بڑھانا چاہیے۔ ریاضی کی معیاری تعلیم حاصل کرنا ہر بچہ کا حق ہوتا ہے۔

مدرسہ کی سطح پر ریاضی کی تعلیم میں درپیش چند مسائل:

☆ بعض بچوں کو مضمون ریاضی سے تھوڑا خوف ہوتا ہے۔

☆ ڈر وخوف کی وجہہ سے ریاضی کے سیکھنے میں ممکنہ حد تک دوری اختیار کرتے ہیں۔

☆ ریاضی کا تعلیمی منصوبہ فطین بچوں کے موافق ہے۔

☆ اساتذہ میں بھی ریاضی کے تئیں خوداعتمادی کا کم ہونا۔

ریاضی کے تعلیمی (تدریسی) اُصول:

☆ ریاضی سیکھنے کا عمل، بچوں میں خوف وہراس نہیں بلکہ خوشی پیدا کرنے والا ہو۔

☆ بچوں میں یہ احساس/تصور پیدا کیا جائے کہ ریاضی، گفتگو کرنے، مباحثہ کرنے اور مل کر کام کرنے کا عمل ہے۔

☆ بچے خود سے بامعنی مسئلے ترتیب دے کر انہیں حل کر پائیں۔

☆ اساتذہ طلباء کو ریاضی اس یقین سے پڑھائیں کہ ہر طالب علم ریاضی کو مکمل اعتماد کے ساتھ سیکھ رہا ہے۔

علم سائنس:

☆ سائنس سے متعلق موضوعات بچوں کی عمر اور ان کی ذہنی سطح کے مطابق ہونا چاہیے۔

☆ بچوں میں تجسس، تشنگی، تخلیقی صلاحیتوں کو اُبھارنے والے طریقوں اور ترتیب کو سمجھنے کے طور پر سائنس کی تدریس ہونی چاہیے اس کا تعلق مقامی ماحول سے بھی ہونا اشد ضروری ہے۔

☆ کریکولم میں ''ماحول کا شعور'' بھی شامل ہونا چاہیے۔

☆ سائنس کی تعلیم اس طرح ہونی چاہیے کہ وہ کام کی دنیا میں داخلے کے لیے مناسب علم ومہارت کو مہیا کر سکے۔

☆ علم سائنس کا ماحول سے قریبی تعلق ہونا چاہیے۔

کمپیوٹر تعلیم:

☆ جدید سماج کی تعمیر کے لیے کمپیوٹر کی تعلیم نہایت ضروری ہے۔

☆ ابتدائی جماعتوں سے ہی ''کمپیوٹر کی تعلیم'' بطور سبق ہونا چاہیے۔

سماجی علوم:

☆ آزادانہ طور پر سوچنے کے لیے، سماجی نکات کے تئیں تنقیدی ردِعمل ظاہر کے لیے مناسب اخلاقی، ذہنی قوت کو بخشنے والی تعلیم سماجی علم کی ہونی چاہیے۔

☆ خواتین اور مرد کے درمیان انصاف، انسانی حقوق، درج فہرست ذاتیں وقبائل اور اقلیتی طبقات کے تئیں جذبہ احساس رکھنا، جیسے قومی نکات کو مدِنظر رکھنا چاہیے۔

☆ شہریات کو ''علم سیاسیات'' کی شکل میں دیکھنا۔

☆ تاریخ اس طرح ہونی چاہیے کہ بچے اس سے کچھ مثبت اثر لے سکیں۔

☆ ایک اچھا شہری بنانا بھی کلیدی ہوتا ہے۔

- ☆ سماجی علم، سیکولر جذبہ کو فروغ دے۔
- ☆ ہندوستانی تاریخ۔تہذیب وتمدن کو فروغ دے۔
- ☆ شہری کے حقوق۔فرائض معلوم کروائے۔

کام اور تعلیم:

- ☆ تحتانوی سطح پر تمام مضامین میں ''کام اور تعلیم'' کے لیے جگہ ہو۔
- ☆ اسکول سے باہر کام کا موقع فراہم کرنے والے اداروں/ ایجنسیوں کی نشاندہی کریں۔
- ☆ پیشہ وارانہ تربیت کے لیے 10 تا12 سال کی کام کی اساس پر تعلیم کو بنیاد بنانا چاہیے۔

اس کے لیے:

- ☆ مختلف میقات میں مکمل ہونے والے آسان وسہل کورسیس ہونے چاہیے۔
- ☆ یہ گاؤں، کلسٹر کی سطح سے ضلعی سطح تک دسترس میں ہونے چاہیے۔
- ☆ مدرسہ سے باہر رہنے والے ادارے/ ایجنسیوں کے لیے مقامی اقتدار کی شناخت ملنی چاہیے۔

فنی تعلیم:

- ☆ فنون لطیفہ کو کریکولم میں شامل کرنا چاہیے یہ ہر سطح پر بطور مضمون ہونا چاہیے۔

مثال: رقص، مصوری، کٹھ پتلی کھیل، ڈرامہ نگاری وغیرہ۔

- ☆ فنون لطیفہ کے حصہ میں حسن، تخلیقی انداز میں دستی کام کو کریکولم میں شامل کرنا چاہیے۔

امن کی تعلیم:

- ☆ مناسب مشغلوں کے ذریعہ اسکولی تعلیم کے اختتام تک تمام مضامین کے تحت امن کے پیغام وقدر کو سکھایا جائے۔
- ☆ اس کو ٹیچر ٹریننگ کورس میں بھی شامل کیا جائے۔
- ☆ اس تعلیم کا اہم مقصد امن۔عدم تشدد کا پیغام ہے۔
- ☆ امن کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے اخلاقی نشوونما کا فروغ ہونا چاہیے۔
- ☆ امن کی تعلیم کے حصول کے لیے اقدار، رجحانات اور مہارتوں کو فروغ دینا چاہیے۔

صحت۔ورزش کی تعلیم:

- ☆ بچوں کی ہمہ جہتی ترقی کے لیے ورزش کی تعلیم اور صحت ضروری ہے۔
- ☆ اس کے ذریعہ بچے کو مدرسہ میں جاری رکھا جاسکتا ہے۔
- ☆ بالغ افراد کے صحت کی ضروریات اور مسائل کا حل ورزش کی تعلیم سے ملتا ہے۔
- ☆ ورزش کی تعلیم میں یوگا تعلیم کو شامل کیا جائے۔
- ☆ مکمل صحت کے لیے محفوظ پینے کا پانی مہیا کرنا چاہیے۔
- ☆ لڑکے اور لڑکیوں کی جسمانی وذہنی تبدیلی کو تعلیم صحت پورا کرتی ہے۔
- ☆ تعلیم صحت HIV-AIDS سے آگہی دلاتی ہے۔

مدرسہ اور کمرہ جماعت کا ماحول:

☆ مدرسہ کی روزانہ سرگرمیوں اوراساتذہ کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے مدرسے میں بنیادی سہولیات مہیا کرنا چاہیے۔

☆ کمرہ جماعت میں درپیش مسائل کا بچے ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے قابل ہونا چاہیے ایسے مواقع بچوں کو فراہم کرنا چاہیے۔

☆ اساتذہ کی قابلیتوں اور صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے کتب خانے' امدادی مراکز کے طور پر کام کرتے ہیں۔

☆ اساتذہ اور بچوں کے تناسب کو برقرار رکھنا چاہیے (Teacher - Pupil ratio)۔

☆ اسکول کیلنڈر کی تیاری کو decentralize کرنا' پیشہ وارانہ کام کرنے کے لیے' اکتسابی ماحول مہیا کرنے کے لیے' معلم کو اختیارات دینے چاہیے۔

☆ سیکھنے کا خوشگوار ماحول فراہم کرنا چاہیے۔

☆ کمرہ جماعت کو دلکش اور موثر انداز میں ترتیب دینا چاہیے۔

☆ مقامی ماحول کا پورا استعمال کرتے ہوئے بچوں کو عملی کام میں منہمک کرنا چاہیے۔

☆ بچوں کے حواس خمسہ کی مدد سے تعلیم دینی چاہیے۔

5.1.4 قدر پیائی (Assessment - Evaluation)

☆ ہندوستانی تعلیمی نظام میں جانچ سے مراد امتحان لینا ہے اور امتحان کا تعلق دباؤ اور ڈر وخوف سے ہوتا ہے۔

☆ کمرہ جماعت میں درسی کتب' سبق کی تدریس' تدریسی واکتسابی اشیاء' ان کا معیار چاہے کچھ بھی ہو تعلیم کا عمل طالب علم کی جانچ پر ہی مکمل ہوتا ہے۔

☆ یہ ہمارا تصور بن گیا ہے کہ جانچ سے مراد صرف اور صرف امتحانات کے لیے تیار ہونا ہے جس کی وجہ سے طلباء میں سوالات کرنے کی مہارت' جوابات دینے کی فکر وخواہش اور انکشافات ہماری جماعتوں سے معدوم ہو رہی ہیں۔

☆ جانچ سے مراد بچوں کو ذہین اور کند ذہن میں امتیاز کرنا نہیں ہے بلکہ یہ ان کی خوبیوں اور کمزوریوں کو جاننے کے لیے اور تدریسی واکتسابی عمل میں تبدیلیاں لانے کے لیے ہونی چاہیے۔

جانچ کی ضرورت:

☆ روزانہ تدریس واکتسابی عمل کے ذریعہ بچوں میں مطلوبہ اکتساب کا حصول ہوا ہے یا نہیں فوری اندازہ لگایا جائے۔ جس کے تحت یونٹ اور ٹرمنل امتحانات منعقد کئے جاتے ہیں اس طرح بچوں کے فہم کا اندازہ لگاتے ہوئے مناسب مدد کی جاتی ہے۔

☆ جانچ کے ذریعہ بچوں کی سطح کا اندازہ لگا کر مناسب تدریسی واکتسابی عمل اختیار کیا جاتا ہے اس کے لیے مسلسل جامع جانچ کا اہتمام کیا جائے۔

جانچ اس طرح نہیں ہونی چاہیے:

☆ جانچ کے عمل سے بچوں میں ڈر وخوف کا ماحول نہیں پایا جانا چاہیے۔

☆ رٹو حافظہ (Rote Memory) کی ہمت افزائی نہیں ہونی چاہیے۔

☆ صرف سال میں ایک دفعہ نہیں ہونی چاہیے۔

☆ یہ صرف نشانات کو ظاہر کرنے والا نہیں ہونا چاہیے۔

جانچ کیسی ہونی چاہیے/ جانچ اس طرح ہونی چاہیے

☆ بچوں کے اکتسابی سطح کا تعین ہو۔

☆ بچوں کی ہمت افزائی کرنے والا اور انہیں بڑھاوا دینے والا ہو۔

- ☆ یہ مسلسل جامع ہونی چاہیے۔
- ☆ بچوں کی صلاحیتوں وقابلیتوں کواُجاگر کرنے والی ہو۔
- ☆ ہر کیف جانچ "SURAT" کی طرح ہونی چاہیے۔

S - simple, U - Un-noticed, R - Regular, A - Activity Based, T - Transparent

- ☆ موجودہ طریقہ کے ذریعہ جانچ بچوں کے اکتسابی استعداد، مہارتوں، ردِعمل کا اندازہ لگائے بغیر حافظہ کی بنیاد پر لکھے گئے استعداد کا ہی امتحان ہوتا ہے۔ تدریسی واکتسابی عمل کے اثر کا بھی اندازہ نہیں لگایا جارہا ہے۔ امتحانات صرف بچوں کو مدِنظر رکھ کر منعقد کئے جارہے ہیں اس لیے NCF-05 سے جانچ پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے چند ہدایات دیئے گئے ہیں۔

NCF-2005 کی جانب سے جانچ کے لیے دی گئی ہدایتیں:

- ☆ جانچ مسلسل ہونی چاہیے۔
- ☆ ایک ہی جواب والے سوالات بجائے Open Ended اور کئی طریقوں سے حل کئے جانے والے سوالات بھی جانچ میں موجود رہنا چاہیے۔
- ☆ طریقہ جانچ بچے کی استعداد کے فروغ کے مطابق ہو اس کے لیے مناسب منصوبہ تیار کریں۔
- ☆ کاغذ اور قلم کے ذریعہ انعقاد کئے جانے والے امتحانات کے ساتھ ساتھ بچوں کی روزمرہ زندگی سے متعلق مشاغل دیتے ہوئے جانچ کی جانی چاہیے۔ انفرادی مشاہدات کا اندراج کریں اور تجزیہ کریں۔
- ☆ امتحانات کے طریقہ کار میں حتمی جواب کو ہی ملحوظ نہ رکھا جائے بلکہ جواب لکھنے کے طریقہ کار کا بھی جائزہ لیا جائے ۔

جانچ کیوں کرنی چاہیے؟

- ☆ کیا بچے اپنی صلاحیت کے مطابق سیکھ پارہے ہیں یا نہیں، جاننے کے لیے۔
- ☆ ہمارے معینہ تعلیمی مقاصد بچوں میں متوقع تبدیلیاں لانے کے لیے مددگار رہیں یا نہیں، جاننے کے لیے۔
- ☆ بچوں کی انفرادی ترقی کے لیے اساتذہ، اولیائے طلباء وسماج کو واقف کروانے کے لیے۔
- ☆ مقاصد کے حصول میں کیا تدریسی واکتسابی عمل موثر ثابت ہورہے ہیں یا نہیں جاننے کے لیے۔
- ☆ انفرادی اختلافات کی بنیاد پر بچوں کو زائد معلومات مہیا کرنے کے لیے۔

جانچ کن موقعوں پر کی جانی چاہیے؟

- ☆ گروہی مشاغل کے دروان۔
- ☆ انفرادی طور پر تفویض کردہ کام کے دوران۔
- ☆ ساتھیوں سے گفتگو کے دوران۔
- ☆ تجربات کے دوران۔
- ☆ مختلف مشغلوں کے دوران ۔
- ☆ کھیل کے دوران۔
- ☆ سبق سے پہلے، درمیان اور مابعد سبق۔

5.1.5 Systemic Reforms

☆ انتظامی اصلاحات کے موقع پر معیار کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔استعداد میں فروغ پاتے ہوئے' کمزوریوں کی دور کرتے ہوئے خود سے اصلاحات لانے چاہیے۔

☆ اس کا آغاز مدرسہ کی سطح سے ہوتے ہوئے زینہ بہ زینہ ترقی پاتے ہوئے اعلیٰ سطح تک وسعت پانا چاہیے۔

☆ لسانی مہارتوں میں کمال حاصل کرنے کے لیے اساتذہ کو تربیتی پروگرامس رکھے جائیں۔

☆ اساتذہ کو موقع فراہم کیا جائے کہ وہ اپنی تعلیمی ڈگریوں کو حاصل کر سکے ۔جیسے گریجویٹ کورسس P.G. کورسس' M.Ed., B.Ed.' M.Phil. وغیرہ۔

☆ عوام کی شراکت داری سے ترقی کے حصول کے لیے پنچایت راج نظام کو مستحکم بنایا جائے۔

☆ بچوں سے گفتگو کرنے کا موقع ہونا چاہیے ان کے علم اور بھروسہ کا امتحان لینا چاہیے اس کے لیے تعلیم کو وسیع معنی سے دیکھنا چاہیے۔بچوں کو مخصوص جگہ پر/ وصورتحال پر رکھ کر حالات کا جائزہ لینا چاہیے۔

NCF-2005 کے مطابق اوقاتِ گھر کا کام (ہوم ورک)

1. **تحتانوی مدارس یا ابتدائی سطح پر۔**

☆ دوسری جماعت تک کسی بھی قسم کا گھر کا کام (ہوم ورک) نہ دیا جائے۔

☆ تیسری جماعت سے ہفتہ میں دو گھنٹے گھر کا کام دیا جائے۔

2. **ایلیمنٹری یا وسطانوی سطح پر۔**

☆ ہر روز ایک گھنٹہ کا گھر کا کام یا ہفتہ میں 5 تا 6 گھنٹے گھر کا کام دیا جائے۔

3. **فوقانیہ سطح پر۔**

☆ ہر روز دو گھنٹے کا گھر کا کام یا ہفتہ میں 10 تا 12 گھنٹے گھر کا کام دیا جائے۔

اصلاحات کے لیے اساتذہ بھی خود سے آمادہ ہونا چاہیے:

☆ بچوں کے سوالات بغور سماعت کرنا چاہیے اگر جوابات درست طور پر جانتے ہوں تو جوابات دینا چاہیے ورنہ دریافت کر کے جوابات دینے کی کوشش کرنا چاہیے۔

☆ اساتذہ بچوں کے محافظ ہونا چاہیے۔بچوں کو پیار و محبت کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے اور بچوں سے شفقت رکھنا چاہیے ۔

☆ معلم تا حیات متعلم ہونا چاہیے۔

☆ انفرادی فرق کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کے تحت پڑھانا چاہیے۔

☆ معلم یہ تصور ہرگز نہ کرے کہ صرف درسی کتاب ہی اکتساب کا ذریعہ ہے۔

☆ سماجی' تہذیبی' سیاسی نگاہ سے بچوں کو سمجھنا چاہیے۔

☆ سماج کا ذمہ دار شہری بنے اور بین الاقوامی مفاہمت کے لیے معلم ہمیشہ کوشاں رہے۔

☆ راست تجربات کو تدریس کا ذریعہ مانتے ہوئے بچوں میں اس کا شوق و ذوق پیدا کرنا۔

☆ درسیاتی خاکہ' درسی کتاب' انتظامی اُمور کا تجزیہ کرنا چاہیے۔

اہم اصلاحات:

☆ معلم مرکوز طریقہ تدریس سے طفل مرکوز طریقہ تدریس کو اپنانا۔

☆ Convergent thinking ایک نقطہ کی مائل ہونے کی جگہ divergent thinking مختلف نقاط پر غور کرنا۔

☆ کمرہ جماعت کے چار دیواری میں سیکھنے کے بجائے وسیع سماجی پس منظر میں سیکھنے کا موقع فراہم کرنا۔

☆ انکشافات، تحقیقات کی بناء پر سیکھنا، نہ کہ مطالعہ کی بناء پر سیکھنا۔

☆ معلم کی رہنمائی ورہبری میں خود سے تجربات کرتے ہوئے وسائل کا استعمال کرتے ہوئے بچے خود سے سیکھنا۔

امتحانات میں اصلاحات:

☆ معلومات کی جانکاری کی جگہ مسائل کے حل کے طریقہ کار اور تفہیم کی بنیاد پر سوالیہ پرچہ ہونا چاہیے۔

☆ کم وقتی (short period of time) امتحانات ہونا چاہیے۔

☆ بچوں کے متعلقہ مدارس میں یا ان کے قریبی مدارس میں ہی امتحانات منعقد کرنا چاہیے۔

☆ کسی بھی صورتحال میں امتحانات ملتوی نہیں کرنا چاہیے۔

☆ امتحانات میں کامیاب (Pass)، ناکامیاب (Fail) اصطلاحات کا استعمال نہیں ہونا چاہیے۔

☆ ریاضی، انگریزی (English) جیسے مضامین میں دو سطح یا semester پر امتحانات ہونے چاہئیں۔

☆ ہر مدرسہ میں رہنمائی ومشاورتی امداد کا ذریعہ ہونا چاہیے یہ بچوں کے ذہنی تناؤ ودباؤ کو کم کرتے ہیں۔

☆ اختراعی سوچ کے لیے انکشافی تجربات کے لیے experinces کو بانٹنے کا موقع دینا چاہیے۔

مشقی سوالات

1. قومی درسیاتی خاکہ کو کس نے پیش کیا

1) محکمہ تعلیمات　2) وزیر فروغ انسانی وسائل (MHRD)　3) NCERT　4) NCTE

2. قومی درسیاتی خاکہ -2005 رپورٹ کا اہم موضوع

1) Learning without Burden　2) Learning with Joy

3) Learning with Happiness　4) Learn and Enjoy

3. تعلیم کو مشترکہ فہرست میں اس سال سے رکھا گیا

1) 1966　2) 1976　3) 1986　4) 1996

4. معلم کے جائیداد کو پُر کرنے پر کس کمیٹی/کمیشن نے زور دیا

1) چٹوپادیایہ کمیشن (Chatopadyaya Commission)　2) یشپال کمیٹی

3) کوٹھاری کمیشن　4) POA-92 لائحہ عمل

5. NCF-2005 کی صدارت کس نے کی

1) کوٹھاری　2) دوے　3) یشپال　4) ایشور بھائی پٹیل

6. ششم تا ہشتم جماعت پڑھنے والے طلباء کے لیے زیادہ سے زیادہ اتنے کلومیٹر کے فاصلے پر مدرسہ ہونا چاہیے

1) 1 کلومیٹر　2) 3 کلومیٹر　3) 4 کلومیٹر　4) 5 کلومیٹر

7. معلم کا منصوبہ سبق کس طرح ہونا چاہیے

1) طلباء میں غور وفکر کو اُبھارنے والا　2) اسباق کی تکمیل کرنے والا

3) پیچیدہ ہونا چاہیے　4) کوئی بھی نہیں

8. Syllabus کے معاملے میں اہم خامی

1) کم ہونا　2) زیادہ ہونا　3) تبدیلی (اصلاح) کا نہ ہونا　4) کوئی بھی نہیں

9. ابتدائی سطح یا تحتانوی سطح پر مادری زبان میں ہی ذریعہ تعلیم ہو، سفارش کرنے والا دستوری دفعہ

1) 349A　2) 350A　3) 251A　4) 352A

10. جماعت اول تا ہشتم کی تعلیم کو دستور نے اس حق سے نوازا

1) عام حق　2) بنیادی حق　3) اظہارِ خیال کی آزادی کا حق　4) کوئی بھی نہیں

11. روزانہ طلباء اوسطاً اتنے گھنٹے مدرسہ میں رہتے ہیں

1) 5 گھنٹے　2) 6 گھنٹے　3) 7 گھنٹے　4) 4 گھنٹے

12. کریکولم کو ریاستی سطح پر تشکیل دے کر تمام مدارس میں ایک ہی طریقے پر عمل آوری کی جائے، کس کمیٹی نے اس کی سفارش کی

1) کوٹھاری کمیشن　2) مدالیار کمیٹی　3) یشپال کمیٹی　4) ایشور بھائی پٹیل کمیٹی

13. درسی کتابوں میں کسی بھی قسم کی غلطیاں سرزد نہ ہوں، کس کی سفارش ہے

1) کوٹھاری کمیشن　2) مدالیار کمیشن　3) یشپال کمیٹی　4) ایشور بھائی پٹیل کمیٹی

14. چٹوپادیایہ کمیٹی (Chatopadyaya Committee) کا قیام اس سال عمل میں آیا۔

1) 1981　2) 1982　3) 1983　4) 1986

15. ہر مدرسہ خود کا سالانہ منصوبہ (Year Plan) ترتیب دے لینا چاہیے یہ کس کی سفارش تھی

1) کوٹھاری کمیشن　2) مدالیار کمیشن　3) یشپال کمیٹی　4) ایشور بھائی پٹیل کمیٹی

16. قومی درسیاتی خاکہ NCF 2005 کے مطابق ثانوی اور اعلیٰ ثانوی مدارج کے طلبا کو اتنے گھنٹے فی ہفتہ ہوم ورک دینا چاہئے

1) 6-8 گھنٹے　2) 13-15　3) 14-16　4) 10-12

17. قومی درسیاتی خاکہ NCF 2005 کے مطابق ثانوی مدارس میں طلبا کو لائبریری میں مطالعہ کے لئے فی ہفتہ اتنا وقت دیا جانا چاہئے۔

1) ایک گھنٹہ　2) دو گھنٹے　3) تین گھنٹے　4) کوئی وقت نہیں

جوابات KEY

1	**2**	3	**2**	5	**3**	7	**1**	9	**2**	11	**2**	13	**2**	15	**1**	17	**1**
2	**1**	4	**1**	6	**2**	8	**3**	10	**2**	12	**1**	14	**3**	16	**4**		

Unit - VI

Educational Concerns in Contemporary India معاصر ہندوستان میں تعلیمی افکار

6.1 ماحولیاتی تعلیم (Environmental Education)

☆ ماحول "Environment" ایک جامع لفظ ہے اس لئے اس کے کئی معنیٰ ہیں۔ آیئے ان میں چند معنوں پر غور کریں۔

1. Etymological Meaning: ماحول کو انگریزی میں Environment کہتے ہیں۔ دراصل انگریزی لفظ "Environment" فرانسیسی زبان کا لفظ "Environor" سے ماخوذ ہے۔ فرانسیسی زبان میں "Environor" کے معنیٰ ''اطراف و اکناف'' ہے۔ یعنی Etymological (اشتقاقی) معنوی اعتبار سے ہمارے اطراف و اکناف سے جڑا ماحول ہے۔

2. **عام معنی (General Meaning):** ہمارے اطراف پائے جانے والے جاندار' بے جان اجسام یا اشیاء کو ماحول کہا جاسکتا ہے۔ یعنی اطراف و اکناف میں پائے جانے والے مختلف جانور' حشرات' پہاڑ' درخت' جنگل' دریا' وغیرہ تمام ماحول کا حصہ ہیں۔

A. ماحولیاتی تعلیم۔ تعریفیں:

Enviromental Education — of the Environment, / by the Environment, / for the Environment

☆ یعنی اس سے مراد ماحول کے بارے میں ماحول کے متعلق اور ماحول کے لئے دی جانے والی تعلیم ہی ماحولیاتی تعلیم ہے۔

☆ انسان کا فطری اور سماجی ماحول کے درمیان ردعمل ہی ماحولیاتی تعلیم ہے۔

ماحولیاتی تعلیم۔ اہمیت:

☆ دنیا سے متعلق ماحولیاتی آلودگی سے ہونے والے نقصانات سے آگہی دلانا اور خاص کر حسب ذیل 4 موضوعات/ مسائل کے بارے میں تفصیلاً سمجھانا۔

1. اوزن پرت کی تصویریں۔ 2. Green Hosue Effect

3. آلودگی (Pollution) 4. آبادی میں اضافہ

B. ماحولیاتی تعلیم کی فطرت معنی اور وسعت: بل گریڈ (1975) کے مجلس میں ماحولیاتی تعلیم کی فطرت سے متعلق اہم نکات:

1. اساتذہ کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ ماحولیاتی تعلیم کو Inner-Disciplinary Approach اور Balanced Perspective کے طور پر پیش کرسکیں۔ اور اس کے لئے اساتذہ کو مناسب تربیت بھی دی جائے۔

2. مقامی' قومی' بین الاقوامی سطح پر ماحولیاتی مسائل پر جائزہ لینا چاہئے۔ اور طلباء میں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ وہ ان مسائل کے یکسوئی حل کے لئے خود احتسابی (Introspection) کرتے رہیں۔

3. تاریخی پس منظر کا جائزہ لے کر تنقیدی سوچ کو پروان چڑھانے کے قابل بنانا۔

4. ماحول کی ترقی ونشو ونما کے ضمن میں مناسب مصنوبہ تشکیل دینا۔

5. تدریس' مطالعہ کے لئے مختلف طریقہ کار اور تجربات سے استفادہ حاصل کرنا۔

وسعت (Scope): ماحولیاتی تعلیم کی وسعت بہت وسیع ہے۔ اس میں کئی معلومات پوشیدہ ہیں وہ یہ ہیں۔

☆ ماحول میں آبادی سے متعلق معلومات۔

☆ تکنیکی ترقی۔

☆ ہوا' پانی' مٹی کے فوائد اور استعمالات سے آگہی۔

☆ عالمی امن' بین الاقوامی مفاہمت' ماحولیاتی آلودگی' تدابیر میں تعلیم کا رول۔

☆ عالمی امن' بین الاقوامی مفاہمت' بھائی چارگی' عدم تشدد' وغیرہ کی تفہیم میں دنیا کا رول۔

☆ Centralised & Decentralised ماحولیاتی تعلیم۔

مقاصد:

☆ **علم (معلومات):** ماحول اور اس سے جڑے مسائل سے واقفیت حاصل کرنا۔

☆ **فہم (Understanding):** ماحول اور اس سے جڑے مسائل کے بارے میں تفہیم حاصل کرنا۔

☆ **رجحانات/ رویے:** ماحول کے تئیں مناسب رجحان اور رویے رکھنا۔

☆ **مہارتیں:** ماحول سے جڑے مسائل کے حل کے لیے موزوں راستہ تلاش کرنا' اور حل کے لیے تحقیق کرنا۔

☆ ماحول کے تئیں ہر شہری کو ذمہ دار بنانا۔

☆ انسان کا انسان کے ساتھ رشتہ اور انسان کا فطرت کے ساتھ رشتہ کیا ہوتا ہے اس کی تفہیم دلوانا۔

☆ Global Warming کے وجوہات اور خطرات سے آگہی دلوانا۔

☆ مقامی ماحول کو صاف ستھرا رکھنا' ساتھ ہی ساتھ دوسروں کو ترغیب دلوانا۔

☆ ہر سطح کے بچے کو اور ہر درجہ کے بچے کو اس تعلیم کی اہمیت سے واقفیت دلوانا۔

☆ (National Green Corp (NGC کا قیام عمل میں لانا۔

Concept & Need of Sustainable Development :

☆ ترقی کی راہ میں غیر موافق حالات کی وجہ سے

☆ غربت اور عدم ترقی کی وجہ سے ترقی پر بوجھ پڑتا ہے اور اس کو سہارا دینا ضروری ہے۔

☆ ماحول میں غیر موافق حالات میں مناسب معیار کے نہ ہونے سے ہونے والے مسائل۔

1. آبادی میں اضافہ' جس کی وجہ سے موافق اور غیر موافق حالات رونما ہوتے ہیں۔

2. ماحولیاتی آلودگی 3. ساحلی علاقوں پر شدید نقصانات۔

4. صنعتیں' ترقی میں رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں۔

☆ مناسب معیارات سے ماحول میں ترقی کے لئے موجودہ مسائل۔

1. پانی کی سربراہی' صفائی۔ 2. برقی پیداوار' صنعتوں کی پیداوار۔ 3. غذائی پیداوار۔

Role of Teacher, School and NGOs in Development and Protection of Environment :

حکومت کا رول: ہندوستان کے سابق وزیر اعظم شریمتی اندرا گاندھی نے ماحول کی اہمیت کو جان کر 1972ء میں "National Council of Environmental Planning Co-ordination" کا آغاز کیا۔

☆ بعد میں 1980ء میں Tiwari Committee کو قائم کیا گیا۔

☆ اس کمیٹی کے سفارشات کے پیش نظر 1980ء میں ماحولیاتی ڈویژن(Environmental Division) قائم کیا گیا۔

☆ 1985ء میں اس ڈویژن کو Ministry of Environmental Forest میں ضم کیا گیا۔

☆ اکثر و بیشتر ریاستی حکومتوں نے بھی ریاستی ماحولیاتی ڈویژن قائم کئے اور آلودگی کی روک تھام کئے جانے والے ادارے بھی قائم کئے ہیں۔

NGOs کا رول: 1989ء میں جاری کئے گئے رپورٹ سے پتہ چلا کہ "World Life Fund for Nature" میں تقریباً 850 NGOs ادارے ماحول کی حفاظت کے لئے سرگرم عمل ہیں۔

☆ اس کے علاوہ رضا کارانہ تنظیمیں اپنے مقام پر عوام میں شعور بیدار کررہے ہیں۔اس کے لئے انہوں نے کئی پروگرام کا انتخاب کیا ہے۔ جیسے پامفلیٹ، ہورڈنگس، رسالے، سمینار، سمپوزیم، Guest Lectures, Debates۔

International Environmental Bodies :

1. Earth Scan
2. Environmental Protection Agency
3. Earth Watch Programme
4. Project Earth
5. Man and Biosphere Programme

Short List of Non Governmental Organisations of India :

1. All India Environmental Society - Dehradun
2. Association of Consumers Action on Safety and Health (ACASH, Mumbai)
3. Eco-Society - Indore
4. Peoples Environmental Protection Society - Visakhapatnam
5. Action for Water Developemnt, Mysore Society - Bangalore.

آلودگی کی روک تھام۔قوانین:

- 1847 - Indian Fisheries Act
- 1912 - Bombay Smoke Nuisancce Act
- 1949 - A.P. Development Planning Act
- 1977 - Save Water Act
- 1980 - Forest Protection Act
- 1986 - Enviornmental Protection Act

ماحولیاتی ترقی اور تحفظ میں معلم کا رول:

☆ ماحولیاتی تعلیم کی تدریس میں معلم مختلف اقسام کے طریقہ تدریس کو اپناتے ہوئے، بحث و مباحثہ، عمل اور ردعمل کے ذریعہ فعال رول ادا کرتا ہے۔

☆ گروہی مشاغل کا اہتمام کرتے ہوئے بچوں میں انکشاف، تحقیق اور تجسس کو فروغ دیتا ہے۔

☆ بطور رابطہ کار مواد مضمون کے مطالعہ میں اور سوالات پوچھنے میں حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

☆ معلم کے جدید رول اور سابقہ رول کی وضاحت ذیل کی طرح بتائی جاری ہے۔

سابقہ (روایتی) طریقہ:



☆ جدید (فعال) طریقہ: معلم مختلف کردار ادا کرتے ہوئے بچوں کو مشاہدہ کرنے، بحث و مباحثہ کرنے، تجربات کرنے، مختلف مشغلوں کا اہتمام کرنے کے قابل بناتا ہے۔



☆ **یوم ماحولیات کا اہتمام:** ہر سال ہم جون کی 5 تاریخ کو عالمی یوم ماحولیات مناتے ہیں۔ اس موقع پر مدرسہ کی سطح، گاؤں کی سطح یا دیگر مقاموں کی سطح پر حسب ذیل پروگرام منعقد کرنا چاہیے۔

☆ باغ بانی	☆ درخت لگانا
☆ مٹی کی زرخیزی کو بڑھانا	☆ باغات کا اور چمن کی Visit کرنا
☆ فیلڈ ٹرپس جانا	☆ تجربات کے لیے درکار وسائل اکٹھا کرنا۔

تجربات کے لئے درکار اشیاء:

1.	Water Analysis Kit	2.	Soil Analysis Kit
3.	Air Analysis Kit	4.	CB Disc (پانی میں نور کا فاصلہ معلوم کرنے کے لیے)
5.	Under Water Photo meter	6.	pH Meter
7.	Evaporating Dish	8.	Filter Paper

6.2 تعلیم آبادی (Population Education)

تعلیم آبادی کے مقاصد:

☆ شرح آبادی، شرح اموات، آبادی میں اضافہ وغیرہ نکات کو وضاحت کرنے والے علوم کو ترقی دینا۔

☆ آبادی میں اضافہ کے وجوہات پر ''نوجوان نسل'' کو روشناس کروانا۔

☆ خاندان کے کنبہ میں کس طرح کمی لائی جاسکتی ہے یا خاندان کے کنبہ پر کس طرح قابو پایا جاسکتا ہے۔اس کی تفصیلات سے طلباء کو آگہی دلانا۔

☆ طلباء میں اس بات کا احساس بیدار کرنا کہ چھوٹے/مختصر خاندان کے افراد خوشحال، تندرست، صحت مند زندگی گزار سکتے ہیں۔

☆ آبادی میں اضافہ سے ہونے والے نقصانات سے واقفیت دلانا۔

☆ آبادی میں اضافہ قوم کی ترقی، عالمی امن کے درمیان تعلق کی تفہیم کرانا۔

☆ آبادی میں کثرت سے اضافہ، ماحول پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے اس کی تفہیم کرانا۔

تعلیم آبادی کی نوعیت/فطرت (Nature of Population Education) :

☆ **Problem Awareness:** آبادی میں اضافہ سے ہونے والے خطرات، نقصانات کے بارے میں طلباء، سماج اور عوام میں بیداری لانا ضروری ہے۔آبادی پر کس طرح کنٹرول کیا جاسکتا ہے اس کی ضرورت کیوں آن پڑی ہے جیسے نکانات کی اہمیت وضرورت کو محسوس کرنا۔

☆ **Knowledge & Understanding of Population:** آبادی بڑھنے کی وجوہات، عوامل، حقائق سے متعلق عوام میں بیداری لانا اس کی فطرت ہے۔آبادی میں اضافہ کے مقاصد کو بچوں اور عوام میں وضاحت کرنے کی ضرورت ہے۔

☆ **Appreciation and Attitude:** تعلیم آبادی حقائق کے پس منظر و تناظر میں ''آبادی میں اضافہ'' مسئلے کے ستائش کرتی ہے۔اور آبادی پر کنٹرول کرنے کا رویہ ظاہر کرتی ہے۔

☆ **Interest, Development of States:** آبادی پر کنٹرول، خاندان کی فلاح و بہبود کے لیے معاون دلچسپیوں اور موزوں مہارتوں میں ترقی حاصل کرنے کے لیے طلباء میں ہمت افزائی کے لیے تعلیم آبادی کوشاں رہتی ہے۔

☆ **Developing Relationship:** آبادی میں اضافہ کے نتائج صرف گھر، خاندان، مقام کو مدنظر رکھ کر نہ دیکھا جائے بلکہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر اس کا احاطہ کیا جائے۔آبادی پر کنٹرول ضروری ہے۔کیونکہ ان دونوں سطح پر آبادی کا راست تعلق ہوتا ہے۔

تعلیم آبادی کی وسعت (Scope of Population Education):

ہمارے ملک کی آبادی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تعلیم آبادی کریکولم میں حسب ذیل موضوعات شامل کئے جاسکتے ہیں۔

☆ جملہ آبادی میں ضافہ	☆ دیہی، شہری علاقوں میں شرح آبادی
☆ شرح پیدائش واموات	☆ شیر خوار/بچپن کی عمر میں اموات کی شرح
☆ نوجوان آبادی کی شرح	☆ کثیر آبادی والے علاقے
☆ مرد وخواتین میں نسبت	☆ آبادی میں اضافہ، عوام کی صحت

☆ معیاری زندگی پر بڑھتی ہوئی آبادی کا اثر ☆ جنسی طور پر پھیلنے والے امراض (HIV/AIDS)' نشہ آور ادویات کا استعمال

☆ آبادی کا تخمینہ ☆ خاندان اور جنسی مساوات

A. تعلیم آبادی کی اہمیت (Significance of Population Education)

☆ جواہر لعل نہرو نے ایک دفعہ اس طرح کہا! ''ہندوستان کی آبادی کا مسئلہ ایک کا نہیں بلکہ 400 ملین کا مسئلہ ہے۔لیکن آج یہ مسئلہ 1.027 بلین افراد کا مسئلہ بن چکا ہے۔ یہ ایک Atom bomb 'دہشت ناک مسئلہ کی شکل اختیار کر لیا ہے۔''

☆ ملک میں بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے ناخواندہ' غریب' بے روزگار' جرائم پیشہ' بیمار افراد میں بے انتہاء اضافہ ہو چکا ہے۔

☆ دنیا میں "Super Power" طاقت والا ملک بننے کی ہماری کوشش (ہندوستان کی) ناکام ہوتے جارہی ہے۔اس کی اہم وجہ صرف اور صرف آبادی میں اضافہ ہے۔

☆ اس لیے آبادی پر کنٹرول کرنے کے لیے ہمیں کئی راستے تلاش کرنے چاہئے۔

☆ ان میں سے ایک ''تعلیم آبادی'' کا شعور بیدار کرنا ہے۔

☆ "Family Planning" اسکیم کو کامیاب بنانے کے لیے تعلیم آبادی کلیدی رول ادا کرتی ہے۔

☆ بڑھتی ہوئی آبادی ملک کی ترقی میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہے۔اس لیے ترقی یافتہ ممالک نے "Family Planning" اسکیم کو عمل میں لایا ہے۔

☆ ان ممالک میں چین' تھائی لینڈ' جنوبی کوریا' انڈونیشیاء وغیرہ شامل ہیں۔

☆ 1976ء میں ''ہندوستانی آبادی نظام'' نے اس بات پر زور دیا کہ ''تعلیم آبادی'' کو ہر شعبہ میں عام کیا جائے۔

B. آبادی۔صورتحال:

☆ بڑھتی ہوئی آبادی کے کئی وجوہات ہیں۔

☆ شرح پیدائش اور شرح اموات میں فرق (اموات کی شرح سے پیدائشی شرح زیادہ ہے)

☆ بچپن (کم عمری) میں شادیاں (کم عمری میں شادی کی وجہ سے زیادہ بچے پیدا کر رہے ہیں)۔

☆ Child Deaths (طب میں ترقی کی وجہ سے Child Deaths کم ہوگئے ہیں اور اکثر افراد کا ماننا ہے کہ ایک لوتی اولاد اگر مر جائے تو وارث کون رہے گا اس لئے زیادہ بچوں کو پیدا کرنا چاہئے تاکہ اگر کوئی انتقال کر جاتا ہے تو باقی ہمارے ساتھ رہیں گے)

☆ **معاشی/ مالی بدحالی:** اکثر عوام کا ماننا ہے کہ لڑکا گھر کی ذمہ داری نبھاتا ہے اس لیے ہر کوئی لڑکے کے انتظار میں بچے پیدا کر رہے ہیں۔

☆ **سماجی وجوہات:** (ہندو مذہب کے مطابق والد کے انتقال پر لڑکا ہی آگ دیتا ہے اس لیے لڑکا پیدا ہونے تک بچے پیدا کرتے رہیں' اور مسلمان طبقہ میں "Family Planning" گناہ تصور کیا جاتا ہے)

☆ **حمل کو روکنے والے ادویات/ آلات کا دستیاب نہ ہونا:** دل بہلانے والے (Entertainment) پروگرام کی سہولتیں دستیاب نہ ہونا (خاص کر دیہی علاقوں میں دل بہلانے والے پروگرام یا وسائل کی عدم دستیابی میں جنسی ملاپ ہی ایک واحد ذریعہ ہوا کرتا تھا)

بڑھتی آبادی کے مضر اثرات/ نتائج:

☆ معاشی نظام درہم برہم ہو جاتا ہے۔ ☆ معاشی وسائل کے ترقی میں کمی واقع ہوتی ہے۔

☆ غربت میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ قومی آمدنی' فی کس آمدنی میں گراوٹ آجاتی ہے۔

☆ بے روزگاری میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ قدرتی وسائل میں کمی واقع ہوتی ہے۔

☆ غذائی پیداوار پراثر پڑتا ہے۔ ☆ امراض میں اضافہ ہونے لگتا ہےاور نئے امراض جنم لیتے ہیں۔
☆ ماحول کی آلودگی کا سبب بنتا ہے۔ ☆ ناخواندگی میں اضافہ۔
☆ کثافت آبادی (خاص شہری علاقوں میں) میں اضافہ۔ ☆ پانی کی قلت۔
☆ غذائی اجناس کی قلت۔ ☆ قدرتی عطیات میں کمی۔

:Population Education - Massage

چھوٹا خاندان: خاندان میں اگر شوہر، بیوی، ایک یا دو بچے ہوں تو وہ چھوٹا خاندان کہلاتا ہے۔

شادی کی عمر: حکومت ہند نے شادی کی عمر خواتین کے لیے 18 سال اور مردوں کے لیے 21 سال کی عمر طئے کی ہے۔

HIV/AIDS سے متعلق شعور بیدار کرنا:

☆ عنفوانِ شباب کی عمر رکھنے والے بچوں کو ''جنسی صحت کی تعلیم'' دی جائے۔
☆ زندگی کے معیار کو بہتر بنانا۔ (یعنی آئندہ کے لیے زندگی خوشگوار رہے)
☆ آبادی کے لحاظ سے 1921ء کو حدِ فاصل کا عظیم سال کہا جاتا ہے۔

6.3 تعلیم بالغان (Adolescence Education)

☆ یہ انسانی نشوونما کا سب سے اہم دور ہوتا ہے اس مرحلہ میں جسمانی، ذہنی، جذباتی، سماجی نشوونما میں بہت تیزی دکھائی دیتی ہے۔
☆ لفظ Adolescene لاطینی لفظ Adolescere سے اخذ کیا گیا۔ اس کے معنی پختگی حاصل کرنا ہیں یا

Adolescere = to grow into Maturity

☆ ''فرد کے جسمانی، ذہنی، جنسی، سماجی، جذباتی مسائل کا مقابلہ کرتے ہوئے مطابقت کے ذریعہ حل پانے کا مرحلہ ہی Adolescence دور ہے۔'' Kohlan
☆ Piaget کے مطابق: یہ عظیم خیالوں کی عمر اور نظریوں کی شروعات ہے اور ساتھ ہی ساتھ سچائی کو سادہ طریقے سے تسلیم کرنے کی عمر ہوتی ہے۔

خصوصیات:

☆ یہ نشوونما کا بہت اہم دور ہے۔ ☆ تبدیلیاں ظاہر ہونے کا دور ہے۔
☆ مسائل اور تناؤ سے جڑا دور۔ ☆ پہچان، شناخت کے لیے تحقیق کرنے کا دور۔
☆ حقائق سے مختلف خواہشات رکھنے کا دور۔ ☆ بالغ افراد کی تیاری کا دور۔
☆ تذبذب، تجسس سے جڑا دور۔ ☆ Herowership کا دور۔

جسمانی نشوونما:

☆ عام طور پر لڑکیوں میں سن بلوغ کا دور 11 تا 12 سال میں اور لڑکوں میں 12 تا 13 سال سے شروع ہوتا ہے۔
☆ جسمانی ساخت میں بہت سی تبدیلیاں ظاہر ہوتی ہے جو زیادہ تر اندرونی تبدیلیوں سے جڑی ہوتی ہیں۔
☆ عضلات، ہڈیاں مکمل طور پر نشوونما پا کر 15 سال کی عمر تک قد کا 90% حصہ طئے کر لیتے ہیں۔

- ☆ اس دور میں خوبصورتی کو زیادہ ترجیح دی جاتی ہے۔
- ☆ بنیادی جنسی خصوصیات واضح طور پر دکھائی دیتی ہے۔
- ☆ اکثر لڑکیاں بددلی یا افسردگی (Depression) کا شکار ہوتی ہیں۔

ذہنی نشوونما:

- ☆ ذہنی نشوونما میں بہت تیزی دکھائی دیتی ہے۔
- ☆ منطقی سوچ، مجرد تصورات کی تفہیم، پوری توجہ کیساتھ حصہ لیتے ہوئے استدلالی ثبوت اور تخلیقی صلاحیتیں پروان چڑھتی ہیں۔
- ☆ مسائل کے تیئں غور وفکر کر کے تحقیقی حل تلاش کرتے ہیں۔
- ☆ قوت تخلیل کو تقویت ملنے کی وجہ سے شاعر، مصنف، ادیب پیدا ہوتے ہیں۔
- ☆ غیر سماجی افعال، دن میں خواب دیکھنا وغیرہ سے وقت کو برباد کرنے کا موقع زیادہ ہوتا ہے۔

جذباتی نشوونما:

- ☆ جذباتی نشوونما کی انتہا نہیں ہوتی۔ شدید دباؤ کی وجہ سے جذبات پر قابو نہیں پا سکتے۔
- ☆ اس دور میں دکھائی دینے والا جذباتی پہلو ''پیار۔محبت'' ہے۔

مثلاً افرد سے لگاؤ ومحبت، اشیاء سے لگاؤ ومحبت، دوستوں سے لگاؤ ومحبت، خوبصورتی سے لگاؤ......

- ☆ مستقبل کو روشناس بنانے کا مرحلہ ہے۔ روزگار کے ذرائع تلاش کرنے کی فکر زیادہ دکھائی دیتی ہے۔
- ☆ اس دور میں اپنی پہچان بنانے کے لیے یا اپنی شناخت کروانے کے لیے بغاوت کرنا، ناراضگی ظاہر کرنا، قربانی دینا جیسے جذبات کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

سماجی نشوونما:

- ☆ اس دور میں ہم عمر ساتھیوں کے ساتھ زیادہ وقت صرف کرتے ہیں۔ اس لیے رویے، رجحانات، دلچسپیاں، خواہشات، الفاظ کی ادائیگی، Dressing، وغیرہ ان کے برتاؤ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔
- ☆ نئی جوڑیاں تشکیل دیتے ہیں۔
- ☆ اکثر لڑکوں کا گروپ بڑی تعداد میں ہوتا ہے لیکن ان میں پختہ/مضبوط رشتے نہیں دیکھے جاتے۔
- ☆ لڑکیوں کے گروپ میں تعداد کم ہوتی ہے لیکن ان کے درمیان رشتہ بہت مضبوط ہوتا ہے۔
- ☆ ہر معاملے میں آزاد خیالات رکھتے ہیں۔ انفرادی شناخت کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ مثلاً دوستوں کا انتخاب، قائدانہ فیصلے وغیرہ۔

اخلاقی نشوونما:

- ☆ اخلاقی اعتبار سے نشوونما میں تیز ترقی نہیں دیکھی جاتی لیکن بعض بچے اخلاقی اعتبار سے اچھے ہوتے ہیں۔
- ☆ اچھے اخلاقی صفات کو اپنانے کی فکر ظاہر کرتے ہیں۔
- ☆ اس دور میں ایسی تعلیم مہیا کی جائے کہ بچے اپنے اخلاق کو سنوار سکیں۔
- ☆ موقع ومحل کی مناسبت سے ردعمل ظاہر کرتے ہوئے اقدار کو حاصل کرنے کی فکر ظاہر کرتے ہیں۔

☆ بہتر اخلاقی اُصول کو اپنانا۔

☆ اپنے آپ پر قابو پاتے ہوئے برتاؤ میں تبدیلی لانا۔

لسانی نشو ونما:

☆ اس دور کے بچوں میں 40,000 سے زائد الفاظ کی پہچان ہوتی ہے۔

☆ الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کرنے کی مہارت رکھتے ہیں۔

☆ مجرد الفاظ سیکھ کر، جملہ بندی کرنے کی قابلیت میں بہتری لائیں گے۔

☆ اشعار، رسالے، تصانیف، کے ذریعہ جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔

☆ دوسروں کے کلمات میں تنقیدی پہلو اور ہمت افزائی پہلو کی نشاندہی کریں گے۔

تعلیمی اہمیت:

☆ اس دور میں خاص کر رہبری اور مشاورت کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔

☆ اس دور کے بچوں کو اس طرح رہبری فرمائیں یا ایسی تعلیم بہم پہنچائیں کہ جس سے بچے اپنی صلاحیتوں کا صحیح استعمال کرتے ہوئے ترقی پاسکیں۔

☆ ان کی لسانی مہارتوں کو سراہنے سے وہ شاعر، مصنف، فلاسفر، مقرر بن کر اُبھر سکتے ہیں۔

عنفوانِ شباب دور کے بچوں کو رہبری، رہنمائی و مشاورت کس میں کی جائے:

☆ HIV/AIDS	☆ متوازن غذا (Balanced Diet)
☆ وائرس اور اس کے انسانی جسم پر اثرات۔	☆ انسانی جسم میں وائرس کے داخلے کے راستے۔
☆ انسانی تولیدی نظام (نر تولیدی نظام/ مادہ تولیدی نظام)	☆ بیض ریزی اور حیض (Ovulation & Menstruation)
☆ حاملہ خواتین میں ہونے والی تبدیلیاں۔	
☆ جنسی تعلیم۔	☆ جنسی امراض۔ روک تھام۔ احتیاطی تدابیر۔
☆ Drugs۔ نشہ آور ادویات۔ احتیاط	

HIV/AIDS تعریف: ایڈس یعنی ایکوائرڈ امینوڈیفیشینسی سینڈروم، ایک وائرس سے ہوتا ہے۔ جس کو ہیومن امینوڈیفیشینسی وائرس HIV کہتے ہیں۔

تاریخ: 1981ء میں پہلا کیس ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں پہچانا گیا۔ 1986ء میں ہندوستان میں پہلا کیس ریاست ٹاملناڈو میں معلوم ہوا۔ 1987ء میں آندھراپردیش میں پہلے کیس کا پتہ چلا۔

انسانی جسم میں وائرس کے داخلے کے راستے:

1. **جنسی ملاپ:** جب کوئی ایک شریک متاثرہ ہو۔ 2. **خون:** جب متاثرہ خون کسی کو دیا جائے۔

3. **سوئیاں اور انجکشن:** جب غیر اسٹرالائز انجکشن اور سوئیاں استعمال کی جائیں۔

4. **ماں سے بچے کو:** جب ماں AIDS سے متاثر ہو تو اس سے پیدا ہونے والے بچے کو بھی یہ بیماری ہوگی۔

انسانی جسم میں HIV وائرس کہاں پایا جاتا ہے؟

HIV وائرس انسانی جسم میں پائے جانے والے تمام مایعات میں پایا جاتا ہے لیکن حسب ذیل مادوں میں اس کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔

1. خون 2. منویہ 3. مادہ جنسی مائعات

حسب ذیل طریقوں سے HIV وائرس کا داخلہ انسانی جسم میں نہیں ہوتا۔

1. ہاتھ پکڑنے 2. ساتھ رہنے 3. کھیلنے 4. ٹائلٹ کے مشترکہ استعمال
5. گلے ملنے 6. کپڑے اور غذا کے مشترکہ استعمال 7. چھینکنے 8. کھانسنے
9. مچھر کے کاٹنے

6.3.1 معاون حیات مہارتیں (Life Skills)

روزمرہ زندگی کی ضروریات اور مسائل کا موثر طور پر سامنا کرنے کے لیے مطلوبہ یا درکار استعدادیں' صلاحتیں' مطابقت پیدا کرنے کی صفت اور بہتر ردعمل کے اظہار سے متعلق مہارتیں ہی معاون حیات مہارتیں ہیں۔

معاون حیات مہارتوں کی تعلیم۔استعمالات:

☆ روزمرہ زندگی کے لیے درکار گُر' تکنیک' طریقے اور افعال سیکھتے ہیں۔
☆ ہمارے حقوق کا ہم تحفظ کرتے ہوئے شخصیت میں نکھار لاتے ہوئے دوسروں کا احترام وعزت کرنا۔
☆ اس تعلیم کی وجہ سے افراد ان کے معلومات (علم)' رجحانات' رویۓ اقدار میں اضافہ کرتے ہوئے عقل و دانش اور تخلیقیت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔
☆ معاون حیات مہارتوں کی تعلیم کے ذریعہ خود اعتمادی اور بھروسہ کو تقویت ملتی ہے اور اپنی شخصیت کے تیئں مکمل آ گہی حاصل ہوتی ہے۔
☆ مختلف طریقوں' گُر' تکنیک کو انفرادی و اجتماعی طور پر سیکھنے کا موقع نصیب ہوتا ہے۔
☆ معاون حیات مہارتوں کی تعلیم کی وجہ سے بہتر یا موزوں مہارتوں کو حاصل کر کے سماج میں دوسروں سے بہتر تعلقات قائم کرتے ہیں۔
☆ زندگی کا مقابلہ کرنے کے اہل ہوتے ہیں۔

معاون حیات مہارتیں یہ ہیں:

1. خود آ گہی/خود توقیری Self Awareness
2. تنقیدی سوچ Critical Thinking
3. تخلیقی سوچ Creative Thinking
4. فیصلہ سازی Decision Making
5. مسئلے کا حل Problem Solving
6. موثر ترسیل Effective Communication
7. بین شخصی مہارتیں Inter Personal Skills
8. ہم احساسی Empothy
9. جذبات اور احساسات پر قابو رکھنا Coping with Emotions
10. دباؤ اور تناؤ سے نمٹنا Handling Pressure

سلسلہ نشان	معاون حیات مہارتیں	پہلی (ابتدائی) سطح (First Stage)	دوسری سطح (Second Stage)	تیسری سطح (Third Stage)
.1	خود آ گہی/خودتوقیری	ایک مخصوص فرد کی طرح اپنے آپ کو پہچاننا۔	ضبط نفس، اپنے آپ پر قابو پانا	حقوق وفرائض کے متعلق آ گہی
.2	تنقیدی سوچ	تنقیدی سوچ کی نہج سے متعلق عمل کی نشاندہی کرنا (یعنی کس طرح تنقیدی سوچ پیدا کرنا چاہئے)	ہماری طرف سے لئے جانے والے فیصلے کا انتخاب اوراس کے حل کے بارے میں غیر جانبدارانہ رویہ اختیار کرنا	Media کا اثر (تمباکونوشی، شراب جیسے غلط عادتوں کے تئیں اپنا رویہ تبدیل کرنا)
.3	تخلیقی سوچ	تخلیقی سوچ کی مہارت کوفروغ دینا	ہم جن امور/افعال کے عادی ہیں۔اس میں نئے تصورات کو جوڑتے ہوئے پیش کرنا۔	بدلتے سماجی حالات کے مطابق تخلیقی طرز انداز میں سوچنا
.4	فیصلہ سازی	فیصلہ سازی کے لیے اختیار کئے جانے والے Steps (مدارج) کے بارے میں معلومات حاصل کرنا۔	(دلیر) سخت فیصلے لینے کے قابل بننا	زندگی سے متعلق اہم منصوبے کو تشکیل دے کر اس میں بہتر منصوبہ کا انتخاب کرنا۔
.5	مسئلے کا حل	مسئلے کے حل کے لئے درکار مدارج (Steps) پر عمل کرنا۔	پیچیدہ (مشکل) مسائل اور گھبراہٹ پریشان صورتحال کا حل تلاش کرنا	پیچیدہ/مشکل حالات کا حل نکالنا
.6	موثر ترسیل	تحریری، علامتوں کے ذریعہ بنیادی ترسیل کا طریقہ سیکھنا	ہم ساتھی طلبا سے ان کے احساسات اور جذبات کوملحوظ رکھتے ہوئے اظہار کرنا/ترسیل کرنا	غیر صحتمندانہ جنسی تعلقات سے گریز کرنا، واضح اور موثر انداز میں ترسیلی مہارت حاصل کرنا۔
.7	بین شخصی مہارتیں	ساتھیوں، افراد خاندان سے رہنے والے تعلقات کی قدر کرنا	نئے تعلقات/ رشتہ داری قائم کرنا۔قطع تعلقات سے گریز کرنا اور قطع تعلقات سے ہونے والی تکلیف برداشت کرنا	حسب ضرورت/ضرورت محسوس ہونے پر دوسروں سے مشورے اور امداد طلب کرنا۔
.8	ہم احساسی	اس بات کا احساس اجاگر ہونا کہ ہر فرد ایک جیسا نہیں ہوتا اور مختلف فطرت واقسام کے لوگ رہتے ہیں اور سب ہمارے جیسے نہیں ہوسکتے۔	جو ہم سے مختلف ہوتے ہیں یا ان کے خیالات ہم جیسے نہیں ہوتے، ویسے افراد کو ہم سے دور نہیں کرنا چاہئے۔	جو افراد مختلف خیالات رکھتے ہیں یا ہم سے علیحدہ ہوتے ہیں، ان سے دوستانہ تعلقات رکھنا، (اگر AIDS کا شکار ہوتو اس کے ساتھ انسانیت سے پیش آنا)
.9	جذبات اوراحساسات پر قابو رکھنا	مختلف اقسام کے جذبات کی نشاندہی کرنا	جذبات کے ذریعہ ہم میں ہونے والی تبدیلی یا برتاؤ کا انداز کس طرح ہوتا ہے اس کی جانکاری رکھنا	جذبات کے تحت ہونے والی تکلیف پر صبر کرنا
.10	دباؤ اور تناؤ سے نمٹنا	دباؤ اور تناؤ کے وجوہات تلاش کرنا	دباؤ اور تناؤ کے موقع پر کس طرح صبرو تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہئے، ان طریقوں سے واقفیت حاصل کرنا	ناموافق حالات کا سامنا کرنا، اس کے لئے ضروری لائحہ عمل اختیار کرنا اور ضروری مہارت حاصل کرنا۔

6.4 شمولیتی/مشمولی تعلیم (Inclusive Education)

اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام بچے اپنی صلاحیتوں اور کمزوریوں کے باوجود تعلیم کے اصل دھارے سے جڑ جائیں۔

خصوصی تعلیم (Special Education) کی تعریف: ایک ایسی تعلیم جو استثنائی بچوں کے لئے خصوصی طور پر دی جاتی ہے ''خصوصی تعلیم'' کہلاتی ہے۔

"The Education Programme Specially designed for exceptional children is called Special Education".

یعنی اس کا مطلب: شدید، اور زیادہ شدید خامی، معذور بچوں کو عام بچوں/طلباء سے علحدہ کر کے خصوصی مدارس میں خاص طور پر، مخصوص طریقوں کے ذریعہ دی جانے والی تعلیم ہی Special Education ہے۔

☺ ⟷ ☺

پوری طرح علیحدہ کر کے دی جانے والی تعلیم

Integrated Education:

☆ جزوی (یا ہلکا) خامی، معذور بچوں کا انتخاب کر کے عام مدارس میں داخلہ دلوا کر دی جانے والی درس و تدریس یا تعلیم کو "Integrated Education" کہتے ہیں۔

☺ ☺

دونوں کو ایک ساتھ بٹھا کر دی جانے والی تعلیم

☆ حکومتِ ہند نے پہلی بار 1974ء میں "Integration Education of Disabled Children" لفظ کا استعمال کیا

مجموعی تعلیم (Inclusive Education): ہر بچے کو مخصوص ضروریات کے حامل (CWSN) بچے کے طور پر نشاندہی کر کے مخصوص متعلم کے طور پر نشاندہی کر کے (ان کی ذہنی، جذباتی، سماجی، لسانی، جسمانی) مختلف سطح کے بچوں کو ان کے قریبی عام مدارس کی تعلیم کو فراہم کرنے کے عمل کو مشمولی/شمولیتی تعلیم کہتے ہیں۔

☺ ☺ ☺ ☺

شمولیتی

☆ حکومت ہند نے 1995ء میں (PWDACT)"Person With Disabled Act" قانون نافذ کیا۔

☆ M.L. Dunn کے مطابق مخصوص (Special) بچوں کی درجہ بندی (12) اقسام میں ہوتی ہے۔ وہ یہ ہیں:

1. Gifted Children	2. Talented Children	3. Educable Mentally Retarded
4. Socially Maladjusted	5. Emotionally Disturbed	6. Speech Defects
7. Deaf	8. Partially deaf	9. Visually Defective
10. Parcially Visually Defective	11. Physically Handicapped	12. Acutely Unhealthy

A. **Conceptual Clarificatin and Definition**: تصورات کی بنیاد پر ہم معذورین کی درجہ بندی مندرجہ ذیل اقسام میں کرتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

1. ذہنی طور پر معذور (Mental Retardation) (MR)
2. اکتسابی نقص کے حامل بچے (Learning Disability) (LD)
3. سماعتی نقص (Hearing Impairment) (HI)
4. بصارتی نقص کے حامل بچے (Visual Impairment) (VI)
5. جسمانی نقائص کے حامل بچے (Orthopaedic Impairment) (OI)
6. کثیر معذورین (Multiple Handicapped)

☆ 6-14 سال کی عمر کے ان تمام معذور بچوں کی جانچ کے لئے الگ الگ سوالنامے تیار کئے گئے ہیں۔ جس کی بناء پر ان کی شرح معذوریت کا تعین کیا جاتا ہے۔

مجموعی تعلیم کی تعریف:

Inclusive education means that all students in a school, regardless of their strengths or needs in any area, become part of the school community. They are included in the feeling of belonging among other students, teachers and support staff. The schools have a duty to educate children with disabilities in general education classrooms.

کثیر معذورین بچے (Multiple Handicaped)



ذہنی طور پر معذور (MR)	اکتسابی نقص کے حامل (LD)	سماعتی نقص کے حامل (HI)	بصارتی نقص کے حامل (VI)	جسمانی نقائص کے حامل (OI)
(1)	(2)	(3)	(4)	(5)
تعریف: ☆ سماج میں خود سے زندگی گذارنے کے لئے درکار (معاون) ذہنی قوت / صلاحیت کا نہ ہونا ہی ذہنی طور پر معذور کہلاتا ہے۔ ☆ انسانی نشوونما کے مدارج میں ہونے والے ذہنی افعال میں اگر غیر متوازن حالت دکھائی دے جس کی وجہ سے نشوونما، اکتساب، سماجی ہم آہنگی میں رونما نقائص یا خامی ہی ذہنی معذور کہلاتا ہے۔" (American Association of mental defficiency) ☆ اقسام۔وجوہات 1. Down's Syndrome 2. Phenyle Ketonuria (PKU) - Cretinism Thyroid defficiency 1. Cranial Anomalies a) Micro cephaly b) Macro cephaly c) Hydro cehpalus	تعریف: ☆ عصبی نظام کے غیر منظم کارکردگی کی وجہ سے سننے، لکھنے، پڑھنے، غور وفکر کرنے، سوچنے، ریاضی کی صلاحیتوں کے حصول میں اور ان کے اطلاق میں پیچھے رہنا ہی "اکتسابی نقص" کہلاتا ہے۔ National Integrated Organisation) ☆ Teaching Principles Stages in concept learning - اکتساب میں پیچھے رہتے ہیں۔ - جذبات میں مستقل پن نہیں رہتا۔ - الفاظ اور الفاظ کی آوازوں کی شناخت نہیں ہوتی۔ - توجہ مرکوز نہیں کر سکتے۔ - اپنے احساسات، خیالات کا اظہار نہیں کرتے۔ - افعال اچھی طرح انجام نہیں دیتے۔ - اعداد کو باہم بدل کر کے ظاہر کرتے ہیں اور لکھتے ہیں۔ مثلاً 45 کے بجائے 54	تعریف: ☆ صاف سنائی دینے والے کان میں d.BHL یا اس سے زیادہ نقص موجود ہو تو انھیں سماعتی نقص کے حامل بچے کہتے ہیں۔(PWD-Act-1995) (Person with Disabled Act-1995) ☆ Teaching Principles Stages in concept learning - احساس کمتری کا شکار ہوتے ہیں۔ - ان میں خوف، عدم تحفظ کا ردعمل زیادہ ہوتا ہے۔ - تحریری صلاحیتوں میں پیچھے رہتے ہیں۔ - محبت، الفت اور ستائش پر جلدی ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔ - جذبات کو قابو میں نہیں رکھ سکتے۔	تعریف: ☆ نابینا یا اندھاپن سے مراد بصارت میں نقص پایا جانا یا دیکھنے کی صلاحیت کا نہ ہونا ہے۔ 1. مکمل طور پر بصارت میں نقص پایا جاتا ہے۔ 2. 20/200 یا 6/60 سے کم ہونا (Vision) 3. زاویہ نگاہ 20 یا اس سے کم پایا جانا۔ ☆ Teaching Principles Stages in concept earning - اشیا کو دیکھے بغیر ان سے ٹکرانا۔ - پڑھتے اور لکھتے وقت چند الفاظ چھوڑ دینا - شب کوری (Night Blindness) - دوسروں کی ہدایات پر اپنے کام انجام دینا - آنکھوں میں تکلیف۔ - بغیر کسی وجہ کے آنکھ سے پانی کا خارج ہونا - نور (Light) کی جانب راست طور پر نہ دیکھنا، اس طرف توجہ مبذول نہ کرنا۔	تعریف: ☆ پیدائش سے ہی کسی ایک جسمانی عضو کا نہ ہونا یا کسی بیماری کی وجہ سے معذور بن جانا یا حادثات کی وجہ سے ہڈیوں کا ٹوٹ جانا وغیرہ حرکی نقائص یا جسمانی نقائص کہلاتے ہیں۔ ☆ Teaching Principles Stages in concept learning - عضلات میں ہم آہنگی نہ ہونا۔ - سر/گردن کو اوپر کی جانب نہ اُٹھانا۔ - حرکت میں تکلیف پیش آنا۔ - غذا لینے میں تکلیف (ہاتھ اٹھا کر کھانے میں تکلیف) - حواس خمسہ کی شکایت یا ان سے جڑے مسائل۔ - عضلات کا سخت پڑنا۔

(1)

☆ اقسام۔درجہ بندی:

1. احمق (Idiots)
- ذہنی خارج قسمت IQ تقریباً 20-25 ہوتا ہے۔

2. Morbid
- ذہنی خارج قسمت 20-25 کے درمیان ہوتا ہے۔

3. Slow-Learners
- ان کا ذہنی خارج قسمت تقریباً 50-70 کے درمیان ہوتا ہے۔

(2)

☆ اقسام۔درجہ بندی:

1. بولنا۔لسانی نکات سے متعلق نقائص
- الفاظ کے تلفظ میں مسئلہ
- دوسروں کی گفتگو کو سمجھنے سے قاصر
- صحیح اور درست الفاظ کے انتخاب میں دشواری۔

2. پڑھنے سے متعلق نقائص
- الفاظ کی نشاندہی نہیں کر سکتے۔
- پڑھی ہوئی عبارت کو سمجھ نہیں پانا
- چند الفاظ کو چھوڑ کر آگے بڑھنا
- الفاظ کے تلف میں مسئلہ پیش آنا

3. لکھنے سے متعلق نقائص
- حروف اور الفاظ لکھنے میں دقت محسوس کرنا۔
- بہت سست لکھتے ہیں۔
- نامکمل لکھتے ہیں۔
- املا میں غلطی، قواعد میں غلطی
- خوش خط تحریر نہ ہونا۔

4. ریاضی امور سے متعلق نقائص
- اعداد کی صحیح نشاندہی نہ ہونا، صحیح نہ لکھنا
- امور اربع کے علامتوں کا صحیح استعمال نہ کرنا۔
- ریاضی کے تصورات سے عدم واقفیت

(3)

☆ اقسام۔درجہ بندی:

1. سماعتی نقص۔عمر کے لحاظ سے
- پیدائشی نقص
- سابقہ پیدائش سماعتی نقص

2. کان میں نقص۔بلحاظ مقام
- اس میں اندرونی کان/ درمیانی کان/ دونوں میں نقص پایا جاسکتا ہے۔
- آپریشن کے ذریعہ نقص کو دور کیا جاسکتا ہے۔
- اس میں اندرونی کان/ درمیانی کان سے دماغ تک عصبی راستے میں کوئی نقص پایا جاتا ہے۔ یہ آپریشن سے بھی کم نہیں ہوتا۔

3. آواز میں نقص۔بلحاظ فطرت
- بتدریج آواز کم سنائی دینے لگتی ہے۔
- sensory neural آواز میں نقص

4. آواز میں نقص۔بلحاظ عمر سطح

(4)

☆ اقسام۔درجہ بندی:

درجہ بندی	Stage	Vision Calarity
1. Normal Vision	A) نقص نظر رکھنے والے	20/25، 6/7.5، 5/6 سے زیادہ یا 0.8 اس سے زیادہ
	B) Slight loss	20/25، 6/7.5، 5/6 سے زیادہ یا 0.8 اس سے کمی
2. Low Vision	A) Moderate	6/20، 6/19، 5/15 سے کم یا 0.3
	B) Severe	20/60، 6/48، 5/15 کم یا 0.12
3. Blindness	A)Profound	20.40 کم سے 5/100 یا 0.05
	B) Near Total	30/200، 1/60 کم سے 5/300 یا 0.02

(5)

☆ اقسام۔درجہ بندی:

1. ایتھوٹوسن
- جسمانی اعضاء ان کے قابو میں نہیں رہتے۔
- جسمانی عضو کے نقص سے متاثر ہوتے ہیں۔
- اس مرض سے مبتلا بچوں میں ہاتھ، پیر، کندھے، منہ وغیرہ حصوں میں غیر ارادی حرکت پائی جاتی ہے۔

2. اسپاسٹی سٹی
- ان میں حرکات وسکنات بہت سست پائے جاتے ہیں۔

3. ہڈیوں میں بے ترتیب بناوٹ

4. دیگر نقائص
- اس میں کسی ایک ہاتھ پیر یا کسی عضو کا نہ ہونا ہے۔

(1)	(2)	(3)	(4)	(5)
☆ نشاندہی۔اندازہ	☆ نشاندہی۔اندازہ	☆ نشاندہی۔اندازہ	☆ نشاندہی۔اندازہ	☆ نشاندہی۔اندازہ
- خصوصیات 5 سال میں ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ - توجہ کم دینا۔ - Short term حافظہ زیادہ دیر تک یاد نہیں رکھ پانا۔ - ایک ہی موضوع کا بابار پڑھنا۔ - حواس خمسہ کا صحیح استعمال نہ کر پانا۔ - مسئلے کے حل کی مہارت نہ ہونا۔ - ذہنی طور پر غور وفکر کرنا یا سوچنا جیسے اعمال کا انجام نہ دینا۔ - اکتساب/تدریس کے دوارن توجہ مرکوز نہ کرنا۔ - بار بار ایک چیز کے بارے میں پوچھنا/دریافت کرنا۔ - دوران تدریس خلل پید کرنا	- اکتسابی عمل کی نشاندہی کرنا ایک جامع عمل ہے۔ - اکتسابی نقائص کی نشاندی کرنے سے ان کا اندازہ لگانے سے طالب علم کے لئے معاون منصوبہ تیار کیا جاسکتا ہے۔ کرک نامی سائنسداں نے نشاندہی کے تین طریقے بتائے ہیں: 1. تشخیص کے ذریعہ 2. خاندان، اسکول، ماحول کے مطالعہ کے ذریعہ۔ 3. ''برتاؤ کا مطالعہ'' کے ذریعہ۔ مذکورہ بالا طریقوں کی بنا پر اکتسابی نقص کے حامل بچوں کی نشاندہی کی جاسکتی ہے۔	- اس نقص کی نشاندہی پیدائش سے ہی نہیں کی جاسکتی۔ - چھوٹے چھوٹے آوازوں کی پہچان نہیں کرسکتے۔ - بعض اوقات سُنے ہوئے الفاظ کا مطلب غلط سمجھتے ہیں یا نکالتے ہیں۔ - سننے کے باوجود بھی مناسب تفہیم نہیں کرپاتے۔ - آواز کہاں سے آرہی ہے اس کی بھی نشاندہی نہیں کرسکتے۔	- آنکھ سے بے ساختہ پانی خارج ہوتا ہے۔ - اکثر بچے آنکھ ملتے رہتے ہیں۔ - کسی بھی چھوٹے کام کو کرنے سے، پڑھنے سے، لکھنے سے فوری سر کا درد شروع ہوجاتا ہے۔ - ہمیشہ چکر آنا، سر کو غیر ضروری جانبی طرف حرکت دلانا۔ - Hand Eye coordination کا نہ ہونا۔	- اولیائے طلبا (والدین) اساتذہ اور ڈاکٹر (therapist) کے مشاہدہ کے ذریعہ ان نقائص کے حامل بچوں کی نشاندہی کی جاسکتی ہے۔ - جیسے ہی خامی/نقص کی نشاندہی ہوجائے فوراً Therapy شروع کروائی جائے۔ - ابتدائی جانچ کے ذریعہ بچوں کی اعصابی وعضلاتی حرکت کا پتہ چلتا ہے۔

(5)	(4)	(3)	(2)	(1)
طریقہ تدریس Method of Teaching	طریقہ تدریس Method of Teaching	طریقہ تدریس Method of Teaching	طریقہ تدریس Method of Teaching	طریقہ تدریس Method of Teaching
	1. بریلی طریقہ	1. Lip Reading 2. Audio Training 3. Sign Language 4. Finger Spelling	1. Behavioural Method 2. Development Method 3. Physhological Method 4. Multi sensor Training Method V - Visual A - Auditery K - Kinesthetic T - Tactile (VAKT - Method)	1. Shaping 2. Chaining 3. Prompting 4. Cueing 5. Fading 6. Environmental Changes 7. Imitation 8. Discrimination 9. Generalisation 10.Dual Teaching Method

اکتسابی نقص رکھنے والے بچے (Children with Learning Disabilities)

☆ ایسے بچوں کے اہم مسائل میں Learning Poblems ہوتے ہیں۔

قسم/نوعیت	مسائل	وجوہات
Speech Langugage Disabiliation .1		
a) الفاظ ادائیگی نقص Disphasis	دوسروں کے ادا کردہ الفاظ کو سمجھنے میں دوبارہ ازخود کہتے ہیں (یا) دہرانے میں دشواری ہوتی ہے۔	a) دماغ کمزور (Brain Injury) a) Maldevelopment of the Brain
b) Aphasia	زبان (لسان) کے الفاظ لکھنے میں' اشاروں کی شناخت اور اس کے استعمال میں دشواری	
c) فتور سماعت الفاظ Auditory Aphasia	سماعت کی کمزوری رکھنے والے بچے۔ دوسروں کے ادا کردہ الفاظ کو سمجھنے میں دشواری	
Reading Disabilites .2		
a) فہم عبارت نقص Dyslexia	ایسے بچے صحیح طور پر نہیں پڑھتے ۔خاموش خوانی' بلند خوانی اور فہم کے ساتھ پڑھنے میں دشواریاں پائی جاتی ہیں۔	Brain Area میں نشو ونما نہیں ہونا۔ - متوازن غذا کی قلت - خون میں شکر کی مقدار کی کمی - غذا میں پروٹین' وٹامن' کاربوہائیڈریٹس کی قلت یا عدم دستیابی - توارثی خصوصیات - بصارتی سماعتی کمزوری Deficit on Visual Verbal Association
b) فقدان قوت مطالعہ Alexia	طبع شدہ تحریر کو پڑھنے' لکھنے میں دشواری	- do -
قسم/نوعیت	مسائل	وجوہات
Writing Disabilities .3	لکھنے میں' دیکھ کر لکھنے میں' الفاظ و اعداد' اعداد لکھنے میں دشواریاں ۔ Motor Coordination میں مسائل	Act of visual Motor Coordination حافظہ پر اثر Memory Motor Patterns
b) فقدان قوت تحریر Agarphia	لکھنے میں مکمل دشواری	فعولن دماغ Brain Disfunction

Visual Memory Deficit	دیکھ کر لکھنے میں' الفاظ کو دیکھ کر جوں کا توں لکھنے میں دشواری	Re-Visualisation Problem (c
	ریاضی سے جڑے تصورات' عددی تصور' اعداد کے اظہار میں لکھنے اور پڑھنے میں دشواریاں مثلاً 18 کو 81 لکھنا۔ 302 کو 32 لکھنا	**Arithmetic Disabilities .4**
	امور اربع کو حل کرنے میں دشواری	Dyscalculia (a

6.5 خانگیانہ اور عالمیانہ (Privatization and Globalization)

خانگیانہ (Privatization) :

☆ خانگیانہ کا عمل سماج کے لئے کوئی نئی بات نہیں ہے۔ عالمی ممالک مشترکہ معاشی نظام کو ترتیب دے کر اس کو ہر شعبہ میں پھیلا رہے ہیں۔ ہر شعبہ میں آج خانگیانہ کا عمل عام ہو چکا ہے۔ اسی طرح تعلیمی نظام میں بھی خانگیانہ کی شاخیں مضبوط ہوتی جارہی ہیں۔

☆ سرکاری انتظامیہ کے ذریعہ انجام دیئے جانے والے خدمات کو خانگی افراد یا انتظامیہ چلاتے ہیں اسی کو خانگیانہ یا Privatization کہا جاتا ہے۔ اس میں حکومت چند خدمات کو خانگی انتظامیہ کے سپرد کرتی ہے اور ان کے ذریعہ کام لیتی ہے۔

☆ خانگیانہ دو اقسام کا ہوتا ہے:

1. خانگی ادارے خود مختار ہو کر مختلف خدمات سے متعلق عمل کے لئے سرمایہ لگا کر پیداوار دیتے ہیں۔
2. حکومت کی اجازت کی تقلید کرتے ہوئے حکومت کی جانب سے خدمات انجام دیتے ہیں۔

ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کو خانگیانہ (Privatization)

☆ اعلیٰ تعلیم (ثانوی تعلیم) میں جو تبدیلیاں ہم دیکھ رہے ہیں اس کا آغاز 1990 سے ہوا۔ ایک عشرہ تک حکومت نے یہ کوشش کی کہ کم سے کم سرمایہ لگا کر اعلیٰ تعلیم کو خانگیایا جائے۔ اس کے لئے کئی ایک اسکیمیں بھی متعارف کی گئیں۔

☆ اس طرح 1990 سے اعلیٰ تعلیم سے متعلق بجٹ بھی کم مختص کیا جانے لگا۔

ہندوستان میں ثانوی تعلیم کو خانگیانے کی وجوہات

☆ حکومت کے پاس معیاری ثانوی تعلیم فراہم کرنے کے لئے درکار مالی وسائل کا فقدان۔

☆ ضرورت کی سطح کے مطابق ثانوی محکمہ تعلیم نہیں دیے گئے۔ کیونکہ

1. آبادی پر قابو نہ پانا۔ 2. ثانوی تعلیم کے لیے ضروری رقم کا بجٹ میں مختص نہ کرنا۔
3. اشیائے ضروریات میں اضافہ

☆ انتظامیہ کے اندرونی معاملات میں ہم آہنگی نہ ہونا۔

☆ موجودہ ثانوی تعلیم انتظامیہ میں مناسب انسانی وسائل فراہم نہ کرنا۔

☆ تمام خانگی کو آپریٹیو شعبوں میں درکار معیاری انسانی وسائل دینا' صحیح معائنہ' صحیح کنٹرول پر منحصر ہوتا ہے۔ سرکاری شعبہ میں یہ تمام ہونے

کے باوجود بھی تساہلی' کاہلی برتی گئی۔

☆ اعلیٰ تعلیم خانگی طور پر دستیاب ہونے کی وجہ سے ریاست آندھراپردیش میں کئی B.Ed ادارے قائم ہوئے ہیں۔صرف آندھراپردیش ہی میں 300 بی۔ایڈ کالجس موجود ہیں۔

☆ یہاں سے فراغت کے بعد بچے کم تنخواہ پر خانگی مدارس میں پڑھا رہے ہیں۔ جہاں پر وسائل کا فقدان ہوتا ہے اور اساتذہ کی مالی حالت کو مستحکم بھی نہیں بنایا جاسکتا۔لیکن اس کے برخلاف انتظامیہ صرف مال کو اکٹھا کرنے کی فکر میں لگے ہوئے ہیں۔ان کا اوّلین مقصد صرف روپیہ کمانا ہوتا ہے۔

☆ دوسرے ممالک کے مقابل میں ہمارے ملک میں اساتذہ کو کم تنخواہیں دیتے ہیں جس سے ان کی مالی حالت اوسط درجہ کی ہوتی ہے۔

اعلیٰ تعلیم کے خانگیانے سے مستقبل کا پس منظر:

☆ خانگیانے کے عمل کی وجہ سے مستقبل میں کئی کالجس اور یونیورسٹیاں قائم ہوں گے۔

☆ سابق میں جو Campus موجود تھے ان کو (Bric Universities) برک جامعہ کہا جاتا تھا۔

☆ عملی جامعات (Virtual Universities) کو Click Universities کہا جاتا ہے۔

☆ مذکورہ بالا دونوں کا اجماع ہی Click and Bric Universities ہے۔

تعلیم کو خانگیانے کے فوائد:

☆ تحتانوی سطح پر سرمایہ بہت کم مختص کیا جاتا تھا۔اعلیٰ تعلیم کو خانگیانے کی وجہ سے اعلیٰ تعلیم کے لئے مختص کردہ بجٹ کو تحتانوی تعلیم کی جانب موڑ دیا گیا۔

☆ انتظامیہ عملہ میں کمی لانے کا ذریعہ ہوگا۔

☆ تعلیمی ادارے دباؤ سے پرے آزادانہ طور پر افعال انجام دینے کا موقع ملے گا۔

☆ اساتذہ' جذبہ ایثار اور فرائض منصبی سے کام کرنے لگیں گے۔

☆ تمام اساتذہ مل کر مدرسہ کی سطح پر معیاری تعلیم فراہم کرکے' بہترین نتائج کے حصول کے لئے کوشاں رہیں گے۔اچھے نتائج کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

☆ مختلف شعبوں/میدانوں میں درکار اعلیٰ سطح کے معیار سے لیس انسانی فروغ وسائل دسترس میں ہوں گے۔

تعلیم خانگیانے سے اس کے نقصانات:

☆ تعلیم ایک تجارت کی شکل اختیار کرلے گی۔

☆ مذہب' ذات' طبقہ کی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے۔

☆ غریب افراد یا غرباء میں خواندگی فیصد کم ہوتا جارہا ہے۔ناخواندگی کے فیصد میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔

☆ Merit کی اہمیت کے بغیر ہی ڈگریوں کی سند مل رہی ہے۔

☆ طلبا میں ذاتی فائدے کا عنصر پروان چڑھ رہا ہے۔جب کہ قومیت کے تصور میں کمی واقع ہورہی ہے۔

☆ طلبا اور اساتذہ انتظامیہ کے ہاتھوں میں کٹھ پتلی بن گئے ہیں جس کے نتیجہ میں انکی ترقی کا انحصار انتظامیہ پر ہوگیا ہے۔

☆ امتحانات اچھے نتائج یا Pass Percentage کے لئے انتظامیہ غلط راستے اختیار کر رہے ہیں اور Malpractice بدعنوانیوں کو بڑھاوا دے رہے ہیں۔

عالمیانہ (Globalization)

☆ عالمی ممالک کا ایک دوسرے پر انحصار ہونا' دنیا کے مختلف ادارے اور تنظمیں عالمی سطح پر پھیلے ہوئے ہونا' دنیا کو' عالمی گاؤں'' (Global Village) کے مانند بنادیا ہے۔

☆ اس عمل کے ذریعہ حکومتوں کے درمیان' ممالک کے درمیان سرمایہ داری آسان ہوگئی ہے۔جس کی بناپر اشیاء کی تیاری' پیداوار' تکنیکی تبادلے اور معلومات کو ایک دوسرے تک پہنچانا عام ہو چکا ہے۔

عالمیانہ (Globalization) سے مراد:

☆ علم یا معلومات' محنت کرنے کی طاقت' تکنیکی اطلاعات وغیرہ کا بین الاقوامی حدود پار کرنا ہی عالمیانہ (Globalization) کہلاتا ہے۔

☆ "Human Development Report (1999) کے مطابق پوری دُنیا کے عوام کے درمیان دوری' وقت میں کمی اور حدود کے درمیان فرق کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایک دوسرے پر انحصار ہونا ہی عالمیانہ ہے۔

☆ Walters - 1985 کے مطابق عالمیانہ ایک سماجی عمل ہے۔سماج میں جغرافیائی' سماجی اور ثقافتی موضوعات کے درمیان تفریق کے بغیر دوستانہ تعلقات قائم کرنا ہے۔

☆ WTO کے ذریعہ ہی'' عالمیانہ'' کے تصور کو تقویت ملی ہے۔

☆ یہ ادارہ 1955 ء میں قائم ہوا ہے ۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران ایک معاہدہ طئے پایا تھا جس کو (GATT) General Agreement on Tarrif and Trade کہتے ہیں۔GATT کے بعد ہی WTO کو متعارف کیا گیا۔

☆ WTO ۔ World Trade Organization

☆ WTO میں جملہ 144 ممالک بطور اراکین ہیں۔ ان ممالک کے ذریعہ ہی عالمی سطح پر 90% فیصد تجارت چل رہی ہے۔

☆ مزید 30 ممالک اس معادہ پر دستخط کرنے کے لئے آمادہ ہیں اور مسلسل کوشش کر رہے ہیں۔

☆ WTO کا اہم مقصد یہ ہے کہ تجارت کو منصفانہ' آزادانہ' واضح انداز میں کیا جائے۔

عالمیانہ (Globalization) کے خصوصیات

☆ ترقی پذیر و ترقی یافتہ ممالک کے درمیان دوری کم ہوتی ہے۔ہم خیال اور ہم رائے پروان چڑھنے سے نئی تہذیب و تمدن کا جنم ہوتا ہے۔

☆ ترقی یافتہ ممالک کے نفع فیصد میں اضافہ ہوتے جا رہا ہے۔

☆ بین الاقوامی مالی ادارے مختلف ممالک کو قرض دیتے ہیں۔

☆ تکنیکی معلومات/ سائنٹفک معلومات عالمی سطح پر ایک ہی جیسے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ہمیشہ ہم بازار میں نئی الٹرانک اشیاء کو قریب پاتے ہیں۔

☆ ان عالمی ممالک کے درمیان یکجہتی اور اتحاد پروان چڑھتا ہے۔جس کے کئی ثمر آور نتائج مستقبل میں برآمد ہوتے رہیں گے۔

تعلیمی مقاصد:

☆ انسانی وسائل فروغ پاتے ہیں۔ ☆ بین الاقوامی سطح پر پیشہ وارانہ مہارتوں میں فروغ حاصل ہوتا ہے۔

☆ انفرادی مہارتوں کو زیادہ ترجیح دی جاتی ہے۔

تعلیمی منصوبہ:

☆ مقامی/علاقائی زبان کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔اوران زبانوں کومختلف کورسیس کے ذریعہ مختلف سطحوں پر متعارف کیا جاتا ہے۔

☆ عالمیانہ کی وجہ سے ترقی پانے ممالک میں بول چال کی زبان کواہمیت ملتی ہے۔

☆ مہارتوں پر مبنی تعلیم فراہم کرنے کے لئے مناسب تعلیمی منصوبہ کوترجیح دی جاتی ہے۔

علم کی وسعت (معلومات کا پھیلاؤ):

☆ کمپیوٹر اور انٹرنٹ کے ذریعہ انقلابی معلومات دستیاب ہیں۔ان کے اضافہ سے معلومات ایک ملک سے دوسرے ملک تک آسانی سے وسعت پا رہے ہیں۔

☆ ٹکنالوجی کی ترقی سے قبل Virtual Class rooms کا تصور تھا۔لیکن یہ تصوراب اس طرح بدل چکا ہے۔

☆ Video Conferencing ☆ Use of Digital Libraries ☆ Tele Teaching

6.6 اقداری تعلیم Value Education

☆ لازمی اقدار کے زوال کے سبب معاشرے میں بڑھتی ہوئی تشویش اور مایوسی نے یہ بات واضح کردی ہے کہ سماجی و اخلاقی اقدار کے فروغ کے لئے نصاب کی ازسرنو ترتیب اور ترمیم کرکے تعلیم کو ایک طاقتور اور موثر وسیلہ بنانا ضروری ہے۔اس حقیقت کو قومی تعلیمی پالیسی۔1986 میں ہی محسوس کیا گیا تھا۔

☆ مختلف کمیٹیوں اور کمیشنوں نے بھی ملک کی آزادی کے بعد سے رائج نظام تعلیم کی مختلف ضروریات کا بغور جائزہ لینے کے بعد اقدار کی حامل تعلیم کی ضرورت کی بھرپور تائید کی ہےاوراس کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ تعلیم ایک منظم سماجی نظام کی حیثیت سے اخلاقی روحانی اور جمالیاتی اقدار کوفروغ دینے میں اہم ترین رول انجام دیتی ہے۔

☆ قدر یا اقدار صحیح معنوں میں سیکھنے والوں کے خیالات' احساسات' اعمال' عادات واطوار میں خوشگوار زندگی سے متعلق ہمارے تصور کے تعلق سے خوشگوار تبدیلیوں کے نظام کا نام ہے۔

☆ بچوں میں صفائی' وقت کی پابندی' حق گوئی' سچائی' ایمانداری' خدمت گذار وغیرہ اقدار کوعادات کے طور پر فروغ دیا جاسکتا ہے۔

☆ انسان کی سوچ' گفتگو' برتاؤ کے ردّعمل میں ظاہر ہونے والی ایمانداری ہی کو''قدر'' کہتے ہیں۔

☆ انسان کی''زندگی کا مقصد'' ہی قدر ہے۔

☆ اچھے اور بُرے کے درمیان تمیز کرنا ہی''قدر'' کہلاتا ہے۔

اقدار اور تعلیم کا تعلق:

☆ تعلیم اور اقدار کے درمیان تعلق اسی طرح کا ہےجس طرح کہ قول اور عمل کے درمیان ہوتا ہے۔

☆ دراصل تعلیمی مقاصد ہی اقدار ہوتے ہیں۔ (Brabeckar)

☆ تعلیم کے مختلف مقاصد اور منازل ہیں جیسے انسانی ذرائع کا فروغ، تخلیقاتِ انسانی سے وابستگی، سماجی انصاف، حب الوطنی، سائنسی مزاج، ذہن وضمیر کی آزادی، سوشلزم، سیکولرزم، جمہوریت پسندی وغیرہ۔ یہ تمام اقدار ہی تو ہیں۔

اقدار کی حامل تعلیم اور اس کی ضرورت:

☆ زندگی کے ہر شعبہ میں جرم، تشدد، تضادات اور مشکلات کا دور دورہ ہے۔ تنگ نظری اور تعصّبات کی وجہ سے ترقی رُک جاتی ہے اور سماج میں مساوات کے فروغ کی راہ میں رکاوٹ بن جاتی ہے۔

☆ نسل، فرقہ، زبان اور علاقے پر مبنی یہ انداز فکر ہم لوگوں کو نہ صرف خانوں میں تقسیم کر رہا ہے بلکہ ایک یکساں قومی اور بین الاقوامی انداز فکر کی تشکیل کی راہ میں رکاوٹیں بھی کھڑی کر رہا ہے۔

☆ ان تمام مسائل کو محدود اور تنگ کر دینے کے اقدامات کے ذریعہ خواہ وہ تعلیمی ہو یا غیر سماجی، اس پر اساتذہ دوراندیشی سے طلبا میں فہم کو اجاگر کرنے کے لئے اپنا مثبت رول ادا کرنا چاہئے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسی تعلیم وتربیت فراہم کی جائے جس سے بچوں میں بہتر اقدار پروان چڑھ سکیں۔ ہر مضمون کے تحت اقدار کو شامل کرتے ہوئے درس وتدریس انجام دینا چاہئے۔ لٰہذا تعلیم ہی وہ ہتھیار ہے یا وسیلہ ہے جس سے بچوں میں اقدار فروغ پاتے ہیں۔

اقدار۔ بنیاد۔ شواہد

☆ رسم ورواج اور روایت (Customs and Traditions)

☆ مذہب (Religion) ☆ علم فلسفہ (Philosophy Literature)

☆ اقدار کی حامل تعلیم اپنی جامعیت میں اقدار کے شدید احساس، صحیح اقدار کے انتخاب سے گہرا رشتہ رکھتی ہے اور ان کا تعلق زندگی کے اعلیٰ نمونوں سے متعلق متصور ہوتا ہے۔

☆ اقدار کا فروغ ماحولیاتی اشیاء جیسے پیچیدہ نظام کے زیر اثر ہوتا ہے۔ تعلیم سماج کے ایک ذیلی نظام کے طور پر صرف موجودہ سماجی نظام و ضبط کی عکاسی کرتی ہے لیکن بحران کے دوران بہتر نظام اقدار کی تشکیل پر زور دیتا ہے۔ جس سے ایک عام ہندوستانی کی پہچان کو تقویت مل سکے۔ قومی تشخص کے لئے عوامی نصاب میں تاریخ، ہندوستان کی تحریک آزادی، آئینی مراعات اور دیگر اسباق کو شامل کیا جائے گا۔ نصاب کے عناصر موضوع کے دائرہ عمل کو طئے کریں گے اور انھیں ایسی شکل دی جائے گی کہ وہ درجہ ذیل اقدار کو فروغ دے سکیں۔

1. ہندوستانی کا تہذیبی ورثہ
2. جمہوریت اور سوشلزم
3. ماحول کا تحفظ
4. سماجی رکاوٹوں کا خاتمہ
5. چھوٹے کنبے کے اصولوں کو اپنانا
6. سائنسی مزاج
7. اپنی تہذیبی روایات کا احترام
8. عورت اور مرد میں مساوات
9. خدمت کا جذبہ وغیرہ

☆ Horne نے اقدار کی وضاحت کے ساتھ ساتھ اقدار کے Hierarchy کو پیش کیا ہے وہ



☆ اقدار کی درجہ بندی ہم اس طرح بھی کر سکتے ہیں:

VALUES اقدار

I مادی/معاشی اقدار **Material or Economic Values**	II سماجی اقدار **Social Values**	III سیاسی اقدار **Political Values**	IV ثقافتی اقدار **Cultural Values**	V جمالیاتی اقدار **Aesthetic Values**	VI اخلاقی اقدار **Moral Values**	VII روحانی اقدار **Spiritual Values**
- مادی اشیاء کے استعمال کے دوران جن اقدار کا مظاہرہ کرتے ہیں وہ اس زمرہ میں آتا ہے۔	- سماج سے مراد افراد ہے - اس لئے افراد کے درمیان کے تعلقات' طرز رویہ وغیرہ دیکھا جاتا ہے۔	- عوام اپنی خواہشات و ضروریات کو تحریک کے ذریعہ اظہار خیال کے ذریعہ واضح کرتے ہیں۔	- رسم و رواج اور مختلف روایت کے مختلف اپنائے جانے والے اصول اس کے تحت ہیں	- رقص' علوم وفنون' سنگ تراشی' مصوری' نظم و گیت' شاعری' ادب' حُسن' بناؤ سنگھار وغیرہ۔	- اچھائی' برائی' ایمانداری' شرافت' شکرگذاری' وفاداری' رحم دلی' امن' پابندی' اخلاص وغیرہ۔	- دینی' مذہبی' روحانی اقدار اس کے تحت شامل ہیں۔
- اس میں دو اقسام ہیں: Use Value (a Exchange (b Value	- دوسروں کا لحاظ کرنا' تعاون' عزت' ایثار و قربانی' مساوات' برابری' ایمانداری' انسانیت' حب الوطنی وغیرہ اس کے تحت ہیں۔	- سماجی انصاف' سماجی خدمات' آفاقی سچائی' آفاقی کلیہ' انصاف کے لئے آواز اٹھانا' یکجہتی وغیرہ۔	- تہذیب' ثقافت' رسم رواج' عادات و اطوار وغیر۔			- رحم دلی' خدمت' محبت' ایثار وقربانی وغیرہ۔

☆ قومی تعلیمی پالیسی ۔1986 نے اقداری تعلیم کی اہمیت وضرورت سے متعلق واقفیت کراتے ہوئے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ Common Core Curriculam میں کس قسم کے اقدار سے مربوط تعلیم ہونی چاہئے اور واضح بھی کر دیا کہ حسب ذیل اقدار کو نصاب (کریکولم) سے مربوط کیا جائے گا۔

1. ہندوستان کی مشترکہ جمہوریت اور سیکولرزم (India's Common Democracy and Secularism)
2. انسانی مساوات، جمہوریت اور سوشلزم (Equalitarianism Freedom Struggle)
3. آئینی فرائض وذمہ داریاں (Constitutional Obligations)
4. تحریک آزادی ہند کی تاریخ (جدوجہد آزادی کی تاریخ) (History of India's Freedom Struggle)
5. سائنسی مزاج اور سائنٹفک رجحان کو پروان چڑھانا (Inculcation of Scientific Temper)
6. سماجی بندشوں کا خاتمہ (Removal of Social Barriers)
7. ماحول کا تحفظ (Protection of Environment)
8. قومی یکجہتی کے تصور کو فروغ دینے کے لئے مناسب نصابی مواد (Nurture National Sol entity)
9. مردوخواتین کی برابری (Equality of Sexes)
10. مختصر (چھوٹے) خاندان کے اصول پر عمل (Observance of Small Family Norm)

اقدار کی حامل تعلیم میں معلم کا رول:

☆ مدرسے میں محبت، خلوص، اعتماد اور تحفظ کا ماحول پیدا کرنا چاہئے اور اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ بچے خوف سے جھوٹ بولتے ہیں۔ لہٰذا ان میں صداقت اور سچائی کو پروان چڑھانا چاہئے۔

☆ اساتذہ کو چاہئے کہ وہ اقداری تعلیم کو ٹھوس واقعات سے مربوط کریں۔ وعظ خوانی کرنا بہتر نہیں ہے۔ سوائے ایسے مواقع پر جب اس کے لئے خاص حالات ہوں۔

☆ اقداری تعلیم کو مختلف النوع ثقافتی مشاغل سے مربوط کرنا چاہئے۔ بچوں کو زندگی سے سیکھنا چاہئے۔

☆ معلم اس بات کو نہ بھولے کہ جو بھی مضمون وہ پڑھا رہا ہے اس سے بچوں میں غیر محسوس طریقے سے اقداری تعلیم پروان چڑھے۔ اقدار کی تعلیم تدریس کا ایک وسیلہ ہے۔ خواہ معلم اس سے باخبر ہو یا بےخبر۔ معلم طلبا کو مضمون کلی طور پر سمجھاتا ہے۔ یعنی معلومات منطقی ساخت کے طریقے اور ذہن کی خصوصیات کو ملحوظ رکھنا چاہئے۔

☆ معلم کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ وہ اپنی پوری شخصیت سے بچوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اسی لئے معلم کو چاہئے کہ وہ اپنی شخصیت کی تعمیر کرے۔

☆ معلم بچوں کو نصیحت کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ وہ اس پر عمل نہ کرے اور دوسروں کو عمل کرنے پر مجبور کرے۔ وہ بھی عمل کرے اور طلبا کو عمل کرنے پر مجبور کرے۔

☆ معلم کا دیانت دارانہ رویہ ہی طلبا پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اگر معلم وقت کا پابند، مہربان اور ذمہ دار ہو تو بچے بھی معلم کی پیروی کریں گے۔

6.7 تعلیم صحت (Health Education)

☆ جسمانی، ذہنی، سماجی طور پر کسی شخص کا خوشحال رہنا ہی صحت کہلاتا ہے۔
☆ مختلف کاربوہائیڈریٹس، وٹامن، معدنیات، پروٹینس سے جڑے غذائی اشیاء لینے سے انسان صحت مند رہتا ہے۔یعنی تغذیہ بخش غذا کے استعمال سے صحت مند رہتا ہے۔
☆ انسان کی ترقی ونشونما کا انحصار صحت پر ہوتا ہے۔
☆ سائنٹفک ترقی اور سائنس کی ترقی کی عدم موجودگی میں اکثر لوگ متعدی بیماریوں کا شکار ہوکر مرجاتے ہیں۔
☆ تغذیہ بخش غذاؤں کے عدم استعمال سے اکثر لوگ Mal-Nutrition کا شکار ہوتے ہیں۔
☆ ہم تمام بخوبی جانتے ہیں کہ تندرستی ہزار نعمت ہے۔
☆ علم سائنس کے ترقی کے بعد بہت سے ادویات کی ایجاد ہوئی۔
☆ Alexander Fleming نے 1929ء میں پنیسلین انجکشن دریافت کیا۔
☆ 1985ء میں دومارک نامی سائنسداں نے ''سلفا'' دوا ایجاد کیا۔
☆ 1944ء میں "Waxmann" سائنسداں نے "Spyptomysene" دوا ایجاد کیا۔
☆ کاربوہائیڈریٹس کی مقدار، زیادہ تر چاول، گیہوں، دال اور شکر میں پائی جاتی ہے۔
☆ تیل، گھی اور اس سے متعلقہ اشیاء میں چربی کی مقدار زیادہ پائی جاتی ہے۔
☆ دال، انڈے، دودھ، گوشت، مچھلی وغیرہ میں حیاتین (وٹامن) کی مقدار بکثرت ہوتی ہے۔
☆ ترکاریوں، پتہ والی ترکاریوں اور دالوں میں معدنیات کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔
☆ تغذیہ بخش غذا کے عدم استعمال سے وٹامن اور پروٹین کی کمی کی وجہ سے چند بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔
☆ وٹامن A کی کمی سے آنکھ سے جڑی بیماریاں۔
☆ وٹامن B کی کمی سے جلدی بیماریاں۔
☆ وٹامن C کی کمی سے مسوڑوں اور جلد سے جڑی بیماریاں۔
☆ وٹامن E کی کمی سے ازدواجی زندگی سے جڑی بیماریاں۔
☆ کیلشیم کی کمی سے دانت، ہڈیوں سے متعلق بیماریاں۔
☆ لوہا (Iron) کی کمی سے خون میں کمی
☆ متوازن غذا کے عدم استعمال سے نشوونما میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔اور بیماریوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔
☆ دالیں، دودھ، انڈے، گوشت، مچھلی وغیرہ نشوونما میں معاون ومددگار رہوتے ہیں۔
☆ پتے والی ترکاریاں، ترکاریاں، دودھ، مچھلی کے استعمال سے ہڈیوں کی بناوٹ میں پختگی (مضبوطی) ہوتی ہے۔
☆ صحت مند جلد کے لیے پتے والی ترکاریاں، ترکاریاں، پھل کا استعمال زیادہ کرنا چاہئے۔

☆ بصارت سے جڑی بیماریوں سے بچنے کے لیے دودھ، انڈے، پپئی ، پتہ والی ترکاریوں کا استعمال غذا میں ضرور بہ ضرور کرنا چاہئے۔

☆ کیلشیم اور فاسفورس سے ہڈیاں مضبوط ہوتے ہیں۔

☆ خون میں ہیموگلوبن کے مقدار میں اضافہ کے لیے لوہا(Iron) ضروری ہے۔

☆ دماغ کا صحیح افعال انجام دینے کے لیے آیوڈین ضروری ہے۔

☆ پروٹینس کی وجہ سے جسم کی نشوونما بہتر ہوتی ہے۔

☆ وٹامن سے جلد، آنکھ صحت مند رہتے ہیں۔

☆ وہ کیمیائی اشیاء جو توانائی کو پیدا کرنے، نشوونما اور جسمانی تغیر کے لئے ضروری ہوتی ہیں مقویات (Nutrients) کہلاتی ہیں یہ کاربوہائیڈریٹس، لحمیے (پروٹینس)، چربیاں، حیاتین، اور معدنیات ہیں۔

☆ مقوبات کا حاصل کرنا تغذیہ (Nutrition) کہلاتا ہے۔

☆ کاربوہائیڈریٹس کو شکر بھی کہا جاتا ہے۔

☆ ہڈیوں، دانتوں کے بننے، خون کا انجماد، عضلات کا سکڑاؤ، عصبی نظام اور دیگر حیاتی سرگرمیوں کے لیے کیلشیم ضروری ہوتا ہے۔

☆ ایسی غذا جس میں تمام مطلوبہ مقویات مناسب اور مطلوبہ مقدار میں موجود رہتی ہیں متوازن غذا کہلاتی ہے۔ متوازن غذا کو استعمال کرنا، ضروری ہوتا ہے۔

معدنیات: انسانی جسم میں 50 سے زائد معدنیات پائی جاتی ہیں یہ نشوونما، درستگی اور ولوجی دباؤ کی برقراری اور دیگر حیاتی عمل کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔

☆ سوڈیم، پوٹاشیم، کیلشیم، میگنیشیم ، کلورائیڈ اور فاسفورس جسم کے چند کبیر معدنیات ہیں۔

☆ میگنیز، مالبڈیم، Selenium ، جست، تانبہ اور فلورین جسم میں پائے جانیوالے قلیل عناصر ہیں۔

☆ **کیلشیم:** کیلشیم جسم کے لئے ضروری ایک کبیر عنصر ہے۔ ایک بالغ انسان کے جسم کا یہ تقریباً 1.5 سے 2% فیصد وزن بناتا ہے۔ زیادہ تر کیلشیم ہڈیوں میں موجود رہتا ہے۔

☆ یہ دودھ، دودھ کی مصنوعات اور سبز پتے والی ترکاریوں وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے۔

لوہا (Iron): لوہا ہیموگلوبن کا اہم حصہ ہوتا ہے۔ یہ پھیپھڑوں سے بافتوں تک آکسیجن لے جانے میں مدد دیتا ہے۔

☆ جسم میں لوہے کا تقریباً 60 تا 70% فیصد خون میں موجود رہتا ہے۔

☆ لوہا، جگر، گوست، مچھلی، اجناس، جوزوں (Nuts) ، سبز پتے والی ترکاریوں اور خشک میووں میں دستیاب رہتا ہے۔

آئیوڈین (Iodine): آئیوڈین، ورقی ہارمون کی تیاری کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

☆ آئیوڈین کی کمی کے نتیجے میں زیریں درقیت (Hypo-thyrodism) اور درقی غدود (Thyroid Gland) بڑھ جاتے ہیں۔ (وہ حالت گلھڑ Goitre) کہلاتی ہے۔

☆ سمندری مچھلیاں آئیوڈین کی بہترین ذرائع ہیں۔

فلورین (Fluorine): فلورین، ہڈیوں کو موزوں تیاری اور دانتوں پر میناکاری (Enamel) کے لیے فاسفورس ضروری ہوتا ہے۔

پانی (Water) : پانی زندگی کا نہایت اہم جز ہے۔

☆ جسم کو تین ذرائع سے پانی حاصل ہوتا رہتا ہے۔

i) پینے کا پانی ii) غذا میں ذخیرہ شدہ پانی iii) تحولی پانی(Metabolic Water)

مرد۔عورتوں اور بچوں کی متوازن غذا کے اجزاء

غذا کی قسم	بالغ مرد			بالغ عورتیں			لڑکے	لڑکیاں
	ہلکا کام	معتدل	بھاری کام	نشستہ کام	معتدل	بھاری کام	10 تا 12 سال	10 تا 12 سال
اجناس Cereals	460	520	670	410	440	575	420	380
دالیں Pulses	40	50	60	40	45	50	45	45
پتے والی ترکاریاں	40	40	40	100	100	50	50	50
دوسری ترکاریاں	60	70	80	40	40	100	50	50
جڑیں اور بصلے	50	60	80	40	40	100	50	50
دودھ	150	200	250	100	150	200	250	250
تیل اور چربیاں	40	45	65	20	25	40	40	35
شکر اور گڑ	30	35	55	20	20	40	45	45

نوٹ: تمام مقداریں گرامس میں دی گئی ہیں۔ غیر سبزی خور اگر روزانہ ایک انڈا یا 30 گرام گوشت یا مچھلی اور اضافہ 5 گرام تیل یا چربیاں استعمال کرتے ہیں تو وہ 50% دالوں کے استعمال کو کم کر سکتے ہیں۔ حاملہ عورتوں کی غذائی ضروریات عام عورتوں سے زیادہ ہوتی ہیں۔

6.8 Educational Technology, Information and Commuinication Technology (ICT)

اھم نکات

ICT کا تعارف

☆ ICT کی توسیعی شکل (Information and Communication Technology) ہے۔اس کا استعمال اکتسابی سرگرمیوں میں کیا جا سکتا ہے۔

☆ معلومات ارسال کرنے محفوظ کرنے، قابو میں رکھنے اور وسعت دینے کی قابلیت رکھنے والے ٹکنالوجی کے مختلف ذرائعوں کے مجموعے کو ICT کہتے ہیں۔

ICT کے آلات:

☆ بچوں میں تفریح کے علاوہ معلومات کو فراہم کرنے میں ہمیں ICT کے چار اہم آلات مددگار ہوتے ہیں۔(1) ٹیلی ویژن (2) موبائیل/ ٹیاب (3) ریڈیو کم ٹیپ ریکارڈر (4) کمپیوٹر ان میں ہم دو طرح کی نشریات/ ترسیلات کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔وہ (1) براہ راست نشریات (Live) (2) قبل از وقت ریکارڈ کی گئی نشریات (Pre-recorded)

☆ **(1) براہ راست نشریات/ترسیلات (Live)**: یہ موقع واردات سے براہ راست نشر کیے جاتے ہیں۔ مثلاً: یوم آزادی کے اجلاس، مذاکرے، مختلف اجلاس، سونامی، زلزلے، سیلاب وغیرہ کو ہم ٹیلی ویژن پر براہ راست دیکھ سکتے ہیں۔

آفاقی تعلیمی وسائل (Open Educational Resources-OERS)

☆ دستی آلات (Hand held Devices)، انٹرنٹ استعمال کرنے کے مہذبانہ انداز اور طور طریقے (Netiquettes)

آفاقی تعلیمی وسائل (OERS):

☆ مواقعوں کی فراہمی کے ذریعہ بامعنی مشمولی تعلیم فراہم کی جائے۔-NCF2005

☆ آفاقی تعلیم وسائل (OERs) اکتسابی وسائل کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ یہ بغیر کسی خرچ کے مفت دستیاب ہونے والے ڈیجیٹل وسائل ہیں۔ یہ ہمیں مختلف شکل میں دستیاب ہوتے ہیں۔ ٹیکسٹ اور سمعی و بصری اشتراک کی شکل میں ہم انہیں حاصل کر سکتے ہیں۔ مثلاً: کورس میٹیریل ای۔ بکس، سافٹ ویئر وغیرہ۔

☆ 2001ء میں وکی پیڈیا (www.wikipedia.org) کے ذریعہ عالمی سطح پر OERS کا آغاز ہوا ہے۔ بعد از امریکہ کے چوسیٹس کا تکنیکی ادارہ (MIT) مختلف کورس سے متعلق اسباق کو مفت فراہم کر رہا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی IGNOU اور NPTEL ادارے کئی کورس OERS کے ذریعہ منعقد کر رہے ہیں۔

OERs کے فوائد:

☆ اکتسابی وسائل کو بغیر کسی خرچ کے متعدد مرتبہ استعمال کیا جاتا ہے۔

Re-Distribute, Remix, Re-vise, ReUse

چند OER ویب سائیٹس:

- www.khanacademy.org یہاں قبل از وقت ترتیب دیے گئے اسباق دستیاب ہوتے ہیں۔
- ان ویب سائیٹس میں کورس میٹیریل، مختلف کورس مفت حاصل کر سکتے ہیں۔
- www.nroer, metastudio.org, www.tessafrica.org

  www.courseara.org, www.nptel.iitk.ac.in
- اساتذہ کے لیے کارآمد ویب سائٹ www.karnatakaeducation.org.in (KOER)
- شراکت داری کے ذریعہ وسائل تیار کر کے فراہم کرنے والا ویب سائٹ: www.wikipedia.org
- چند سافٹ ویئرس (OERs) : Xmind Software، PhET Simulations وغیرہ

دستی آلے (Hand held Devices):

☆ ہاتھوں میں سمانے اور استعمال کے قابل آلات کو دستی آلے کہا جاتا ہے۔ مثلاً: موبائیل فونس، ٹیاب، آئی پوڈ وغیرہ۔ ویڈیو، آڈیو، ملٹی میڈیا کے ذریعہ موثر اور بامعنی تدریس کا اہتمام کر سکتے ہیں۔

ICT سے متعلق قومی، ریاستی حکمت عملیاں:

اسکولی تعلیم میں قومی طریقہ کار برائے ICT (NPICTSE-2012)

مرکزی حکومت کی جانب سے اسکولی تعلیم میں ICT سے متعلق درج ذیل نکات بتلائے گئے ہیں۔

ویژن (Vision):

☆ آج کے اس مسابقتی دور کا سامنا کرنے، ملک کے سماجی و معاشی استحکام کے حصول کے لیے نو جوانوں کو مناسب تعلیم فراہمکر تے ہوئے بہترین سماج کے معماروں کو تیار کرنا۔

مشن (Mission):

دستیاب (availibility)، معیار (quantity) اور صلاحیت (ability) جیسے عوامل کو اسکولی نظام میں فروغ دینے کے لیے ICT وسائل اور مشاغل کا استعمال کرنا۔

ICT- ریاستی حکمت عملی (AP):

اہم نکات:

☆ بہتر زندگی، معیاری تعلیم اور اچھی صحت کے ذریعہ ریاست کو عالمی سطح پر اونچا مقام عطا کرنا۔

☆ بہتر حکمرانی (Good Governance) کے ذریعہ IT، الکٹرانکس کی مدد سے تعلیمی و زرعی میدانوں میں ترقی حاصل کرتے ہوئے ملازمت کے مواقع فراہم کرنا۔

☆ ICT کے ذریعہ اساتذہ کو تعلیمی مہارتیں فراہم کرنا۔

☆ ڈیجیٹل وسائل کا استعمال کرتے ہوئے اسکولوں میں مؤثر تعلیم فراہم کرنے کے مناسب اقدامات اپنانا۔

ICT پر مبنی اکتسابی سرگرمیاں - اکتسابی ماحول فراہم کرنا۔

☆ **سوچیے:** ICT پر مبنی کمرۂ جماعت تشکیل دینے کے لیے کس قسم کی سہولتیں درکار ہوں گی؟

☆ کئی اسکولوں کو EDUSAT ٹرمنلس، DTH کی سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔ جس سے Mana TV، دور درشن وغیرہ چینلس کے ذریعہ براہ راست اور بالراست طور پر اسباق کی تدریس کی جاتی ہے۔ ان وسائل کا صد فیصد طلباء کی دسترس میں لانا بے حد ضروری ہے۔

☆ CAL پروگرام کے تحت اسکولوں کو کمپیوٹرس فراہم کیے گئے ہیں۔ ہر CAL اسکول کو اس کے اطراف و اکناف پائے جانے والے تحتانیہ اسکولوں (200 طلباء سے تجاوز نہ کرتے ہوئے) سے منسلک کیا گیا ہے۔ اس کے استعمال کے لیے مناسب منصوبہ بندی کرتے ہوئے عمل آوری کی جائے۔

☆ CAL کے تحت دیے گئے 64CDS اور ان میں موجود اسباق کو مضمون واری ترتیب دے کر بچوں کو بتایا جائے۔ (فی الحال یہ 12 مکمل CDs کی شکل میں دستیاب ہیں)

☆ انٹرنٹ سے منسلک ہو کر آن لائین کے ذریعہ کی جانے والی تدریس کو Virtual Class Room کہتے ہیں۔ اس کے ذریعہ ویڈیو پر بنی کورس، آڈیو، انیمیٹیڈ کورس مہیا کئے جاتے ہیں۔

☆ ماہرین مضمون کے استعمال کردہ یا تیار کردہ PPTS، ویڈیوس، آڈیوس، گرافکس وغیرہ مواد کا استعمال کرتے ہوئے اساتذہ کمرہ جماعت میں اپنی تدریس کو موثر بنا سکتے ہیں۔

☆ اسمارٹ بورڈس یا LCD پروجکٹرس کا استعمال کرتے ہوئے بچوں کو راست تجربات فراہم کر سکتے ہیں۔ اسمارٹ بورڈ سے مراد LCD اسکرین کی جدا ایک سفید بورڈ پایا جاتا ہے جس کو راست طور پر چھو کر آپریٹ کر سکتے ہیں۔ تعلیمی کھیلوں کے ذریعہ بھی اکتساب کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

5.1 ٹکنالوجی برائے معلومات وترسیل (ICT)-وسائل:

☆ ICT وسائل کو دو اہم حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ وہ

(1) ہارڈ ویئر وسائل (2) سافٹ ویئر وسائل

ہارڈ ویئر وسائل:

☆ **کمپیوٹر اور انٹرنٹ:** تدریسی واکتسابی عمل میں انہیں اہم مقام حاصل ہے۔ ان کے ذریعہ Presentation، Demonstration، Manipulation کے علاوہ Simulation، Tutorial، Virtual Laboratories، Virtual Graphical Representations کیا جا سکتا ہے۔

☆ **پروجیکٹرس:** کسی تصویر یا ویڈیو کی جسامت کو بڑھا کر اسکرین پر ظاہر کرنے کے لیے ان کا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ کئی قسم کے ہوتے ہیں۔

(a) اوپیک پروجیکٹر

(b) اوور ہیڈ پروجیکٹر

(c) سلائیڈ پروجیکٹر

(d) LCD (Liquid Crystal Display) پروجیکٹر

(e) DLP (Digital Light Processing) پروجیکٹر

(f) **ڈیجیٹل پروجیکٹر:** اس کو ویڈیو پروجیکٹر بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے ذریعہ سہ ابعادی ویڈیوس دیکھ سکتے ہیں۔

سافٹ ویئر وسائل

1. **آڈیو سافٹ ویئر:** اس قسم کے سافٹ ویئر ریکارڈ کرنے، سماعت کرنے، ایڈیٹ کرنے بڑا کمس کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان میں چند سافٹ ویئر مفت دستیاب ہیں۔ مثلاً: سونی کریٹیو سافٹ ویئر، ویو پاڈ ایڈیشن، مکسڈ پاڈ وغیرہ۔

2. **ویڈیو سافٹ ویئر:** اس قسم کے سافٹ ویئر ریکارڈ کرنے، ویڈیو دیکھنے، آڈیو اور ویڈیوس کو مکس کرنے کے لیے مددگار ہوتے ہیں۔ مائیکروسافٹ، ایپل وغیرہ آپریٹنگ سسٹم میں ویڈیو سافٹ ویئرس پائے جاتے ہیں۔ ایڈوانسڈ ویڈیو سافٹ ویئر کو خریدنا پڑتا ہے۔ مثلاً: VLC ویڈیو پلیئر، MX پلیئر، ونڈوس مووی میکر، اڈوب فوٹو شاپ، پری میک ویڈیو ڈاؤن لوڈر وغیرہ۔

3. **ملٹی میڈیا سافٹ ویئر:** اس قسم کے سافٹ ویئر میں آڈیو، ویڈیو، انیمیشن وغیرہ معلومات مجموعی طور پر پائے جاتے ہیں۔ اس کے استعمال کے لیے مائی میڈیا کمپیوٹر کی ضرورت ہوتی ہے۔ عام کمپیوٹر کے اجزاء کے ساتھ ساتھ کیمرہ، اسپیکرس، انٹرنٹ ملٹی میڈیا سافٹ ویئر کا ہونا لازمی ہے۔ مالٹی میڈیا کے چند فائنکس آپریٹنگ سسٹم میں پائے جاتے ہیں، بقیہ سافٹ ویئر اپنی ضرورت کے لحاظ سے ڈاؤن لوڈ کرنا ہوگا۔ فارمیٹ فیکٹری، ایڈوب فلاش، بلورے (Blue Ray) وغیرہ اس کی مثالیں ہیں۔

4. **ایڈیٹنگ سافٹ ویئر:** آڈیو، ویڈیو گرافکس کو حسب ضرورت کمپیوٹر کی مدد سے ردوبدل کرنے میں مددگار سافٹ ویئر ہی ایڈیٹنگ سافٹ ویئر کہلاتا ہے۔ مثلاً: ویو پاڈ، ویڈیا پیاڈ، ڈراپائیڈ، ونڈوس مووی میکر وغیرہ۔

5. **ویب اپلیکیشن سافٹ ویئر:** ویب براؤزر کے استعمال میں مددگار کلائیٹ سرور سافٹ ویئر اپلیکیشن ہی ویب اپلیکیشن سافٹ ویئر کہلاتا ہے۔

مثلاً: جاوا، فلاش، ویب2.0

6. **انٹرنٹ سافٹ ویئر:** انٹرنٹ کے ذریعہ ICT کی رسائی کمرہ جماعت ہوتی ہے۔ دنیا کے کئی کمپیوٹرس کا باہمی ارتباط انٹرنٹ کہلاتا ہے۔ انٹرنٹ کی سہولت کے لیے کمپیوٹر، موڈیم، ٹیلی فون، براؤزر سافٹ ویئر، انٹرنٹ سرویس پرووائیڈر کی رکنیت ضروری ہے۔ انٹرنٹ کے ذریعہ حاصل ہونے والے خدمات

WWW (1) Email (2) FTP (3) New Groups (4) Search Engine (5)

IRC (6) (Internal Relay Chat) E-Commerce (7) وغیرہ۔

ٹیلی کانفرنسنگ (Tele Conferencing)

☆ دو یا دو سے زیادہ مقامات پر موجود افراد کے مابین باہمی ردعمل کے ذریعہ الکٹرانک شکل میں ترسیل کیے جانے والے تبادلہ خیال کو ٹیلی کانفرنسنگ کہتے ہیں۔

☆ ٹیلی کانفرنسنگ کے ذریعہ بحث ومباحثے، بیانات، ماہرین مضمون اور ریسورس پرسنس سے گفتگو کی جاتی ہے۔ طلباء مواد کا راست طور پر حاصل نے کے ساتھ ساتھ اپنے شکوک وشبہات کو بروقت ازالہ کرنے میں ٹیلی کانفرنسنگ کارآمد ثابت ہوتی ہے۔

6.9 آئینی شقیں، عام اور معذور افراد کے لیے اہم دفعات اور ان کے فعال مضمرات

(Constitutional Provisions, Important Articles and their functional implications for General & Disabled Populations)

☆ کسی بھی ملک کی ترقی کا انحصار اس ملک کی معاشی ترقی، سیاسی استحکام، اس ملک کی حکومت اور مرتب کئے گئے دستور پر ہوتا ہے۔ ہندوستان جیسے جمہوری ملک میں مستحکم حکومت قائم کرنے اور دستور کو نافذالعمل کرنے کے لیے تعلیم یافتہ معاشرہ بہت ضروری ہے۔

☆ بغیر تعلیم کے ملک کی ترقی ناممکن ہے۔ ناخواندہ انسان ہر کام کے لئے دوسروں کا محتاج ہوتا ہے۔ اسی لئے دستور ہند میں تعلیم کو عام کرنے کے لئے مختلف دفعات میں مفت ولازمی تعلیم کو خاص مقام دیا گیا ہے۔

تعلیمی آئینی شقیں (عام) (Educational Constitutional Provisions - General)

دفعہ	ضمانت	تعلیم کے تحت اہمیت
دفعہ۔41	- کام، تعلیم کے حصول کے حق کے ذریعہ عوام کو بعض مواقعوں پر امداد حاصل کرنے کی ضمانت دی گئی ہے۔	- ہر بچہ کو تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔
دفعہ۔45	- 6 تا 14 سال عمر رکھنے والے تمام بچوں کو ذات، طبقہ، مذہب، جنس کی تفریق کے بغیر مفت و لازمی تعلیم مہیا کرنے کی ضمانت دی گئی ہے۔	- 14 سال کے اندرون عمر والے تمام بچوں کو مفت و لازمی تعلیم مہیا کی جائے۔ یہ بچے کا حق ہوتا ہے۔

تعلیمی آئینی شقیں (معذور افراد) (Educational Constitutional Provisions - Disabled People)

دفعہ	ضمانت	تعلیم کے تحت اہمیت
دفعہ۔(A)21	- 6 تا 14 سال عمر رکھنے والے تمام بچوں کو مفت و لازمی تعلیم فراہم کرنے کی کوشش میں کوئی بھی فرد تعلیم سے جڑے اس حق اور آزادی میں رکاوٹ نہیں بن سکتا۔	- ہر بچہ آزادانہ طور پر تعلیم حاصل کرنا۔
دفعہ۔23	- بچوں سے جبراً مزدوری کروانا یا اس کے متبادل کسی بھی کام کو سونپنا ممنوع ہے۔(بچہ کو بندھوا مزدوری سے تحفظ کا حق حاصل ہے)۔	- بچوں سے کسی بھی قسم کا کام لئے بغیر تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دلانا۔

دستوری دفعات:

Article 14 **حق مساوات:** قانون کی نظر میں مساوات' مذہب' نسل' ذات یا جنس یا مقام پیدائش کی بناپر امتیاز کی ممانعت۔مملکت کسی شخص کو بھارت کے علاقہ میں قانون کی نظر میں یا قوانین کے مساویانہ تحفظ سے محروم نہیں کرے گی۔

Article 15 (1)

1. مملکت محض مذہب' نسل' ذات' جنس یا مقام پیدائش یا ان میں سے کسی کی بنا پر شہری کے خلاف امتیاز نہیں کرے گی۔
2. کوئی شہری محض مذہب' نسل' ذات' جنس' مقام پیدائش یا ان میں سے کسی کی بناء پر۔

(الف) دکانوں عام ریستوران' ہوٹلوں یا عام تفریح گاہوں میں داخلے کے لئے۔

(ب) کلی یا جزوی طور سے مملکتی فنڈ سے قائم یا عوام کے استعمال کے لئے وقف کنووں' تالابوں' اشنان گھاٹوں' سڑکوں اور عام آمدورفت کے مقامات کے استعمال کے ناقابل نہ ہونا یا اس پر کوئی ذمہ داری یا پابندی یا پھر شرط نہ ہوگی۔

Article 16 **سرکاری ملازمت کے لیے مساوی مواقع:**

1. تمام شہریوں کے لئے مملکت کے تحت کسی عہدہ پر ملازمت یا تقرر سے متعلق مساوی مواقع حاصل رہیں گے۔
2. کوئی شہری محض مذہب' نسل' ذات' جنس' نسب' مقام پیدائش' بود و باش یا ان میں سے کسی کی بنا پر مملکت کے تحت کسی ملازمت یا عہدے کے لیے نہ تو ناقابل ہوگا اور نہ اس کے خلاف امتیازی برتاؤ کیا جائے گا۔

Article 17 **چھوت چھات کا خاتمہ:** چھوٹ چھات کا خاتمہ کیا جاتا ہے' اور کسی بھی شکل میں اس پر عمل کرنے کی ممانعت کی جاتی ہے' چھوت چھات کی بناء پر نا اہل قرار دینا بموجب قانون قابل سزا جرم ہوگا۔

Article 19 **آزادی تقریر وغیرہ سے متعلق بعض حقوق کا تحفظ:**

1. تمام شہریوں کو حق حاصل ہوگا۔

(الف) تقریر اور اظہار کی آزادی کا

(ب) امن پسندانہ طریقہ سے اور بغیر ہتھیاروں کے جمع ہونے کا۔

2. انجمنیں یا یونین قائم کرنے کا۔

3. بھارت کے سارے علاقہ میں آزادانہ نقل وحرکت کرنے کا۔

4. بھارت کے علاقہ کے کسی بھی حصہ میں بودوباش کرنے اور بس جانے کا۔

5. کسی پیشے کے اختیار کرنے یا کسی کام ڈھونڈنے، تجارت یا کاروبار چلانے کا۔

Article 23 انسانوں کی تجارت اور جبری خدمت کی ممانعت :

1. انسانوں کی تجارت اور دوسرے ایسے ہی اقسام کی جبری خدمت کی ممانعت کی جاتی ہے اور اس حکم کی کوئی خلاف ورزی جرم ہوگی جس کی قانون کے مطابق سزا دی جاسکتی ہے۔

2. اس دفعہ کا کوئی امر مملکت کی اغراض عامہ کے لئے جبری خدمت لینے میں مانع نہ ہوگا اور ایسی خدمت لینے میں مملکت محض مذہب، نسل، ذات یا طبقہ یا ان میں سے کسی کی بناء پر امتیاز نہ برتے گی۔

Article 24 بچوں کو کارخانوں وغیرہ میں مامور کرنے کی ممانعت:

چودہ سال سے کم عمر کا کوئی بچہ کسی کارخانہ یا کان میں کام کرنے کے لئے مامور نہیں کیا جائے گا اور نہ کسی دوسرے خطرناک کام پر لگایا جائے گا۔

Article 25 مذہبی آزادی کا حق :

آزادی ضمیر اور مذہب کو قبول کرنے اور پیروی اور تبلیغ کی آزادی۔

1. تمام اشخاص کو آزادی ضمیر اور آزادی سے مذہب قبول کرنے اس کی پیروی اور اس کی تبلیغ کرنے کا مساوی حق ہے بشرطیکہ امن عامہ، اخلاق عامہ، صحت عامہ متاثر نہ ہوں۔

Article 26 مذہبی امور کے انتظام کی آزادی :

اس شرط کے ساتھ کہ امن عامہ اخلاق عامہ اور صحت عامہ متاثر نہ ہوں ہر ایک مذہبی فرقے یا اس کے کسی طبقے کو حق ہوگا۔

1. مذہبی اور خیراتی اغراض کے لئے ادارے قائم کرنے اور چلانے کا۔

2. اپنے مذہبی امور کا انتظام خود کرنے کا۔

3. منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کے مالک ہونے اور اس کو حاصل کرنے کا۔

4. ایسی جائیداد کا قانون کے بموجب انتظام کرنے کا۔

Article 28 کسی ایسے تعلیمی ادارہ میں جو بالکل مملکتی فنڈ سے چلایا جاتا ہو کوئی مذہبی تعلیم نہیں دی جائے گی۔

Article 29 اقلیتوں کے مفادات کا تحفظ :

بھارت کے علاقہ میں یا اس کے کسی حصہ میں رہنے والے شہریوں کے کسی طبقہ کو جس کی اپنی الگ جداگانہ زبان رسم الخط یا ثقافت ہو اس کے تحفظ کا حق ہوگا۔

Article 30 اقلیتوں کو تعلیمی ادارے قائم کرنے اور انتظام کرنے کا حق :

تمام اقلیتوں کو خواہ مذہب کی بناء پر ہوں یا زبان کی، اپنی پسند کے ادارے قائم کرنے اور ان کا انتظام کرنے کا حق ہوگا۔

Article 41 **بعض صورتوں میں کام،تعلیم اور سرکاری امداد کا حق :**

مملکت اپنی معاشی گنجائش وترقی کی حدود میں کام پانے تعلیم حاصل کرنے نیز بے روزگاری، پیرانی سالی، بیماری، معذوری اور ناروا حاجت کی دوسری صورتوں میں سرکاری امداد پانے کا حق حاصل کرنے کی ضمانت دینے کے لئے موثر توضیح کرے گی۔

Article 45 **بچوں کے لئے مفت اور لازمی تعلیم :**

مملکت اس آئین کی تاریخ نفاذ سے دس سال کی مدت کے اندر سب بچوں کو چودہ سال کی عمر پوری کرنے تک مفت اور لازمی تعلیم دینے کی توضیح کرنے کی کوشش کرے گی۔

Article 46 **درج فہرست قبیلوں اور درج فہرست ذاتوں اور دوسرے کمزور طبقوں کے تعلیمی اور معاشی مفادات کا فروغ :**

مملکت خاص توجہہ کے ساتھ عوام کے زیادہ طبقوں اور خاص طور سے درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبیلوں کے تعلیمی اور معاشی مفادات کو فروغ دے گی اور ان کو سماجی ناانصافی اور ہر قسم کے استحصال سے بچائے گی۔

Article 51 (A) 6 تا 14 سال عمر کے تمام بچوں کو مدرسہ بھیجنے کی ذمہ داری والدین پر ہے۔

Article 343 **یونین کی سرکاری زبان :**

یونین کی سرکاری زبان دیوناگری رسم الخط میں ہندی ہوگی۔ یونین کی سرکاری اغراض کے لئے استعمال کئے جانے والے ہندسوں کی شکل بھارتی ہندسوں کی بین الاقوامی شکل ہوگی۔

Article 350 **شکایتوں کے ازالہ کی درخواستوں میں استعمال ہونے والی زبان :**

ہر شخص کو کسی شکایت کے ازالہ کے لئے یونین یا کسی ریاست کے کسی عہدہ دار یا حاکم کو ان زبانوں میں سے کسی زبان میں جو یونین یا اس ریاست میں جیسی کہ صورت ہو استعمال ہوں عرض داشت پیش کرنے کا حق ہوگا۔

Article 350 (A) **ابتدائی درجہ میں مادری زبان میں تعلیم دینے کی سہولتیں :**

ہر ریاست اور اس ریاست کے اندر ہر مقامی حاکم کی کوشش ہوگی کہ لسانی اقلیتی ذمروں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو تعلیم کے ابتدائی درجہ میں مادری زبان میں تعلیم دینے کی کافی سہولتیں مہیا کرے اور صدر کسی ریاست کو ایسی ہدایتیں اجرا کر سکے گا جو ایسی سہولتیں مہیا کرنے کے لئے وہ ضروری یا مناسب سمجھے۔

Fundamental Rights and Duties of Citizens, Right of Children to Free and Compulsory Education Act, 2009, Child Rights, Human Rights, PWD Act, 2016 and other Provisions pertaining to Education

6.9.1 قانون/حقوق

قانون حق اطفال برائے مفت ولازمی تعلیم ایکٹ - 2009

- ☆ اس میں 7 باب اور 38 سیکشن ہیں۔
- ☆ اس قانون کو قانون حق اطفال برائے مفت ولازمی تعلیم اگست 2009 کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

☆ 20/جولائی 2009 کو ہندوستانی پارلیمنٹ نے اس قانون کو نافذ کیا۔
☆ 26/اگست 2009 کو صدر جمہوریہ ہند نے منظوری دی ہے۔
☆ مرکزی حکومت کی جانب سے سرکاری جریدہ (گزٹ) میں شائع کردہ تاریخ یکم/اپریل 2010ء سے یہ قانون نافذ العمل ہے۔
☆ سوائے ریاست جموں وکشمیر کے اس قانون کو تمام ملک میں نافذ کیا گیا ہے۔

پس منظر:

☆ دستورِ ہند کے دفعہ 45 کے تحت سن 1960ء میں ہی چھ تا چودہ (6-14) سال کے تمام بچوں کو مفت ولازمی تعلیم فراہم کرنے کا حکم دیا گیا۔
☆ 2002 میں منعقدہ 86 ویں دستوری ترمیم میں دستورِ ہند کے دفعہ (A)21 کے تحت 6-14 سال کے تمام بچوں کو مفت ولازمی تعلیم حاصل کرنے کا حق دیا گیا۔
☆ دفعہ 51 کے ذیلی دفعہ (A2(K کے تحت ہر والد یا والدہ اپنے بچے یا زیرِ سرپرست لڑکے یا لڑکی کو 14 سال کی عمر تک تعلیم کے حصول کے مواقع فراہم کرنا چاہئے۔
☆ دفعہ 45 کے تحت دستور نے 6 سالہ عمر تک ہر بچے کی حفاظت کرنا اور ماقبل تحتانوی تعلیم مہیا کرنے کی سفارش کی ہے۔
☆ قانون حق تعلیم 2009 میں پیش کردہ نکات ہندوستانی دستور کے دفعات 29 اور 30 کے اُصول کے تحت ہیں۔

باب (1)

☆ قانون حق تعلیم 2009 کے تعارف کے ساتھ جملہ 7 باب اور ایک شیڈیول پر مشتمل ہے۔

قانون حق تعلیم 2009 کی تعریفیں:

☆ طفل یا بچوں سے مراد 6-14 سالہ عمر کے لڑکے اور لڑکیاں ہے۔
☆ پرائمری ایجوکیشن (تحتانوی تعلیم) سے مراد جماعت اول تا ہشتم (1-8) ہے۔
☆ متعلقہ حکومت سے مراد:

- مرکزی حکومت سے لے کر وہ مدارس جو اس کے انتظامیہ/سرپرست یا کنٹرول مدارس، ایسے مرکزی زیرانتظامی علاقے جہاں پر اسمبلی کے بغیر ہوں۔
- ایسے مرکزی زیرانتظامی علاقے جہاں پر اسمبلی موجود ہوتی ہے وہاں پر متعلقہ مرکزی زیرانتظامیا علاقہ/حکومت
- جس ریاست میں مدرسہ ہوتا ہے وہاں کی ریاستی حکومت
- مقامی حکومت سے مراد مجلس بلدیہ یا میونسپل کونسل یا ضلع پریشد شہری/گرام پنچایت (پنچایت چاہے کوئی بھی نام سے منسوب ہو)

☆ ناموافق حالات میں زندگی گذارنے والے طبقات میں پائے جانے والے بچوں سے مراد:

- درج فہرست (SC) - درج فہرست قبائل (ST) - سماجی و تعلیمی طور پر پچھڑے طبقات
- متعلقہ حکومت کی جانب سے صراحت کردہ مختلف مقامات کے بچے۔

☆ کمزور طبقات سے وابستہ بچوں سے مراد متعلقہ حکومت کے تعین کردہ اقل ترین آمدنی سے بھی کم سالانہ آمدنی والے والدین/سرپرستوں سے وابستہ بچے۔

☆ قومی کمیشن برائے تحفظِ حقوقِ اطفال سے مراد حقوق اطفال کے تحفظ کے لیے کمیشن کا قانون 2005 کے سیکشن 3 کے مطابق قائم کیا گیا۔

- قومی کمیشن برائے حقوق اطفال
- مرکزی سطح پر قومی کمیشن برائے تحفظ حقوق اطفال۔
- ریاستی سطح پر قومی کمیشن برائے تحفظ حقوق اطفال۔

☆ ''کیپٹیشن فیس'' سے مراد مدرسہ کی جانب سے اعلان کردہ رقم کے علاوہ دوسری شکل میں دیے جانے والے چندہ' عطیہ اور دیگر رقومات۔

☆ ''مدرسہ'' کا مطلب :۔

- متعلقہ یا مقامی حکومت کے زیر اہتمام قائم کردہ مدارس۔
- امدادی مدارس (Aided School)
- غیر امدادی مدارس (Unaided schools)۔
- مخصوص زمرہ سے متعلق مدرسہ (Kendriya Vidyalaya, Navodaya Sainik)۔

باب (2) حق برائے مفت ولازمی تعلیم (قانون حق تعلیم)

☆ چھ تا چودہ (14-6) سال کے عمر والے تمام بچوں کو قرب وجوار کے مدارس میں تحتانوی تعلیم (8-1) کے مکمل کرنے تک مفت ولازمی تعلیم کے حصول کا حق حاصل ہے۔

☆ کسی بھی قسم کی فیس' چارجس یا کوئی بھی رقم وصول کرنا ممنوع ہے۔

☆ بچوں کو ان کی عمر کی مناسبت سے موزوں جماعت میں داخلہ دیا جائے۔

☆ چودہ (14) سال کی عمر مکمل کر لینے کے بعد بھی اگر تعلیم کی تکمیل نہ ہوئی ہو تب بھی مفت تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے۔

☆ تبادلہ کے لیے صداقت نامہ متعلقہ مدرسہ کا صدر مدرس/ انچارج فوری جاری کرے (تاخیر یا رکاوٹ ہونے پر قانونی چارہ جوئی کا شکار ہو سکتے ہیں)۔

☆ Transfer Certificate (ٹی۔سی) نہ ہونے پر بھی تعلیمی سال کے کسی بھی وقت طالب علم کو داخلہ دینے سے محروم نہ کیا جائے (یعنی کسی بھی وقت طالب علم کو داخلہ دینے سے انکار نہیں کر سکتے)۔

باب (3) متعلقہ حکومت' مقامی حکومت اور والدین کے فرائض

☆ اطراف واکناف کے حدود میں اگر مدرسہ نہ ہو تو یہ قانون لاگو ہونے کے 3 سال کے اندر متعلقہ حکومت/ مقامی حکومت مدرسہ کو قائم کرتے ہیں۔

☆ اس قانون کے امور کو روبہ عمل میں لانے کے لیے مرکزی اور ریاستی حکومت کی ذمہ داری بالترتیب 65:35 ہوتی ہے۔

☆ اس قانون کے امور کو روبہ عمل لانے کے لیے ضروری خرچ (وقت واحد میں) کا ہر سال مرکزی حکومت ہی تخمینہ کرتی ہے۔اور طئے شدہ مالیہ ریاستی حکومتوں کو مرکزی حکومت "Grant in Aid" کے طور پر دیتی ہے۔

☆ سیکشن 29 میں بتائے گئے اکیڈیمک اتھاریٹی کی مدد سے قومی نصاب کا درمیانی خاکہ تیار کرنا' اساتذہ کے لیے معیاری تربیت تشکیل دے کر اس پر عمل آوری کرنا وغیرہ کی ذمہ داری مرکزی حکومت ہی کی ہوتی ہے۔ جیسے:

- قومی نصاب کا درسیاتی خاکہ ترتیب دینا۔
- اساتذہ کی تربیت کے لیے درکار معیارات تشکیل دینا۔
- نئے انکشافات' تحقیقات' منصوبہ کی تیاری۔

ریاستی حکومت کی ذمہ داریاں

☆ 6 تا14 سال کی عمر والے تمام بچوں کو مفت ولازمی تحتانوی تعلیم مہیا کرانا۔

☆ مدرسہ کی عمارت، تدریسی عملہ، تدریسی اشیاء کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولتیں مہیا کرانا۔

☆ تحتانوی تعلیم (8-1) کے لیے نصاب، مختلف کورسس کو بروقت متعارف کروانا۔

☆ اساتذہ کو تربیتی سہولتیں مہیا کرانا۔

☆ اطراف واکناف کے علاقے میں مدرسہ دسترس میں ہو، اس بات کو یقینی بنانا۔

☆ کمزور طبقات کے بچوں کے لیے کسی قسم کی رکاوٹ حائل نہ ہو اور وہ کسی قسم کے امتیاز کا شکار نہ ہوں، اس بات کو یقینی بنانا۔

☆ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر بچہ اپنی تحتانوی تعلیم کو مکمل کر سکے۔

☆ معیاری تحتانوی تعلیم کو دسترس میں رکھنا۔

مقامی حکومت کی ذمہ داریاں:

☆ 6 تا14 سال عمر رکھنے والے تمام بچوں کے ریکارڈ کا نظم کرنا۔

☆ تعلیمی کیلنڈر کا تعین کرنا۔

☆ مدارس کی کارکردگی کی نگرانی کرنا۔

☆ تین (3) سال عمر پوری کرنے والے بچے اور 6 سال عمر آنے تک ان بچوں کو مفت ماقبل تحتانوی تعلیم مہیا کرنے کی ذمہ داری مقامی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔

☆ اطراف واکناف کے علاقے میں ہی مدارس قائم کرنا۔

☆ تمام لڑکے اور لڑکیاں مدرسہ میں داخلہ لے کر مدرسہ کو روزآنہ حاضر ہوتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانا کہ وہ اپنی تعلیم مکمل کر سکیں۔

☆ مدرسہ کی عمارت، تدریسی عملہ، تدریسی اشیاء کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولتیں مہیا کرنا۔

☆ تحتانوی تعلیم کے نصاب اور مختلف کورسس کو بروقت متعارف کروانا۔

☆ ایسے خاندان کے بچوں کو جو نقلِ مقام کرتے ہیں اُن کے داخلوں کو یقینی بنانا۔

والدین کی ذمہ داریاں:

☆ 6 تا14 سال عمر رکھنے والے بچوں کو اپنے اطراف واکناف کے علاقے کے تحتانوی مدارس میں داخلہ دلوانے کی ذمہ داری اولیائے طلباء (والدین) کی ہوتی ہے۔

باب (4) مدارس اور اساتذہ کی ذمہ داریاں

☆ درج فہرست (SC)، درج فہرست قبائل (ST) اور BC گروہ سے تعلق رکھنے والے بچوں کو جماعت اول کے طالب علموں کی تعداد میں 25% داخلہ دے کر مفت ولازمی تعلیم فراہم کی جائے۔

☆ ''کیپٹیشن فیس'' وصول کرنے پر اس کے اس گنا جرمانہ کی سزا عائد کی جاسکتی ہے۔

☆ Admission Test (داخلہ ٹسٹ) ممنوع قرار دیا گیا ہے (پہلی مرتبہ غلطی سرزد ہونے پر 25,000 روپے اس کے بعد ہر مرتبہ غلطی کرنے پر 50,000 روپے جرمانہ ہوگا)

☆ پیدائشی صداقت نامہ نہ ہونے پر داخلہ سے انکار نہ کیا جائے۔ مدرسہ میں داخلہ پانے والے بچوں کو تحتانوی تعلیم کی تکمیل تک کسی ایک جماعت میں مسلسل برقرار نہ رکھیں اور نہ ہی مدرسہ سے نکال دیں۔

☆ مسلمہ حیثیت حاصل کیے بغیر اگر کوئی مدرسہ قائم کرتا ہے یا چلاتا ہے یا مسلمہ حیثیت ختم ہونے کے بعد بھی اگر وہ مدرسہ چلاتا ہے تب اس کو ایک لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا جائے گا اور خلاف ورزی مزید جاری رہتی ہے تو روزانہ 10,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

☆ قانون کے نافذ ہونے کی تاریخ سے تین (3) سال کے اندر ذاتی خرچ سے تمام شرائط کی تکمیل کرتے ہوئے ہر مدرسہ مسلمہ حیثیت حاصل کرے۔

☆ اسکول انتظامیہ کمیٹی قائم کرنا چاہئے اس تنظیم کے نمائندوں میں 50% خواتین رہنا چاہئے اس تنظیم کے اراکین عوامی نمائندے، طلبہ کے والدین، اساتذہ ہونا چاہئے۔

☆ مرکزی حکومت کے اعلان کے ذریعہ اختیارات دیئے گئے، اکیڈیمک ادارے کے متعین کردہ اقل ترین قابلیت کو ملحوظ رکھتے ہوئے اساتذہ کے تقررات عمل میں لائیں۔

☆ اساتذہ کی مخلوعہ جائیداد 10% سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

☆ کسی بھی معلم کو غیر تدریسی سرگرمیوں میں شامل نہیں کرنا چاہئے۔ (سوائے مردم شماری، انتخابات کے فرائض، آفات سماوی کے وقت راحت کاری کی خدمات کے لیے)۔

☆ کوئی بھی معلم اپنے آپ کو خانگی ٹیوشن اور خانگی تدریسی سرگرمیوں میں مصروف نہ رکھے۔

باب (5) نصاب اور تحتانوی سطح تک تعلیم کی تکمیل

☆ متعلقہ حکومت کے اعلان کے ذریعہ اختیار دیئے گئے اکیڈیمک ادارے تحتانوی سطح تک تعلیم کا نصاب اور اس کی جانچ کے طریقہ کو طئے کرتے ہیں۔

☆ نصاب ذیل میں بتائے گئے نکات کے عین مطابق ہونا چائے۔

1. دستور میں بتائے گئے اقدار کے مطابق۔
2. طلبہ کی ہمہ جہتی ترقی ہونی چاہئے (Cognitive, Affective & Psychomotor domain)۔
3. طلبہ میں علم، استعداد اور قابلیتوں کو فروغ دینا چاہئے۔
4. طفل مرکوز طریقہ تعلیم۔
5. طرز تعلیم عملی اور مادری زبان میں ہونا چاہئے۔
6. ڈر، خوف وخطر اور تکلیف سے آزادی دے کر طلبہ کے نظریات کا آزادانہ اظہار ہونا چاہئے۔
7. مسلسل جانچ جانچ (CCE) ہونی چاہئے۔

☆ تحتانوی سطح کی تکمیل تک کسی بھی قسم کے بورڈ امتحانات نہیں ہوں گے۔

☆ طلبہ کے تحتانوی تعلیم کے مکمل ہونے کے بعد معنون کیے گئے اُصول اور طریقہ کار کے مطابق صداقت نامہ جاری کریں۔

باب (6) حقوق اطفال کا تحفظ

☆ قومی کمیشن برائے تحفظ حقوق اطفال 2005 کے سیکشن 3 کے مطابق مرکزی سطح پر مشاورتی کونسل کا قیام عمل میں لایا جائے جس میں اراکین کی تعداد 15 سے زائد نہ ہو۔اس کمیشن کو قائم کرنے کی ذمہ داری مرکزی حکومت پر ہوتی ہے۔

☆ ریاستی سطح پر مشاورتی کونسل کا قیام عمل میں لایا جائے جس میں اراکین کی تعداد 15 سے زائد نہ ہواوراس کمیشن یا کونسل کو قائم کرنے کی ذمہ داری ریاستی حکومت پر ہوتی ہے۔

باب (7) مختلف نکات

☆ اس ایکٹ کے تحت مرکزی حکومت کی جانب سے پیش کردہ قوانین کو سیکشن 20 '23 کے مطابق جاری کردہ اعلانات کے فوراً بعد پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اجلاس کے دوران پیش کرتے ہوئے 30 دن تک رکھا جائے ۔ دونوں ایوانوں کی منظوری کے بعد ہی موقع و حالات کے اعتبار سے عمل آوری کی جاتی ہے۔

☆ اس ایکٹ کے تحت ریاستی حکومت کی جانب سے بنایا گیا ہر ایک قانون یا اعلان مجلس قانون سازی کی منظوری کے ساتھ عمل میں لایا جائے

☆ مقامی حکومتیں بھی اس ایکٹ کی عمل آوری کے لیے سرگرمیاں ترتیب دے سکتے ہیں۔

☆ اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرائم سے متعلق مقدمہ دائر کرنے کے لیے قبل از وقت منظوری حاصل کرنا چاہئے۔

قانون حق تعلیم - 2009

☆ مدرسہ کے قوانین و معیارات

جماعت اول تا پنجم اساتذہ کی تعداد:

بچوں/طلباء کی تعداد	اساتذہ کی تعداد
60 بچوں تک	2
61 تا 90	3
91 تا 120	4
121 تا 200	5

☆ طلباء کی تعداد اگر 150 سے زائد ہو تب 1+5 (پانچ اساتذہ + ایک صدر مدرس)

☆ طلباء کی تعداد اگر 200 سے زائد ہو تب اساتذہ اور طلباء کی تعداد بالترتیب 1:40 نسبت میں ہو (صدر مدرس کے علاوہ)۔

جماعت ششم تا ہشتم اساتذہ کی تعداد:

☆ ہر 35 طلبہ کے لیے کم از کم ایک معلم۔

☆ جنرل سائنس، ریاضی، سماجی علم، زبانوں (Languages) کے لیے اساتذہ۔

☆ طلبہ کی تعداد اگر 100 سے زائد ہو تو مستقل صدر مدرس + پارٹ ٹائم اساتذہ (مصوری، کام کی تعلیم/ پیشہ وارانہ تعلیم/تعلیم صحت اور ورزش)

☆ بنیادی سہولیات: ہر معلم کے لیے کم از کم ایک کمرہ + آفس + گودام + صدر مدرس کا کمرہ

☆ Ramp (ریمپ) کی سہولت ☆ لڑکیوں اور لڑکوں کے لیے علاحدہ بیت الخلاء

☆ محفوظ پینے کے پانی کی سہولت ☆ اساتذہ کے لیے ایک ہفتہ میں کام کے گھنٹے۔تدریس کے لیے (45) گھنٹے

☆ کھیل کا میدان ☆ T.L.M. کی تیاری کے لیے زائد گھنٹے

تعلیمی سال میں اقل ترین ایام کار/ تدریسی گھنٹے:

☆ اول تا پنجم جماعت کے لیے 200 ایام کار/ 800 تدریسی گھنٹے

☆ ششم تا ہشتم جماعت کے لیے 220 ایام کار/ 1000 تدیسی گھنٹے

سیکشن	اہمیت
.1	اس کو قانون حق اطفال برائے مفت ولازمی تعلیم اگست 2009 کے نام سے پکارا جاتا ہے۔
.2	اس قانون کے مختلف تصورات کی تعریفیں پیش کی گئی ہیں۔
.3	6 تا 14 سال عمر والے تمام بچوں کو مفت ولازمی تعلیم کے حصول کا حق حاصل ہے۔
.4	بچوں کو اُن کی عمر کی مناسبت سے موزوں جماعت میں داخلہ دیا جائے۔
.5	طلباء دیگر مدرسہ میں تبادلہ کے خواہش کرنے کا حق رکھتے ہیں۔
.6	یہ قانون لاگو ہونے کے 3 سال کے اندر مدرسہ کو قائم کریں۔
.7	اس قانون کی عمل آوری کے لیے امداد (grants) فراہم کرنے کی ذمہ داری مرکزی وریاستی حکومت کی ہوتی ہے۔
.8	ریاستی حکومت کی ذمہ داریاں۔
.9	مقامی حکومت کی ذمہ داریاں۔
.10	6 تا 14 سال عمر کے بچوں کو مدارس میں داخلہ دلانے کی ذمہ داری والدین کی ہوتی ہے۔
.11	ماقبل اسکولی تعلیم مہیا کرنے کی ذمہ داری مقامی حکومت کی ہوتی ہے۔
.12	مفت ولازمی تعلیم کے تئیں مدارس کی ذمہ داریاں۔
.13	کسی بھی قسم کے فیس وصول نہ کی جائے۔کسی بھی قسم کا انتخابی طریقہ اختیار نہ کیا جائے۔
.14	پیدائشی صداقت نامہ نہ ہونے پر داخلہ سے انکار نہ کیا جائے۔
.15	تعلیمی سال کے کسی بھی مدت میں داخلہ کرا سکتے ہیں۔
.16	کسی ایک جماعت میں مسلسل برقرار نہ رکھیں اور مدرسہ سے نکال نہ دیں۔
.17	بچوں کو جسمانی سزا/ ذہنی ہراسانی کا شکار نہ بنائیں۔
.18	مسلمہ حیثیت حاصل کئے بغیر مدارس قائم نہ کریں۔
.19	مدرسوں سے متعلق اُصول وشرائط۔
.20	شیڈیول کو تبدیل کرنے کی ذمہ داری متعلقہ حکومت کو حاصل ہے۔

21.	اسکول انتظامیہ تنظیم (مدرسہ کا انتظامیہ تنظیم)۔
22.	مدرسہ کی ترقی کا منصوبہ۔
23.	معلم/اساتذہ کے تقرر کے لیے اقل ترین قابلیت۔
24.	معلم کے فرائض وذمہ داریاں۔مسائل کا حل۔
25.	طلبہ اور ٹیچر کی نسبت۔
26.	ٹیچروں کی مخلوعہ جائیداد پُر کرنا۔
27.	کسی بھی معلم کو غیر تدریسی سرگرمیوں میں شامل نہ کیا جائے۔
28.	معلم (اساتذہ) خانگی ٹیوشن دینے سے گریز کریں۔
29.	نصاب اور جانچ کے طریقے۔
30.	تحتانوی تعلیم (8-1) کے مکمل ہونے کے فوری بعد صداقت نامہ جاری کریں۔
31.	تعلیم کے تیئں حقوق اطفال کا تحفظ۔
32.	شکایتوں پر فیصلہ لینا۔
33.	قومی مشاورتی کونسل۔
34.	ریاستی مشاورتی کونسل۔
35.	احکامات جاری کرنے کے عہدیدار۔
36.	قابل سزا جرائم سے متعلق مقدمہ دائر کرنے کے لیے عہدیدار سے قبل از وقت منظوری۔
37.	نیک نیتی سے کئے جانے والے اقدامات کا تحفظ۔
38.	اس ایکٹ سے تعلق رکھنے والے اُمور کی عمل آوری کے لیے اصول وقوانین مرتب کرنے کی ذمہ داری متعلقہ حکومت کی ہوتی ہے۔

6.9.2 قانون حق اطفال برائے مفت ولازمی تعلیم ایکٹ۔آندھراپردیش کے اصول وضوابط - 2010

(Andhra Pradesh Right of Children to Free and Compulsory Education Rules - 2010)

